www.dailybolan.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جلد 37 | پیر 7 ستمبر 2026، بمطابق 24 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 247

یومِ دفاع ملکی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کو یہاں نیکٹا کے نیشنل کوآرڈینیٹر میجر جنرل فیصل نصیر نے ملاقات کی

بلوچستان میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف اقدامات، انٹیلی جنس کوآرڈینیشن اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مربوط حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کو یہاں نیکٹا کے نیشنل کوآرڈینیٹر میجر جنرل فیصل نصیر نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف اقدامات، انٹیلی جنس کوآرڈینیشن اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مربوط حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں نیکٹا اور بلوچستان حکومت کے درمیان تعاون، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعدادِ کار میں اضافے اور دہشت گردی کے تدارک کے لیے باہمی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور مصر کا امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد کیلئے دوبارہ کوششیں تیز کرنے پر زور

وزرائے خارجہ نے علاقائی سلامتی کے معاملات پر رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا، ترجمان وزارت خارجہ

وزیراعظم اسحاق ڈار کی سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے بھی ٹیلیفونک گفتگو، علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور مصر نے امریکا ایران مفاہمتی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

یوم دفاع پر جی ایچ کیو میں تقریب، ایڈ جوٹنٹ جنرل کی یادگار شہدا پر حاضری

راولپنڈی (این این آئی) جنرل ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) راولپنڈی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی، رانا ثنا اللہ

اوپن ڈسکشن کے بعد اتفاق رائے پیدا کیا جائے گا اور پھر آئین وقانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا

جب تک متعلقہ آئینی فورم پر معاملہ نہیں آتا یہ تمام باتیں محض بحث برائے بحث ہی رہیں گی، وفاقی مشیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی مشیر رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیکٹا کے نیشنل کوآرڈینیٹر میجر جنرل فیصل نصیر کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

مسلح افواج نے 6 ستمبر 1965 کو غیر معمولی جرأت، بہادری اور جذبہ ایثار کیساتھ مادرِ وطن کا دفاع کیا، اسحاق ڈار

معرکہ حق میں افواج نے دشمن کو ایسا دن دکھایا جو نسلیں یاد رکھیں گی، وزیراعظم

ستمبر 1965 میں پاکستان کی فضائی حدود کے دفاع کے لیے پاک فضائیہ کے شاہینوں کے جوش وولولہ اور عزم نے انہیں فضاں کی وسعتوں میں کامیابی وکامرانی سے ہمکنار کیا، عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں

پاک فضائیہ نے بلاشبہ گزشتہ کئی دہائیوں سے فضائی معرکوں میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، مہارت اور برتری کا لوہا منوایا ہے۔ یہ ممتاز ادارہ قربانی، شجاعت اور پیشہ ورانہ مہارت کی قابلِ فخر تاریخ رکھتا ہے

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ستمبر 1965 میں پاکستان کی فضائی حدود کے دفاع کے لیے پاک فضائیہ کے شاہینوں کے جوش وولولہ اور عزم نے انہیں فضاں کی وسعتوں میں کامیابی وکامرانی سے ہمکنار کیا، عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے یوم فضائیہ پر جاری پیغام کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ یومِ فضائیہ کے یادگار موقع پر میں پاک فضائیہ کے تمام افسران اور جوانوں کو انکی پیشہ ورا (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

ملکی خودمختاری وقومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، صدر مملکت

صدر زرداری کا پاکستان کے یومِ فضائیہ کے تاریخی موقع پر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراجِ عقیدت

پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر چیلنج کا سامنا کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے، پاکستان کی خودمختاری اور فضائی حدود کے دفاع کے لیے ہر لمحہ مستعد وسربکف ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کے یوم فضائیہ کے تاریخی موقع پر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر چیلنج کا سامنا کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے، پاکستان کی خودمختاری اور فضائی حدود کے دفاع کے لیے ہر لمحہ مستعد وسربکف ہے۔ یوم فضائیہ پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے یوم فضائیہ کے تاریخی موقع پر میں (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ کے پی کو شہیدوں کے شہر لاڑکانہ آمد پر خوش آمدید، بلاول بھٹو زرداری

ہمیں آخر کار برداشت، احترام اور مل جل کر رہنے کی سیاست کی طرف واپس آنا ہوگا، بیان

پارلیمنٹ خودمختار ہو، صحافت آزاد ہو، عوامی مینڈیٹ کے برعکس چور دروازوں کا استعمال بند کرنا ہوگا، سہیل آفریدی

اسلام آباد/پشاور (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کے دورے پر وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں شہیدوں کے شہر لاڑکانہ آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو نے کہا کہ ہمیں آخر کار برداشت (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

6 ستمبر ملکی دفاعی تاریخ کا اہم دن ہے جو قوم کے تحفظ کیلئے دی گئی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، محسن نقوی

تاریخ گواہ ہے 1965 کی جنگ میں پاکستانی قوم نے مثالی اتحاد، عزم اور ثابت قدمی کا ثبوت دیا، وزیر داخلہ

شہدا کے خاندانوں سے پوری قوم بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور قوم اپنے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر غیر معمولی شجاعت اور بے مثال بہادری کا تاریخ ساز دن، ایک ناقابل فراموش اور قابل فخر درخشاں باب ہے۔ یوم دفاع وشہدا کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ میں شہدا کی عظیم قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو دشمن نے بلا اشتعال جارحیت کی اور عددی برتری کے باوجود پاکستانی (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لسبیلہ کی اپنی ایک منفرد اور سیاسی وانتظامی تاریخ ہے، جام کمال

لسبیلہ نے قلات کے ایک عام ضلع کے بجائے ایک علیحدہ نوابی ریاست کے طور پر ترقی کی اور اپنا انتظامی تشخص برقرار رکھا

لسبیلہ کی اپنی ایک منفرد اور اہم سیاسی وانتظامی تاریخ ہے، لسبیلہ اٹھارہویں صدی میں ایک علیحدہ حکمران ریاست کے طور پر سامنے آیا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ لسبیلہ کی تاریخی حیثیت سے متعلق کسی بھی بحث کی بنیاد موجودہ انتظامی حدود کے بجائے مستند تاریخ، سرکاری ریکارڈ اور حقائق پر ہونی چاہیے۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم "ایکس" پر جاری اپنے تفصیلی بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ لسبیلہ کی اپنی ایک منفرد اور اہم سیاسی وانتظامی تاریخ ہے۔ لسبیلہ اٹھارہویں صدی میں ایک علیحدہ حکمران ریاست کے طور پر سامنے آیا اور قیامِ پاکستان کے بعد انتظامی ڈھانچے میں انضمام تک جام خاندان کی حکمرانی میں رہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ موجودہ صوبہ بلوچستان اپنی آج کی آئینی شکل میں پوری تاریخ (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گلگت بلتستان: سیلاب، شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند

زرعی اراضی، فصلوں اور مکانات کو نقصان پہنچا، بجلی کی فراہمی بھی متاثر، فصلیں، پھل دار درخت اور زرعی اراضی بھی تباہ

ہنزہ میں مرتضیٰ آباد اور حسن آباد گاؤں کے درمیان شاہراہ قراقرم کا لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بند ہونے والا حصہ کھول دیا گیا

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں بادل پھٹنے کے نتیجے میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی جس کے باعث شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند ہوگئیں، زرعی اراضی، فصلوں اور مکانات کو نقصان پہنچا۔ بجلی کی فراہمی بھی متاثر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق شدید بارش کے بعد آنے (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

نئے صوبوں کے قیام پر کام کے لیے کمیشن یا کمیٹی بنائی جائے: رانا تنویر حسین

1985 میں بھی انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے قیام کی بات کی

ایکسپورٹ فنڈ سے چاول کے برآمد کنندگان کو ایک ارب ڈالر کی سبسڈی دی گئی ہے

جنگ کے دنوں میں پٹرولیم مصنوعات پر 125 ارب روپے کی سبسڈی دی گئی

1965 میں افواج پاکستان نے بھارتی فوج کو شکست سے دوچار کیا

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام پر کام کے لیے کمیشن یا کمیٹی بنائی جائے۔ اپنے آبائی حلقے مریدکے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ 6 ستمبر ملکی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل دن ہے، (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

مضبوط دفاع کی بنیاد مضبوط معیشت اور قومی یکجہتی ہے، احسن اقبال

برآمدات میں اضافہ قومی سلامتی کا مشن ہے، پاکستان کو قرضوں پر انحصار سے نکال کر پیداوار، جدت اور برآمدات پر مبنی معیشت بنانا ہوگا

شہداء نے سرحدوں پر پاکستان کی خودمختاری کا دفاع کیا، ہمیں معیشت، علم اور ٹیکنالوجی کے محاذوں پر اسے مضبوط بنانا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی میں دفاع وطن کا تصور محض سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہیں رہا۔ مضبوط معیشت، جدید ٹیکنالوجی، باصلاحیت انسانی سرمایہ، توانائی وآبی تحفظ، مؤثر ادارے اور (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کا مختلف علاقوں کا دورہ، لوگوں سے ملاقاتیں، مسائل سنے

وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو شہریوں اور تاجروں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اور ہدایات جاری کیں

چنیوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب ضلع چنیوٹ کے مختلف شہری و دیہی علاقوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ وفاقی وزیر نے چنیوٹ شہر کے مختلف بازاروں، جن میں مسلم بازار اور پیر بھٹہ بازار شامل ہیں، کا دورہ (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

ستمبر کیلئے تیسری مرتبہ ایل این جی کارگو کا ٹینڈر جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ستمبر میں ایل این جی کے لیے تیسری مرتبہ ٹینڈر جاری کر دیا۔ ایل این جی لمیٹڈ کی جانب سے ٹینڈر 12 سے 16 ستمبر تک کی ڈیلیوری پیریڈ کے لیے جاری کیا گیا ہے، جس کیلئے پاکستان ایل (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

کوئی بھی ملک سے محبت کرنے والا اس سسٹم سے خوش نہیں، عبدالعلیم خان

کب تک نعروں سے ٹرخانے کا سلسلہ جاری رہے گا؟، وفاقی وزیر وصدر آئی پی پی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر وصدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے موجودہ حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی بھی ملک سے محبت کرنے والا اس نظام سے خوش نہیں، عوام کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں کی جا رہی ہیں، لوگ آج بھی صاف پانی سمیت بنیادی ضروریات سے محروم ہیں، لاکھوں بچے تعلیم سے دور ہیں جبکہ سکولوں کی حالت زار سب کے سامنے ہے، ملک بھر میں سپتا (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

ری سائیکل سم سے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کو خطرہ، پی ٹی اے نے خبردار کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے صارفین کو اپنی سم اور اس سے منسلک ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے تحفظ کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کردی۔ پی ٹی اے کے مطابق غیر استعمال شدہ یا ری (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

یوم دفاع، شہیدوں اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع وشہدا کے موقع پر 6 ستمبر اتوار کو دن کا آغاز شہیدوں اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور تمام خطرات کیخلاف وطن عزیز کے دفاع کے عزم کے اعادہ کے ساتھ ہوا۔ دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں اکتیس جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں اکیس اکیس توپوں کی سلامی سے ہوا، نماز فجر کے بعد مساجد میں ملکی ترقی وخوشحالی اور بھارت کے غیر قانونی زیر (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

پاکستان بزنس فورم نے نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کی حمایت کر دی

نئے صوبوں کے قیام سے ملک کے گورننس ماڈل میں بہتری آئے گی

تاہم اس حوالے سے فیصلہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور اتفاق رائے سے ہونا چاہیے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بزنس فورم نے ملک میں معاشی تر (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

حکومت نے سیاحت کو کلیدی معاشی شعبے کے طور پر ترقی دینے کیلئے منصوبوں کا آغاز کر دیا

28 ارب کے ترقیاتی پروگرام سے 154 ارب روپے کی معاشی سرگرمیاں پیدا ہونے کا تخمینہ

سالانہ 2 لاکھ اضافی سیاحوں کی آمد، تقریباً 1 لاکھ 87 ہزار براہ راست روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی توقع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سیاحت کو محض تفریحی سرگر (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے کا فیصلہ

وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کا نیا نقشہ وزیراعظم کے سامنے رکھ دیا گیا، مجوزہ ڈرافٹ میں 27 رکنی اسمبلی قائم کرنے کی سفارش

اسلام آباد کی اپنی اسمبلی، چیف ایگزیکٹو اور 27 انتظامی محکمے ہوں گے، 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث جاری ہے، حکومت نے سب سے پہلے اسلام آباد کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے کی تیاریاں (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

حکومت کا درآمد شدہ چینی برآمد کرنے کا فیصلہ

ٹی سی پی نے چینی کی برآمد کا ای ٹینڈر جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) حکومت نے درآمد شدہ چینی برآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا، ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے ایک لاکھ 7 ہزار 739 میٹرک ٹن سفید ریفائنڈ چینی کی برآمد (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

جنوبی وزیرستان، ڈرون حملے میں سرائے نورنگ کا سیکیورٹی اہلکار شہید

ڈیرہ اسماعیل خان کی نواحی تحصیل درابن میں پولیس پر 37 گھنٹوں میں ہونے والے تین بڑے حملے ناکام بنادیے گئے

جنوبی وزیرستان (این این آئی) جنوبی وزیرستان وانا میں ڈرون حملے میں سرائے نورنگ سے تعلق رکھنے والا سیکیورٹی اہلکار رضوان اللہ ولد قسم خان شہید ہوگیا۔ تفصیلات کے (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

وطن کے دفاع کیلئے قوم کا بچہ بچہ افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، میر علی حسن زہری

1965ء میں پاک افواج اور پوری پاکستانی قوم نے اتحاد، جذب حب الوطنی اور بے مثال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا

پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور خطے میں امن، استحکام اور باہمی احترام کا خواہاں ہے، تاہم ملکی سلامتی، خودمختاری اور جغرافیائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا

کراچی (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر اور صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے یوم دفاع وشہداء کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور ناقابل فراموش دن ہے، جو ہمیں وطن عزیز کے دفاع، آزادی اور خودمختاری کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے میر علی حسن زہری نے کہا کہ 1965ء میں پاک افواج اور پوری پاکستانی قوم نے اتحاد، جذب حب الوطنی اور بے مثال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ ہمارے شہداء کی (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ڈنمارک کے سفیر ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان کی بقا، سلامتی اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز

6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن باب ہے جو ہمیں وطن کے دفاع کے لیے دی جانے والی لازوال قربانیوں، بے مثال جرات اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے

شہداء صرف تاریخ کا حصہ نہیں بلکہ ہماری قومی شناخت اور آنے والی نسلوں کے لیے حوصلے کی علامت ہیں

اسلام آباد (نمائندہ بولان) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے یوم دفاع وشہداء کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن باب ہے جو ہمیں وطن کے دفاع کے لیے دی جانے والی لازوال قربانیوں، بے مثال جرات اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء میں پاکستان کی مسلح افواج نے محدود وسائل کے باوجود غیر معمولی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کا دفاع کیا، جبکہ پوری قوم نے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اتحاد اور یکجہتی کی مثال قائم کی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ شہداء صرف تاریخ کا حصہ نہیں بلکہ ہماری قومی شناخت اور آنے والی نسلوں (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

چھ ستمبر 1965 کی شام پاک فضائیہ بھارتی ایئر بیس پٹھان کوٹ پر قہر بن کر ٹوٹ پڑی

پاک فضائیہ نے بغیر کسی نقصان کے پٹھان کوٹ ایئر بیس کو پوری جنگ کے لیے ناکارہ بنا دیا

اسلام آباد (این این آئی) 6 ستمبر 1965 کی شام پاک فضائیہ کے شیر دل اسکواڈرن نے بھارتی ایئر بیس پٹھان کوٹ پر تاریخ ساز حملہ کرکے دشمن کی فضائی طاقت کو شدید نقصان پہنچایا۔ پاک فضائیہ کے اسکواڈرن نمبر 19 نے صرف 23 منٹ کے برق رفتار حملے میں بھارتی فضائیہ کے اسکواڈرن نمبر 23 کو خاکستر کر ڈالا۔ پاک فضائیہ کے سابق ونگ کمانڈر غلام تواب کے مطابق پشاور ایئر بیس (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

جسٹس (ر) روح الامین نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن کے چیئرمین مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے جسٹس (ریٹائرڈ) روح الامین خان کو نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن (این آئی آر سی) کا چیئرمین مقرر کردیا۔ وفاقی وزارت (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

نئے صوبوں کا معاملہ، عوام کو فیصلہ کرنے دیں وہ کیا چاہتے ہیں، محسن نقوی

امید ہے نئے صوبوں کے معاملے کو مثبت انداز میں لیا جائے گا، وزیر داخلہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ امید ہے کہ نئے صوبوں کے معاملے کو مثبت انداز میں لیا جائے گا، عوام کو فیصلہ کرنے دیں وہ کیا چاہتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ صوبوں پر تفصیلی بحث ہو رہی ہے، سوچنا ہوگا نئے صوبوں کے حوالے سے کیا ہوسکتا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ دنیا بھر میں یورپ، برطانیہ ہر جگہ اس طرح کا نظام موجود ہے، چاہتے (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

پاکستانی سفارتخانہ کابل میں یوم دفاع وشہدا انتہائی عقیدت کے ساتھ منایا گیا

کابل (این این آئی) پاکستان کا یوم دفاع وشہدا آج کابل میں پاکستانی سفارتخانے میں انتہائی وقار اور قومی فخر کے ساتھ منایا گیا۔ تقریب کی صدارت، افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمان نظامانی نے کی، تقریب میں سفا (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی بھارت میں صدیوں پرانی مسجد کے انہدام کی شدید مذمت

تاریخی عبادت گاہ کا انہدام اسلامی ورثہ مٹانے کی ہندوتوا مہم کا ایک اور ثبوت ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت کی ریاست اتر پردیش میں صدیوں پرانی مسجد کو شہید کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارتی اقدام ہندوتوا مہم کا ایک اور ثبوت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے کہا کہ اتر پردیش کے علاقے سہارنپور میں صدیوں پرانی مسجد کا انہدام قابل مذمت ہے۔ سجاد حیدر نے کہا کہ تاریخی عبادت گاہ کا انہدام ا (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کھلی کچہری کے دوران لوگوں کی درخواستیں لے رہے ہیں

نادرا کے تمام مراکز پر (آج) سے ای پاسپورٹ کی سہولت دستیاب ہوگی

لاہور (این این آئی) ای پاسپورٹ حصول کے خواہشمند شہریوں کیلئے اچھی خبر آ گئی۔ ترجمان کے مطابق آج بروز پیر 7 ستمبر سے نادرا کے تمام سینٹرز پر ای پاسپورٹ بنوانے کی سہولت دستیاب ہوگی۔ کراچی سمیت پاکستان بھر کے نادرا سینٹرز سے شہری ای پاسپورٹ کی تجدید اور پرنٹ کرا سکیں گے۔

پاکستان کا فلسطینیوں کی حالت زار پر تشویش، جنگ بندی کا مطالبہ

پاکستان سمیت 8 ممالک کی اسرائیلی وزرا کے غزہ سے فلسطینیوں کی بیدخلی کے بیانات کی مذمت

غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا اٹوٹ حصہ ہے، فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کی کوششیں خطے کے استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، مشترکہ اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 8 ممالک نے اسرائیلی وزرا کی جانب سے غزہ سے فلسطینیوں کی بیدخلی سے متعلق بیانات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ، مغربی کنارے سمیت مقبوضہ بیت المقدس پر مشتمل فلسطینی سرزمین کا اتحاد برقرار رکھا جا (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

کابل، پاکستانی سفیر عبیدالرحمان یوم دفاع پاکستان کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک سرزمین کے دفاع کیلئے پوری قوم تیار ہے ملک احمد خان

ففتھ جنریشن وارفیئر کے دوران بھی پاکستان کیخلاف پروپیگنڈا، اثراندازی کے شواہد موجود ہیں

قومی یکجہتی، دفاعِ وطن کے جذبے کو مزید مضبوط کرنا ہوگا' ملک محمد احمد خاں کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی محمد احمد خان نے یوم دفاع کے موقع پر شہدا اور قومی ہیروز کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں کو فخر سے یاد کرتی ہے۔لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس میجر عزیز بھٹی شہید جیسے عظیم سپوتوں کی مثال موجود ہے جبکہ ایم ایم عالم جیسے قومی ہیروز نے اپنی شاندار کارکردگی سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا، جس کا تذکرہ آج بھی تاریخ کے روشن باب کے طور پر ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں بھارت نے پاکستان کو فتح کرنے کے ارادے سے جنگ مسلط کی تاہم پاکستان کی مسلح افواج نے بھارتی فوج کو پیچھے دھکیل دیا اور بھارت کو واضح شکست کا سامنا کرنا پڑا۔سپیکر پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ 65 کی جنگ 17 روز تک جاری رہی اور مذاکرات وتاشقند معاہدے کے نتیجے میں اختتام پذیر ہوئی۔محمد احمد خان نے کہا کہ 1971ء کی جنگ کے واقعات بھی قومی تاریخ کا حصہ ہیں، پاکستان گزشتہ تین دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف مسلسل جنگ لڑ رہا ہے اور اس جنگ میں ایک لاکھ 25 ہزار سے زائد افراد نے جانوں کی قربانیاں دیں۔ان کا کہنا تھا کہ طلبہ، معصوم بچوں سمیت معاشرے کے ہر طبقے نے دہشت گردی کا سامنا کیا، جبکہ مساجد میں عبادت کرنے والے نمازی اور مزارات و درباروں پر جانے والے زائرین بھی دہشت گردی کا نشانہ بنے۔سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، یوم دفاع ہمیں ان تمام شہدا کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔محمد احمد خان کا مزید کہنا تھا کہ ففتھ جنریشن وارفیئر کے دوران بھی پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا اور اثراندازی کے شواہد موجود ہیں، اس لیے قومی یکجہتی اور دفاعِ وطن کے جذبے کو مزید مضبوط کرنا ہوگا۔ پنجاب بارکونسل نے پنجاب اسمبلی کی جانب سے انسدادِ دہشتگردی ترمیمی بل کی منظوری کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے پنجاب حکومت پنجاب کا بہترین، بروقت اور خوش آئند اقدام قرار دیا ہے۔ پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد علی ہنجرا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ دہشتگردی کے حساس مقدمات سے وابستہ ججز، وکلاء، پراسیکیوٹرز، پولیس افسران اور گواہان کے تحفظ کے لیے اس طرز کی موثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت تھی۔ پنجاب بارکونسل کے جنرل ہاؤس میں اس طرز کے قانون کے لئے انسدادِ دہشتگردی قانون میں ترمیم کے حق میں پہلے ہی قرارداد منظور ہوچکی ہے۔ نئے قانون کے تحت حساس مقدمات میں متعلقہ ججز، وکلاء، پراسیکیوٹرز، پولیس افسران اور گواہان کو خصوصی سکیورٹی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی شناخت خفیہ رکھنے کا انتظام بھی کیا جائے گا۔ترمیمی قانون کے تحت خصوصی سکیورٹی والے مقدمات میں محفوظ مقامات پر عدالتی کارروائی، ویڈیو کانفرنسنگ اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی اجازت ہوگی جبکہ ضرورت پڑنے پر جیل سے ورچوئل سماعت بھی کی جا سکے گی۔ پنجاب بارکونسل کے عہدیداران نے حکومت پنجاب کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے دہشتگردی کے مقدمات میں انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید محفوظ اور موثر بنانے میں مدد ملے گی

ضلع قمبر میں موبائل فونز اداروں کی کارکردگی مسلسل تباہ

عوام یوفون، زونگ، ٹیلی نار اور جیز کے نیٹ ورک سے سخت تنگ آ کر متبادل نیٹ ورک کی تلاش میں پریشان۔

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ضلع قمبر میں موبائل فونز اداروں کی کارکردگی مسلسل تباہ عوام یوفون، زونگ، ٹیلی نار اور جیز کے نیٹ ورک سے سخت تنگ آ کر متبادل نیٹ ورک کی تلاش میں پریشان۔ تفصیلات کے مطابق ضلع قمبر میں یوفون، زونگ، جیز اور ٹیلی نار موبائل کمپنیاں اپنے صارفین میں بہترین کارکردگی دکھانے میں مسلسل ناکام ثابت ہوگئی ہیں ان مذکورہ موبائل نیٹ ورک کی فون کال بار بار منقطع ہوجانا، اچانک کال کے دوران شور، کال کے دوران آواز اوپر نیچے ہونا جبکہ اس کے علاوہ انٹرنیٹ اسپیڈ انتہائی سست ہونا، بار بار انٹرنیٹ معطل ہونا، انٹرنیٹ کی سپیڈ اور مسلسل دستیابی ایک مسئلہ بنی ہوئی ہےجبکہ اس کے علاوہ اہم بات یہ سامنے آئی ہے کہ موبائل کمپنیوں نے سگنل ٹاورز میں کمی کرنا شروع کردی ہے صارفین کی جانب سے بار بار موبائل کمپنیوں سے رابطہ اور شکایات کرنے کے باوجود موبائل فونز کمپنیاں اپنے صارفین کے مسائل حل کرنے میں ہرگز سنجیدہ نہیں ہیں

روس نے لائپزگ ایئرپورٹ پر ڈرون حملے سے متعلق جرمن الزامات کو یکسر مسترد کردیا

ماسکو (این این آئی) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے لائپزگ ایئرپورٹ پر ڈرون حملے سے متعلق جرمن الزامات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرمنی ایک بار پھر جنگ چاہتا ہے۔روسی سرکاری ٹی وی کو انٹرویو میں سرگئی لاوروف نے جرمنی کے حالیہ اقدامات پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ مجموعی طور پر یہ ایک حقیقی جنگ کی شروعات ہے۔

حب۔ بھوتانی عوامی کارواں محلّہ عبداللہ بلوچ پاٹھڑہ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما خطاب کررہے ہیں

سول سوسائٹی حب لسبیلہ کا ماہانہ اجلاس حاجی رمضان شیخ کی زیرصدارت ان کے آفس میں منعقد ہوا

اجلاس میں ماہوار کارکردگی اور مستقبل کے چیلنجز، جن میں لوکل اور ڈومیسائل سمیت مختلف عوامی مسائل اور ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کی گئی

حب (پ ر) سول سوسائٹی حب لسبیلہ کا ماہانہ اجلاس حاجی رمضان شیخ کی زیرصدارت ان کے آفس میں منعقد ہوا، اجلاس میں ماہوار کارکردگی اور مستقبل کے چیلنجز، جن میں لوکل اور ڈومیسائل سمیت مختلف عوامی مسائل اور ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کی گئی، اس موقع پر ایڈوکیٹ عثمان لاسی، امان اللہ لاسی، ڈاکٹر محمد حیات رونجھو، محمد دین موندرہ، سائیں حاجی علی اکبر شیخ، ڈاکٹر حبیب اللہ شیخ، حاجی محمد حنیف رونجھو، حلیم لاسی، عطاء اللہ رونجھو، غلام رسول لاسی، محمد سلیمان رونجھو، کونسلر سید اشرف شاہ جیلانی، خمیسہ خان انگاریہ، عبدالمالک موندرہ، صابر اعجاز موندرہ، سراج سلیم موندرہ، عبدالوہاب موندرہ، برہان موندرہ، منور خاصخیلی سمیت ودیگر نے بڑی تعداد میں ممبران نے شرکت کی اور سول سوسائٹی کی ماہوار کارکردگی، مستقبل کے چیلنجز، جن میں لوکل اور ڈومیسائل سمیت مختلف عوامی مسائل اور ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کی گئی،

یوم دفاع وشہدا، آزاد کشمیر کے عوام کا پاک فوج کے شہدا اور غازیوں کو خراجِ تحسین

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے یومِ دفاع وشہدا کے موقع پر پاک فوج کے شہدا اور غازیوں کو خراجِ تحسین کیا، یوم دفاع پر عوام کے مطابق ہم وطن کی خاطر جانیں قربان کر کے آزادی اور سلامتی یقینی بنانے والے شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں، لاہور سے چونڈہ تک دشمن کے سامنے جوانوں کی بہادری اور ثابت قدمی ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہے

حب۔ سردارزادہ شہزادصالح بھوتانی کا حب کے کاروباری شخصیت محمد ہاشم رند کے صاحبزادے اور محمد یونس رند کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں شرکت کے موقع پر دولہوں کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

پاکستان میں صرف 2 فیصد خواتین زمین کی مالک ہیں، سروے

67 فیصد ملازمت پیشہ خواتین زراعت سے وابستہ، صرف 1.5 فیصد زرعی گھرانے خواتین کے نام پر رجسٹرڈ ہیں، ایس ڈی پی آئی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں زرعی شعبے میں خواتین کی نمایاں شمولیت کے باوجود زمین کی ملکیت میں ان کا حصہ انتہائی کم ہے، ایک مطالعے کے مطابق ملک میں صرف تقریباً 2 فیصد خواتین زمین کی مالک ہیں جبکہ صرف 1.5 فیصد زرعی گھرانے خواتین کے زیر سربراہی رجسٹرڈ ہیں۔ سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ (ایس ڈی پی آئی) کے مطالعے کے مطابق پاکستان کی 67 فیصد ملازمت پیشہ خواتین زراعت کے شعبے سے وابستہ ہیں، تاہم 15 سے 49 سال کی عمر کی صرف تقریباً 2 فیصد ایسی خواتین جن کی کبھی شادی ہوئی، اکیلے یا مشترکہ طور پر زمین کی مالک ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 97.2 فیصد خواتین کو زمین یا گھر وراثت میں نہیں ملا، جبکہ سندھ میں خواتین کی زمین کی ملکیت کی صورتحال مزید تشویشناک ہے، جہاں 99.1 فیصد خواتین کے پاس اکیلے یا مشترکہ طور پر کوئی زمین نہیں۔ مطالعے میں خواتین کو زمین کی ملکیت کے ساتھ ساتھ مالیاتی اور ڈیجیٹل سہولیات تک رسائی میں بھی نمایاں صنفی فرق کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 56 فیصد مردوں کے پاس مکمل سہولیات والا مالیاتی اکاؤنٹ موجود ہے جبکہ خواتین میں یہ شرح صرف 14 فیصد ہے

وطن کی خاطر جان قربان کرنے والے حوالدار چوہدری ظہیر احمد شہید کو قوم کا سلام

اسلام آباد (این این آئی) یومِ دفاع وشہدا پر وطنِ عزیز کی سلامتی اور سربلندی کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر شہدا اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا یوم دفاع وشہدا کے موقع پر حوالدار چوہدری ظہیر احمد شہید کے اہلِ خانہ نے شہید کی یادیں تازہ کرتے ہوئے ان کی لازوال قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔حوالدار چوہدری ظہیر احمد شہید کی والدہ نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا بیٹا بہت اچھا انسان تھا، اچھے اخلاق والا تھا، ہم سب سے بہت محبت کرتا اور ہمارا خیال رکھتا تھا۔

کراچی میں قتل ہونے والے نوجوان منظور الاہی کھوکھر قتل کیس کے نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے احتجاج

قتل کیس میں نامزد ملزمان کو فوری گرفتار کر کے مقتول کے خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے

بدین (نامہ نگار) کراچی میں عثمانیہ کے علاقے کے قریب چند روز قبل مبینہ طور پر قتل کیے جانے والے بدین کے رہائشی نوجوان منظور الاہی کھوکھر کے قتل کیس میں نامزد ملزمان کی عدم گرفتاری کے خلاف مقتول کے ورثا اور نوجوان شہریوں نے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مقتول کے بھائی سلیم کھوکھر، ڈاکٹر سکندر میمن، سلیم رضا خواجہ، رفیق لونڈ، محمد علی خاصخیلی اور جاوید مندرو کی قیادت میں ورثا اور شہریوں نے احتجاجی ریلی نکالی، جو بدین پریس کلب پہنچ کر مظاہرے میں تبدیل ہوگئی۔ مظاہرین نے کراچی پولیس کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے قتل کیس میں نامزد ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر مقتول کے ورثا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ 8 اگست کو منظور الاہی کھوکھر کو اس کا دوست کاشف آرائیں موٹر سائیکل پر اپنے گھر لے گیا، جہاں مبینہ طور پر ملزم دین محمد جونیجو نے فائرنگ کر کے منظور الاہی کو قتل کردیا۔

راولپنڈی، مبینہ غلط انجکشن سے بچہ جاں بحق ہوگیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں مبینہ غلط انجکشن سے بچے کی ہلاکت راولپنڈی کے علاقے اڈیالہ روڈ جراہی اسٹاپ پر نجی کلینک میں مبینہ طبی غفلت کے باعث 10 سالہ بچے کی جان چلی گئی۔ ورثا کے مطابق دس سالہ بچے محمد کی ایڑھی اور ٹانگ پر زخم کا چیک اپ کرانے کے لیے کلینک لیجایا گیا 10 سالہ محمد کو ڈاکٹر نے انجکشن لگایا، جس کے فوری بعد بچے کی حالت بگڑگئی

سوراب۔ فیملی پارک کا افتتاح ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کررہے ہیں اس موقع پر ایف سی بلوچستان 61 ونگ کے کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ بھی موجود تھے

ایس ایچ او تھانہ ہائٹ محمد امین ساسولی کی منشیات کے خلاف کارروائیاں

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بلاتعطل جاری رہے گا، ایس پی حب مرزا بلال حسن

حب (نمائندہ بولان) ایس ایچ او تھانہ ہائٹ محمد امین ساسولی کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 3 کلو سے زائد چرس برآمد، 3 ملزمان گرفتار، ایس پی حب مرزا بلال حسن کی منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے تسلسل میں، زیرِ نگرانی ایس

یوم دفاع، پاکستان یوتھ پیس موومنٹ کا افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی

کراچی پریس کلب کے باہر

کے الیکٹرک حب کی نااہلی اور عوام دشمن پالیسیوں پر شدید ردعمل کا اظہار

عوامی طاقت کے ساتھ کے الیکٹرک کے دفتر کے سامنے دھرنا دیا جائے گا اور سخت احتجاج کیا جائے گا، حاجی امیر محمد کاکڑ

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام حب سٹی کے امیر حاجی امیر محمد کاکڑ سیکرٹری جنرل مفتی شکیل نور محمد شہی نے اپنے ایک بیان میں کے الیکٹرک حب کی نااہلی اور عوام دشمن پالیسیوں پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب سے کے الیکٹرک حب کا نیا جی ایم تعینات ہوا ہے، ضلع حب کی عوام کو مسلسل اذیت میں مبتلا رکھا گیا ہے۔ غیر اعلانیہ اور طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ، کبھی فالٹ، کبھی بارش اور کبھی پی ایم ٹی خرابی کے بہانے روزانہ کی بنیاد پر 24 گھنٹے بجلی بند کی جاتی ہے۔ شکیل نور نے کہا کہ کے الیکٹرک اب ظالم الیکٹرک بن گیا ہے چوری کے کنڈے کے الیکٹرک کے عملے کی ملی بھگت سے لگوائے جاتے ہیں، اور اس کا بوجھ ایماندار صارفین پر ڈال کر ناجائز بلنگ کی جاتی ہے، جس کی ادائیگی عام شہریوں کے لیے ناممکن ہوچکی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ کے الیکٹرک نے اگر حب میں بجلی کی بندش کا سلسلہ بند نہ کیا، تو عوامی طاقت کے ساتھ کے الیکٹرک کے دفتر کے سامنے دھرنا دیا جائے گا اور سخت احتجاج کیا جائے گا، جس کی مکمل ذمہ داری کے الیکٹرک انتظامیہ اور ضلعی حکام پر عائد ہوگی۔انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، ورنہ حالات کی خرابی کی مکمل ذمہ داری متعلقہ اداروں پر ہوگی۔

ملتان، عالمی یوم خواندگی کے موقع پر آگاہی واک کی جارہی ہے

جمعیت علماء اسلام جام کالونی ولانگو آباد یونٹ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس

اجلاس یونٹ کے امیر حافظ محمد ابراہیم لانگو کی زیرصدارت منعقد ہوا

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام جام کالونی ولانگو آباد یونٹ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس یونٹ کے امیر حافظ محمد ابراہیم لانگو کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا شاہ محمد صدیقی اور تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے دینی، سیاسی اور عوامی کردار، موجودہ ملکی صورتحال اور جماعتی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی اس موقع پر مولانا شاہ محمد صدیقی، مفتی عبدالولی، حافظ محمد ابراہیم لانگو، وڈیرہ غلام قادر لانگو، قاری عبدالرحمن لانگو، مولانا امان اللہ اور دیگر مقررین نے خطاب کیا مولانا شاہ محمد صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ اکابر علماء کی دینی، فکری اور سیاسی جدوجہد کی امین جماعت ہے، جس کا بنیادی مقصد اللہ تعالیٰ کے دین کی دعوت، اسلامی اقدار کا فروغ، معاشرے سے فتنہ وفساد کا خاتمہ اور عوام کے حقوق کا تحفظ ہے۔انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتی ہے اور ملک وقوم کے مفاد میں ہر سطح پر اپنا مؤثر کردار ادا کرتی رہے گی۔ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ آئین، جمہوریت، امن، عوامی حقوق اور ملکی سلامتی کے لیے جدوجہد کی ہے۔ور آئندہ بھی ملک کے خلاف ہونے والی ہر سازش کا سیاسی و جمہوری انداز میں مقابلہ کرتی رہے گی۔مولانا شاہ محمد صدیقی نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام کا مقصد دین اسلام کی سربلندی اور اسلامی تعلیمات و اقدار کو معاشرے میں عملی طور پر نافذ کرنے کی جدوجہد ہے جماعت اپنے اکابر کی روشن روایات کو آگے بڑھاتے ہوئے عوام کو دین، امن، اتحاد اور خدمت کا پیغام دے رہی ہے۔انہوں نے موجودہ ملکی حالات کے حوالے سے کہا

بھوتانی عوامی کارواں محلّہ عبداللہ پاٹھڑہ کی جانب سے عظیم الشان کارنر میٹنگ

بھوتانی کارواں کو اپنے علاقے میں مذید فعال و منظم کرنے سمیت بھوتانی برادران کا پیغام گھر گھر پہنچانے کے عزم اظہار کیا

حب (نمائندہ بولان) بھوتانی عوامی کارواں محلّہ عبداللہ پاٹھڑہ کی جانب سے عظیم الشان کارنر میٹنگ منعقد کی گئی جس میں اہلیان محلّہ عبداللہ پاٹھڑہ نے بھوتانی برادران پر بھرپور اعتماد کرتے بھوتانی کارواں کو اپنے علاقے میں مذید فعال و منظم کرنے سمیت بھوتانی برادران کا پیغام گھر گھر پہنچانے کے عزم اظہار کیا، کارنر میٹنگ سے بھوتانی کارواں کے سینئر رہنما ایڈوکیٹ محمد اقبال جاموٹ، میر صفدر خان مگسی، سرور رونجھو، ماسٹر عبدالغنی گیابانی، حنیف بلوچ، ماسٹر غلام محمد بلوچ، ریاض عظیم بلوچ، حاجی فیض محمد بلوچ، غلام رسول، شعیب غنی، نوید لالہ رند گلزار احمد، محمد بلوچ، سمیت دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں اور کارکنان کی جدوجہد کی بدولت آج بھوتانی عوامی کارواں ضلع حب کے کونے کونے، گلی محلوں میں مذید فعال و منظم ہو رہا ہے اور جوق در جوق علاقائی معززین، سیاسی و سماجی شخصیات بھوتانی برادران کی قیادت و رہنمائی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کارواں میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ جھوٹی ایف آئی آر، دھونس دھمکیوں کے ذریعے بھوتانی عوامی کارواں کو ختم کرنے کے لیئے بہت سی کوششیں کی گئیں مگر تمام حربے ناکام ہوئے البتہ بھوتانی عوامی کارواں کے کارکنان و رہنماؤں نے ان دھونس دھمکیوں کسی خاطر لائے بغیر کارواں کو مذید منظم و فعال اور متحد کیا ہے، حب کی تقدیر بدلنے کے دعوے داروں نے حب کا امن تباہ کیا، حب شہر کو کھنڈرات میں بدل دیا آج عوام بنیادی سہولیات محروم ہیں انہوں نے کہا کہ بھوتانی برادران سے عوام کی چاہت اور محبت کو کوئی ختم نہیں کرسکتا ہے بھوتانی برادران ہر مشکل کی گھڑی میں عوام کے درمیان میں ہوتے ہیں اور بھوتانی برادران اقتدار میں نہ ہوتے ہوئے بھی عوام کے حقوق کا بھرپور انداز میں دفاع کررہے ہیں

سکھر پولیس کا جرائم پیشہ افراد سمیت سماجی برائیوں میں ملوث کے خلاف کریک ڈاون جاری

ایس ایچ او تھانہ ائیرپورٹ کی دوران اسنیپ چیکنگ حدود میں کامیاب کاروائی، اسلحہ پستول سمیت ملزم کو گرفتار کرلیا

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP,QPM کی ہدایت پہ سکھر پولیس کا جرائم پیشہ افراد سمیت سماجی برائیوں میں ملوث کے خلاف کریک ڈاون جاری، 02 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور منشیات برآمد، ترجمان سکھر پولیس کے جاری بیان کے مطابق ایس ایچ او تھانہ ائیرپورٹ کی دوران اسنیپ چیکنگ حدود میں کامیاب کاروائی، اسلحہ پستول سمیت ملزم کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم گلاب دھانی کے قبضے سے بغیر لائسنس ٹی ٹی پستول بمہ میگزین گولیاں برآمد کرلیا گیا، ملزم کے خلاف سندھ آرمس ایکٹ تحت مقدمہ درج جبکہ ملزم سے مزید تفتیش بھی جاری ہے اسی طرح ایس ایچ او تھانہ سی سیکشن کی حدود میں کامیاب کارروائی، منشیات چرس سمیت ملزم گرفتار کیا، گرفتار ملزم کاشف میرانی کے قبضے سے 2060 گرام منشیات چرس کو برآمد کیا گیا۔ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا، دوسری جانب ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP,QPM کی جانب سے پولیس پارٹی کی بہترین کارروائیوں پر شاباشی کا پیغام اور مزید کاروائیاں تیز کرنے کے احکامات جاری کیئے گئے ہیں۔

کراچی میں قتل ہونے والے نوجوان منظور الاہی کھوکھر قتل کیس کے نامزد ملزمان کی عدم گرفتاری کے لیے احتجاج مظاہرہ کیا جارہا ہے۔

ٹچ می ٹرافی انڈر 15- انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ

عثمان غنی کی شاندار سنچری، آلیش ملک کی عمدہ بیٹنگ جبکہ محمد احمد بابر کی تباہ کن بالنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیراہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے جاری آر سی اے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے ٹچ می ٹرافی انڈر 15- انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز کھیلے گئے مزید دو میچز کا فیصلہ ہو گیا۔ لانڈھی جیمخانہ گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں زون پانچ نے زون تین گرین کو 88 رنز سے شکست دے دی۔ زون پانچ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں کے نقصان پر 214 رنز بنائے۔ عثمان غنی نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 10 چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 101، محمد ویل فیصل نے 7 چوکوں کی مدد سے 55 اور محمد عقیل نے 29 رنز بنائے۔ روشدان نے 28 اور برہان الدین نے 36 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں زون تین گرین 126 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ زیان علی نے 17، ہیان مبین نے 17 رنز بنائے۔ لیفٹ آرم میڈیم پیسر محمد احمد بابر نے تباہ کن 5 بالنگ کرتے ہوئے 19 رنز دیکر 5، جبکہ محمد قاسم نے 19 اور محمد عقیل نے 23 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں زون چھ وائٹس نے زون تین بلوز کو 181 رنز سے ہرا دیا۔ زون چھ وائٹس نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں کے نقصان پر 298 رنز بنائے

مکلی میں یومِ دفاعِ پاکستان کی پروقار تقریب، شہدائے وطن کو زبردست خراجِ عقیدت

ملک کے دفاع کے لئے قربانیاں دینے والے شہدا کی خدمات اور قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی میں یومِ دفاعِ پاکستان کی پروقار تقریب، شہدائے وطن کو زبردست خراجِ عقیدت۔ تفصیلات کے مطابق یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر مکلی میں ایک پروقار اور قومی جذبے سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، خودمختاری اور دفاعِ وطن کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدائے پاکستان کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا گیا تقریب میں سماجی، فلاحی، صحافتی، قانونی اور انسانی حقوق کے شعبوں سے وابستہ شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معزز افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطنِ عزیز کی سلامتی، خودمختاری، قومی اتحاد اور استحکام کے لیے ہر ممکن سطح پر اپنا کردار ادا کیا جائے گا اور ملک کے دفاع کے لئے قربانیاں دینے والے شہدا کی خدمات اور قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا تقریب میں ایڈووکیٹ سید اعجاز حسین شاہ، الطاف حسین تنیو، ایڈووکیٹ ملک محمد اشرف، الطاف حسین شاہ شیرازی، حافظ فیض الرحمان میمن، میڈم وقار النسا، آمنہ پنہور، شوکت زوّر، محمد اسماعیل شر، سینئر صحافی آغا حسن عباس، قادر جاکھرو، واحد شورو، اختر حسین بروہی، محمد شفیق جوکھیو، زاہد جوکھیو، پرویز ستار عباسی، عاقب کولاچی، سلیمان میر بحر، مشتاق شورو، سید تشکیل شاہ، بشیر شورو سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی

بدین: یومِ دفاع کے موقع پر جماعت اسلامی کی پروقار تقریب، شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

خوشحالی کے لیے قوم کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا ہوگا اور ہر شہری کو ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے

بدین (نامہ نگار) یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر جماعت اسلامی ضلع بدین کی جانب سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک کے دفاع اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔تقریب سے جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطنِ عزیز کے دفاع کے لیے شہدا کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ شہدا نے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کو یقینی بنایا، جن کی قربانیوں کو قوم ہمیشہ عقیدت اور احترام سے یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے قوم کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا ہوگا

پشتون عوام کو مسائل سے نجات دلائیں گے، خوشحال کاکڑ

پشتونخوانیپ پشتونخوا وطن کے ہر فرد اور گھرانے کی دوسری پارٹی ہے اور اُن سے مسلسل جدوجہد اور ہر مسئلے پر آواز اُٹھانے کی توقع رکھتی ہے۔

202 کے انتخابات بدترین دھاندلی، زور وزبردستی اور بدترین رشوت خوری کا نتیجہ تھے پشتونخوانیپ نے اُس انتخابات میں تین قومی سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ہماری سیاست اور جدوجہد کا محور پشتون ملت سمیت محکوم اقوام اور مظلوم عوام کی آزادی، سیالی، برابری اور ترقی وخوشحالی کی منزل مقصود تک پہنچانے کی مرہون منت ہے پشتونخوانیپ ملک کے اندر حالات اور افغانستان سمیت ہر مسئلے پر واضح مؤقف اپنائے ہوئے ہیں اور پارٹی کا یہ مؤقف ہر وقت برحق ثابت ہوا ہے وہ افغانیہ خروٹ آباد علاقائی یونٹ کے زیراہتمام شمولیتی جلسے سے خطاب کر رہے تھے جس سے پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈوکیٹ، سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکرٹری صاحبہ بڑیچ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نداسنگر، رحمت اللہ صابر، سابق کونسلر حاجی عبداللہ خروٹی اور ضلعی ڈپٹی سیکرٹری اکبر کلیوال نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر 17 گھرانوں کے 150 سے زائد بزرگ شخصیات، سیاسی کارکنوں اور نوجوانوں نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے شامل ہونے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بزرگ شخصیات اور نوجوانوں کی پارٹی میں شمولیت خوش آئند ہے اور انہوں نے جن اُمیدوں کے ساتھ پارٹی میں شمولیت اختیار کی ہے پارٹی اُن اُمیدوں کو ضرور پورا کریگی اور یہ خدا پاک کا فضل ہمارے اکابرین کی تاریخ ساز کردار، جدوجہد، قربانیوں اور اخلاص کا نتیجہ ہے کہ غیور عوام جوق در جوق پشتونخوانیپ میں شامل ہوکر ہماری پارٹی کو قومی نجات کا ذریعہ گردانتے ہیں اور پشتونخوانیپ پشتونخوا وطن کے ہر فرد اور گھرانے کی دوسری پارٹی ہے اور اُن سے مسلسل جدوجہد اور ہر مسئلے پر آواز اُٹھانے کی توقع رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوانیپ کی سیاست پشتون افغان ملت کو ہر شعبہ زندگی میں درپیش مشکلات سے نجات کیلئے سیاسی جمہوری مزاحمت اور جدوجہد ہے جبکہ پارلیمان ہمارا منزل مقصود نہیں بلکہ ہماری جدوجہد میں پارلیمانی نمائندگی ایک جز کی حیثیت رکھتی ہے جس کے ذریعے محکوم اقوام اور مظلوم عوام کی آواز پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024 کے انتخابات بدترین دھاندلی، زور وزبردستی اور بدترین رشوت خوری کا نتیجہ تھے پشتونخوانیپ نے اُس انتخابات میں تین قومی سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی لیکن ہماری کامیابی کو شعوری منصوبہ بندی کے تحت ناکامی میں تبدیل کیا گیا اور ایک سیٹ پر ہمیں بار بار یہ آفر کی گئی کے آپکو قومی اسمبلی کی سیٹ دی جائیگی لیکن ہماری شرائط کو ماننا پڑے گا لیکن خدا کا فضل ہے کہ پشتونخوانیپ کی قیادت اور کارکن آخرکار اپنی جدوجہد میں سرخرو ہوئے اور اب قومی اسمبلی میں ہر ظلم وجبر پشتون ملت، محکوم اقوام اور مظلوم عوام کے حقوق و اختیارات اور بنیادی انسانی حقوق کیلئے بھرپور آواز بلند کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانیہ خروٹ آباد علاقہ بڑی آبادی پر مشتمل ہے اور یہاں پارٹی کو مزید وسیع اور فعال بنانے کیلئے امکانات موجود ہے اور اس علاقے میں رہنے والے قبائلی عوام انتہائی جرات مند، وطن دوست اور کاروباری لوگ ہیں

اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر دو مشکوک افراد زیرحراست

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر دو مشکوک افراد کو حراست میں لے لیا گیا ہے، ائیرپورٹ سیکورٹی فورس نے دونوں کو تفصیلی چیکنگ کے بعد ائیرپورٹ پولیس کے حوالے کردیا، پولیس نے دونوں افراد رفیق اور عمر فاروق کے خلاف فراڈ و دھوکہ دہی کے جرم میں مقدمہ درج کرلیا، مقدمہ اے ایس ایف کے انسپکٹر وسیم کی مدعیت میں درج کیا گیا۔

پرائمری اساتذہ کا سروس اسٹرکچر کے مطالبے کے لیے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج

پرائمری اساتذہ ایک طویل عرصے سے اپنے جائز حقوق اور مطالبات کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں

بدین (نامہ نگار) آل سندھ پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن (پ ٹ الف) کی مرکزی اعلان کردہ احتجاجی تحریک کے تحت بدین میں پرائمری اساتذہ نے سروس اسٹرکچر سمیت دیگر جائز مطالبات کی منظوری کے لیے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں غریب آباد پرائمری اسکول سے بدین پریس کلب تک ریلی نکالی گئی، جس میں بڑی تعداد میں عہدیداران اور پرائمری اساتذہ نے شرکت کی۔ مظاہرین نے اپنے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کرتے ہوئے سندھ حکومت اور محکمہ تعلیم سے پرائمری اساتذہ کے سروس اسٹرکچر کا نوٹیفکیشن فوری طور پر جاری کرنے اور دیگر جائز مطالبات تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر پ ٹ الف بدین کے صدر منظور آریسر، ڈویژنل جنرل سیکریٹری صوفی سرمد، سینئر نائب صدر برکت میمن، تعلقہ صدر سلیم ترک، علی اکبر نہڑیو، محمد عمر سومرو، ذوالفقار رند، امر سنگھ رانو اور دیگر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرائمری اساتذہ ایک طویل عرصے سے اپنے جائز حقوق اور مطالبات کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں،

جمعیت علماء اسلام حب سٹی کے عاملہ کا اجلاس زیرصدارت حاجی امیر محمد کاکڑ منعقد ہوا اجلاس میں مفتی شکیل نور محمد شہی عبدالکریم ترمزی ذاکر مراد مولانا نصر اللہ حافظ منیر احمد انجینئر منظور جاموٹ مولانا عبدالحنان ڈاکٹر صفدر حسین حافظ سمیع اللہ مولانا منظور احمد مولانا عبدالسلام حافظ نیک محمد مفتی نذیر احمد اور دیگر شریک ہیں

پاکستانی قوم کا ہر شہری محافظ وطن ہے، محمد جاوید میمن

ہم وطن عزیز پاکستان کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کا جذبہ رکھتے ہیں

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) سکھر اسمال ٹریڈرز کے صدر حاجی محمد جاوید میمن، جنرل سیکریٹری محمد عامر فاروقی نے کہا ہے کہ دفاع وطن اور استحکام کیلئے افواج پاکستان نے ہمیشہ قربانیوں کی تاریخ رقم کی 6 ستمبر 1965 کو افواج پاکستان کے افسران و جوانوں نے اپنی جانوں کی قربانیاں دیکر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک ملکر ملک کے دفاع کو ہمیشہ کیلئے ناقابل تسخیر بنایا۔ افواج پاکستان کے جوانوں نے جس جوانمردی، بہادری اور ایمانی قوت سے بھارتی فوج کے حملے کو ناکام بنایا وہ قومی تاریخ کا روشن باب ہے۔ ملک وقوم کی بقاء، دفاع، استحکام اور امن کے لیے پاکستانی قوم متحد و منظم ہیں اور اپنی بہادر فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ہم وطن عزیز پاکستان کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کا جذبہ رکھتے ہیں۔ اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں حاجی محمد جاوید میمن، محمد عامر فاروقی کا کہنا تھا کہ ہم 6 ستمبر کو دشمن کے دانت کھٹے کرنے والے پاک فوج کے جوانوں اور پاک فضائیہ کے شاہینوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ہم اپنے دشمن کو یہ باور کراتے ہیں

کراچی، مرکزی مسلم لیگ کے تحت دفاع پاکستان کانفرنس، شہداء وغازیوں کو خراج عقیدت

کراچی (این این آئی) مرکزی مسلم لیگ کراچی کے زیراہتمام یوم دفاع پاکستان کے موقع پر گلشن اقبال میں دفاع پاکستان کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف سیاسی وسماجی رہنماؤں اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ کانفرنس میں شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے قومی یکجہتی اور ملکی دفاع کے لیے متحد رہنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ مرکزی مسلم لیگ سندھ کے صدر فیصل ندیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دشمن پاکستان کو دنیا میں تنہا کرنا چاہتا تھا،

کراچی۔ سردارزادہ شہزادصالح بھوتانی جنرل کونسلر یوسی پنڑیاں نورانی کراس رحمت اللہ باپڑا کے بھائی غلام حسین باپڑا کی شادی کی تقریب میں شرکت کے موقع پر اس موقع پر یوسی پنڑیاں کے چیئرمین قادر بخش کولوائی، وائس چیئرمین اکبر بندیجہ، بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر سیاسی کارکن اصغر علی بزنجو، محمد سلیم بندیجہ سمیت دیگر معززین کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

بااثر افراد کی زیادتیوں اور بے روزگاری کے خلاف متاثرہ شہری کا ٹھٹھہ میں احتجاج

7 روز کے اندر انصاف فراہم نہ کیا گیا تو وہ اپنے اہل خانہ کے ہمراہ سخت احتجاج کریں گے، صدیق شورو

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) بااثر افراد کی زیادتیوں اور بے روزگاری کے خلاف متاثرہ شہری کا ٹھٹھہ میں احتجاج۔ تعلقہ ٹھٹھہ کی دیہہ بجورا، گاں محمد ہاشم شورو کے رہائشی محمد صدیق شورو نے ٹھٹھہ پہنچ کر اپنی برادری کے بااثر افراد کی زیادتیوں، ونڈ پاور کمپنی کے ٹاوروں سے زبردستی بے دخلی اور بے روزگار کرنے کے خلاف پریس کانفرنس کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد صدیق شورو نے کہا کہ دیہہ کوہستان ست بھاگی، چار مکان مک واری، تعلقہ ٹھٹھہ میں واقع اس کی کوہستانی زمینوں میں ونڈ پاور کمپنی ٹو کے ٹاور نصب ہیں۔ مذکورہ کمپنی میں اس کے بھانجے عرس شورو اور اشرف شورو کو 2-2 نوکریاں ملیں جبکہ اسے بھی ایک نوکری ملی تھی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ منیر شورو، عیسی شورو، نبی بخش عرف نبو شورو، اشرف شورو اور عرس شورو ساکنان گاں اصغر شورو نے ملی بھگت کر کے 4 ماہ بعد اسے زبردستی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا۔ برطرفی کے بعد ملزمان نے اس پر حملہ کر کے اس کی بائیں ٹانگ پر شدید تشدد کیا جس سے ٹانگ میں زخم آیا

راولپنڈی، فیس بک پر دوستی کے بعد شادی کا جھانسہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک پر دوستی و جان پہچان کے بعد لڑکا اپنی دوست کو شادی کا جھانسہ دیکر تین سال تک مبینہ مالی استحصال اور زیادتی کا نشانہ بناتا رہا۔ تھانہ روات پولیس نے لڑکی جو ورکنگ ویمن ہے کی درخواست پر مقدمہ درج کرلیا، لڑکی نے کہا کہ ہیئر ٹرانسپلانٹ کے ادارے میں اسسٹنٹ کی ملازمت کرتی ہوں اور ایک لاکھ روپے ماہانہ کماتی ہوں، فیس بک پر وشال اختر سے تین سال قبل جان پہچان ہوئی۔

یومِ دفاع پاکستان کے حوالے سے شاندار ریلی اور پروقار تقریب کا انعقاد

ملک کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ صدام حسین

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) دی انٹرنیشنل ہیومن رائٹس برائٹ فیوچر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کا یومِ دفاع پاکستان کے حوالے سے شاندار ریلی اور پروقار تقریب کا انعقاد دی انٹرنیشنل ہیومن رائٹس برائٹ فیوچر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے مرکزی چیئرمین ممتاز احمد سبزپوش کی خصوصی ہدایات پر، مرکزی جنرل سیکرٹری صدام حسین سبزپوش اور ضلعی صدر ذوالفقار ساٹی کی قیادت میں 6 ستمبر یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر کیمپ ہیڈ آفس سے پریس کلب ٹھٹھہ تک شاندار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ضلعی عہدیداران راجہ قریشی، عاصم صدیقی، شاہ زیم بلوچ، ارشاد سولنگی، اسلم کرنانی، وحید مغل، میر مولابخش جوکھیو، صدام مسن، سمیت کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے پاکستان، پاک فوج اور شہدا سے محبت و عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے قومی نعرے لگائے۔ ریلی کے بعد پریس کلب ٹھٹھہ کے سامنے گرانڈ میں پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کا آغاز قومی ترانے سے کیا گیا۔ تقریب میں 1965 کے شہدا کی یاد میں چراغاں کیا گیا

خیبرپختونخوا پولیس نے ڈیجیٹل ڈرائیونگ لائسنس متعارف کروادیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ٹیکنالوجی کی جانب اہم قدم اٹھایا گیا ہے، جس میں ڈرائیونگ لائسنس جیب، بٹوے، گاڑی میں گھمانے کی جھنجھٹ ختم ہوگئی، خیبر پختونخوا پولیس نے باقاعدہ طور صوبہ بھر میں ڈیجیٹل ڈرائیونگ لائسنس متعارف کروا دیا ہے۔ فون میں ایپ کے ذریعے ان لائن لائسنس بتائیں جس پر جرمانہ نہیں ہوگا، رابطہ ایپ پر شناختی کارڈ نمبر ڈالتے ہی ای لائسنس منٹوں میں آپ کی اسکرین پر آجائے گا

وندر، یوم دفاع پاکستان کے موقع پر نکالی گئی ریلی سے وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر عبدالحمید رونجہ خطاب کررہے ہیں

بی این پی کے جنرل سیکریٹری بشیر مینگل کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری

پیپلز پارٹی کے رہنما چیرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ، چیرمین ضلع سوراب حاجی واحد ہارونی ودیگر نے تعزیت فاتحہ خوانی کی

حب (نمائندہ بولان) مینگل ہاؤس میں دوسرے روز بی این پی کے جنرل سیکریٹری بشیر مینگل کی ہمشیرہ کے انتقال پر پیپلز پارٹی کے رہنما چیرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ، چیرمین ضلع سوراب حاجی واحد ہارونی، سابقہ وائس چیرمین لالہ یوسف بلوچ، انجینئر سعید مینگل، سعود مینگل، گل زیب مینگل، نواز برفت ایڈوکیٹ، ظہیر بلوچ ایڈوکیٹ، ٹھیکیدار نجیب بزنجو، معروف بلڈر نصیر رونجہ، ماسٹر عزیز رونجہ، مولانا یعقوب ساسولی مولوی قاضی اسلم سابقہ چیرمین ساکران رفیق سیاہ بادر رند، نیاز مری، انوارمنٹ کے آفیسر رفیق چناں، گلاب چناں، میر عبدالستار زہری، حاجی خدادوست زہری، رشید بلوچ، چیف آفیسر تاج بلوچ، نیشنل پارٹی حب کے صدر روشن جتوئی، رشید مینگل، حاجی دوست محمد مینگل، بلال مینگل، حلیم مینگل، میر جان کھیتران، کونسلر گل حسن میروانی، جمعیت علماء اسلام کے مولانا شاہ محمد صدیقی، مولانا سلیمان مینگل، حاجی رمضان مینگل، میر عبدالستار خدرانی، مفتی عبدالولی، مفتی شکیل، مولانا عبدالکریم، مولوی بشیر احمد، نیشنل پارٹی قلات کے صدر کامریڈ ظہور بلوچ، بی این پی کے رہنما عبید لانگو، علیم مینگل، صالح شاہوانی، حاجی ہاشم مینگل، میران لانگو، جمعہ خان مینگل، یاسین مینگل، وڈیرہ رزاق گجر، اللہ بخش دلاری، سابقہ وائس چیرمین سرور مگسی، حاجی عبداللہ مینگل، محمد جان مینگل، وڈیرہ سرور ساسولی، ماسٹر قیوم، ڈاکٹر شوکت جلبانی معروف بلڈر ضیاء الرحمان مینگل، خلیل مینگل، صحافی حاجی دانیال عزیز لاسی، فیاض عبداللہ ہارونی ولید مینگل اقلیتی رہنما پرکاش کمار، سیٹھ کانتیش نانک رام زہری خالد مینگل بھوتانی کارواں کے رہنما فرید دلاری شاہ ولی خلجی، عامر حسین مگسی، عبدالصمد، حاجی غوث بخش مینگل ٹھیکیدار رحیف کاروباری شخصیت سعید بزنجو حاجی عبدالرحمان بزنجو مہراج بلوچ رشید محمد شہی اٹک سیمنٹ فیکٹری کے پبلک ریلیشن افیسر رحمت اللہ مینگل ڈاکٹر نظر شاہ بخاری منظور میروانی سردار سمیع عمرانی حب بار ایسوی ایشن کے سابقہ صدر اقبال جاموٹ سابقہ جنرل سیکرٹری اسلم ایڈوکیٹ حمید شاہوانی ایڈوکیٹ سابق حب بار کے صدر عبدالوہاب بزنجو، حاجی نوید موندرہ، بی این پی خضدار کے صدر سفر خان مینگل صادق غلامانی احمد بلوچ احمد فراز مینگل عبدالجبار مینگل سمیت عزیز مینگل ساکران کے چیرمین غلام رسول واہورا جان محمد خاصخیلی ظہیر ظرف عرفان لاسی آصف بلوچ حاجی عبدالرسول مینگل حاجی عز ایوب ریئسانی محمد خان مینگل حاجی رزاق ملازئی حاجی ابراہیم مینگل ثناء اللہ مینگل دیگر نے سابقہ ناظم پاٹھڑہ مرحوم لالہ عبدالمجید مینگل کی بھتیجی بی این پی ضلع حب کے جنرل سیکرٹری بشیر مینگل کی ہمشیرہ مرحوم نور احمد مینگل کی اہلیہ کونسلر لالہ سعید مینگل کی کزن کی انتقال پر مینگل ہاؤس حب میں جاکر تعزیت فاتحہ خوانی کی۔

لیاقت آباد سے کراچی پریس کلب تک دفاع پاکستان ریلی کا انعقاد

کراچی (این این آئی) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر دفاع پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے لیاقت آباد سے کراچی پریس کلب تک دفاع پاکستان ریلی نکالی گئی، جس میں شرکاء نے افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ریلی کی قیادت چیئرمین کیپٹن (ر) خاور نے کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جبکہ اس موقع پر فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے حق میں بھی نعرے لگائے گئے۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ افواج پاکستان نے ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203 — قیمت 20 روپے — Mobile: 0336-6113760

پیر 7 ستمبر 2026، بمطابق 24 ربیع الاول 1448ھ

پی ٹی آئی دور میں نفرتیں پھیلائی گئیں، سیاسی استحکام کے بغیر کوئی ملک ترقی نہیں کرسکتا — احسن اقبال

پاکستان کو پائیدار ترقی کی راہ پر ڈالنے کیلئے ماہرین معیشت، محققین، پالیسی سازوں کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا

اڑان پاکستان کے تحت 2035ء تک پاکستان کو ایک کھرب ڈالر کی معیشت بنانا تبھی ممکن ہے قومی پالیسیاں تحقیق، اعداد وشمار اور سائنسی بنیادوں پر استوار ہوں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو جمود، غیریقینی اور پالیسیوں کے عدم تسلسل سے نکال کر پائیدار ترقی کی راہ پر ڈالنے کیلئے ماہرین معیشت، محققین اور پالیسی سازوں کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ وہ منگل کو یہاں مقامی ہوٹل میں منعقدہ پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کے 38ویں سالانہ اجلاسِ عام سے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اڑان پاکستان کے تحت حکومت کا ہدف 2035 تک پاکستان کو ایک کھرب ڈالر کی معیشت بنانے کا ہے اور اس منزل تک رسائی تبھی ممکن ہے جب قومی پالیسیاں تحقیق، اعداد وشمار اور سائنسی بنیادوں پر استوار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ماہرینِ معیشت قوم کی معیشت کے معالج ہوتے ہیں جنہیں بیماری کی درست تشخیص کر کے علاج تجویز کرنا ہوتا ہے۔ پاکستان کی معیشت اس وقت جس بحران کا شکار ہے، وہ وقتی نہیں بلکہ نظامی اور ڈھانچہ جاتی نوعیت کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے ترقیاتی ماڈل کو ازسرنو تشکیل دینا ہوگا اور ان ممالک سے سیکھنا ہوگا جنہوں نے ہمارے ساتھ سفر کا آغاز کیا مگر آج کہیں آگے نکل چکے ہیں، جیسے ملائیشیا، جنوبی کوریا اور بنگلہ دیش۔ ان ممالک نے پالیسیوں کا تسلسل برقرار رکھا، ادارہ جاتی استحکام کو یقینی بنایا اور اصلاحات کو سیاست سے بالاتر رکھا، یہی چیزیں ہمیں بھی درکار ہیں۔ پروفیسر احسن اقبال نے زور دیا کہ پاکستان کی سیاسی معیشت پر جامع تحقیق کی جائے، خاص طور پر اس بات کا تجزیہ کیا جائے کہ سیاسی عدم استحکام اور ادارہ جاتی تنازعات نے قومی ترقی کو کس طرح پٹڑی سے اتارا۔ انہوں نے 1990ء کی دہائی میں نجکاری کے عمل اور وژن 2025ء جیسے اصلاحی منصوبوں پر عدم تسلسل کو بطور مثال پیش کیا اور کہا کہ یہ ہمیں یہ سبق دیتی ہیں کہ اگر پالیسیوں کو مستقل بنیادوں پر نافذ نہ کیا جائے تو ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ماہرینِ معیشت کا فرض ہے کہ وہ قومی ترجیحات پر اتفاق رائے پیدا کریں، تاکہ اہم پالیسی فیصلے ہر آنے والی حکومت میں برقرار رہیں اور قوم طویل المدتی ترقیاتی ہدف سے نہ ہٹے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے اس موقع پر ڈیجیٹل گورننس کو ترقی کا لازمی جزو قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلاک چین کے ذریعے زمین کے ریکارڈ کو محفوظ بنانا، مصنوعی ذہانت پر مبنی قوانین متعارف کرانا، اور ای۔ گورننس سسٹم رائج کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری نظام میں موجود سرخ فیتے کو ختم کر کے اس کی جگہ ذہین، شفاف اور تیز تر نظام لایا جائے تاکہ سرمایہ کاری بڑھے، نوجوانوں کو روزگار ملے اور کاروباری ماحول بہتر ہو۔ انہوں نے بتایا کہ نیشنل آئی ٹی بورڈ) این آئی ٹی بی (اور پلاننگ کمیشن کے اشتراک سے عوامی خدمات کی ڈیجیٹل فراہمی کو فروغ دینے کے لئے متعدد منصوبے شروع کئے جا رہے ہیں جن کا مقصد شہریوں کی زندگی کو آسان اور شفاف بنانا ہے۔ ماحولیاتی تبدیلیوں پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ 2022 کے تباہ کن سیلاب نے پاکستان کو 30 ارب ڈالر کا نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنا حکومتی منصوبہ بندی کا مرکزی نقطہ ہے، اب ہمارے پاس دوسرا آپشن نہیں کلائمٹ اسمارٹ پلاننگ ہماری بقا کا سوال ہے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے یو این ایچ سی آر (کوئٹہ) کے سربراہ ٹیسفائی بیکلے Tesfaye Bekele ملاقات کر رہے ہیں

بونیر، سیلاب متاثرین کے امدادی چیکس باؤنس ہونے کا انکشاف

کچھ دکانداروں کا ڈیٹا تصدیق نہیں ہوا، اس لیے چیک کیش نہیں ہو رہے، حکومتی موقف

بونیر (این این آئی) بونیر کے سیلاب متاثرین کے امدادی چیکس باؤنس ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت نے موقف اختیار کیا کہ کچھ دکانداروں کا ڈیٹا تصدیق نہیں ہوا، اس لیے چیک کیش نہیں ہو رہے۔ صدر تاجر مارکیٹ نے کہا کہ بینکوں کے چکر لگا کر تھک گئے، چیکس کیش نہیں ہو رہے، پیر بابا بازار میں 1900 سے زائد دکانیں سیلاب سے متاثر ہوئیں، سینکڑوں دکانداروں کو تاحال چیکس بھی جاری نہیں ہوئے۔

بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرینگے — بلال کاکڑ

منصوبے میں شامل کنسورشیم میں ہاؤس آف کسیب، الکرم ٹیکسٹائل، دھابیجی ایکوا فوڈز، سوات سیرامکس، اسکائی کلین گلوبل اور طفیل گروپ شامل ہیں

ڈامب میں جھینگا فارمنگ کے پانچ ارب روپے کے سرمایہ کاری منصوبے کو صوبے کی معیشت اور مستقبل کے لیے ایک اہم پیشرفت ہے، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے ڈامب میں جھینگا فارمنگ کے پانچ ارب روپے کے سرمایہ کاری منصوبے کو صوبے کی معیشت اور مستقبل کے لیے ایک اہم پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے کے ایم او یو پر دستخط سے بلوچستان کی ترقی میں ایک نیا باب رقم ہوگا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی ترقی کے لیے نئی راہیں کھولے گا، انہوں نے اس امر پر خوشی کا اظہار کیا کہ جھینگا فارمنگ جیسے بڑے اور جدید منصوبے میں پاکستان کی معتبر کمپنیوں نے سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔ منصوبے میں شامل کنسورشیم میں ہاؤس آف کسیب، الکرم ٹیکسٹائل، دھابیجی ایکوا فوڈز، سوات سیرامکس، اسکائی کلین گلوبل اور طفیل گروپ شامل ہیں، جنہوں نے بلوچستان کی ترقی میں شمولیت اختیار کر کے صوبے کے عوام کے لیے روزگار اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ وائس چیئرمین نے کہا کہ جھینگا فارمنگ کے اس منصوبے سے نہ صرف ہزاروں افراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ بلوچستان کو سی فوڈ انڈسٹری کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور زرمبادلہ کمانے کے نئے مواقع بھی حاصل ہوں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی اور تربیتی سہولیات کے ذریعے مقامی کمیونٹی کو بھی براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کنسورشیم کے تمام اراکین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات اور تعاون فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لیے ایک محفوظ، پرکشش اور پائیدار مقام بن سکے۔

ٹیکس نیٹ بڑھانے میں ناکامی مالیاتی استحکام کے لیے خطرہ بن گئی، میاں زاہد حسین

آئی ایم ایف اہداف پورے نہ ہونے پر نئے ٹیکس لگانے کی نوبت آسکتی ہے، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (این این آئی) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی کی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مالی سال 26-2025 کی پہلی سہ ماہی میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو تقریبا 198 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا ہے جو سالانہ بنیاد پر 800 ارب تک پہنچ سکتا ہے۔ میاں زاہد حسین نے بتایا کہ ایف بی آر نے جولائی میں چھ ارب روپے ہدف سے زیادہ اکٹھے کیے ہیں۔ اور اگست میں 64 ارب ہدف سے کم وصول ہوئے جبکہ ستمبر میں 138 ارب روپے ہدف سے کم وصول ہوئے ہیں جس سے مجموعی خسارہ 198 ارب روپے پر پہنچ گیا ہے۔ ایف بی آر کا پہلی سہ ماہی کا ہدف 3,083 بلین تھا جس میں سے ایف بی آر نے 2,885 ارب روپے اکٹھے کیے۔ میاں زاہد حسین نے ایف بی آر کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ پہلی سہ ماہی کے لیے انکم ٹیکس کا ہدف 96 ارب روپے کی کمی کے ساتھ پورا نہیں ہوسکا تاہم ایف بی آر کی کوششوں کی بدولت گزشتہ سال کے مقابلے میں 11 فیصد اضافہ ہوا اسی طرح سے سیلز ٹیکس کا ہدف 122 ارب روپے کم رہا

سندھ حکومت کا تکراری تونسہ کینال کھولنے پر اسا سے سخت احتجاج

سندھ پانی کی شدید قلت کا شکار ہے تو تونسہ پنجند لنک کینال کیوں کھولا گیا؟ شازیہ مری

لنک کینالز کو مستقل بنیادوں پر نہیں کھولا جاسکتا، انہیں صرف سیلابی موسم میں کھولنے کی گنجائش ہے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ جب سندھ 62 فیصد شدید پانی کی قلت کا شکار ہے تو تونسہ پنجند لنک کینال کو کیوں کھولا گیا؟۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ لنک کینالز کو مستقل بنیادوں پر نہیں کھولا جاسکتا، انہیں صرف سیلابی موسم میں کھولنے کی گنجائش ہے۔ پانی کی قلت کے دوران ٹی پی لنک کینال کو کھولنا نچلی سطح کے حصوں میں پانی کی مزید کمی کا باعث بنے گا اور زیادہ نقصان پہنچائے گا۔ شازیہ مری نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ پانی کے وسائل کی منصفانہ اور عادلانہ تقسیم کی حامی رہی ہے، ہم مسلسل مطالبہ کر رہے ہیں کہ 1991 کا معاہدہ نافذ کیا جائے اور ارسا اپنی ذمہ داریاں معاہدے کے تحت ادا کرے۔ انہوں نے کہا سندھ کے محکمہ آبپاشی نے ارسا کے ساتھ جو سخت احتجاج ریکارڈ کروایا ہے وہ بالکل درست ہے، جب ایک صوبہ شدید قلت کا شکار ہو تو تکنیکی ضرورت کے نام پر پانی کا رخ موڑنا نہ صرف غیر منصفانہ بلکہ غیر ذمہ دارانہ عمل ہے۔ پی پی پی ترجمان نے کہا ہم پہلے ہی دریائے سندھ سے مزید نہریں نکالنے کی مخالفت کر رہے ہیں، جب سسٹم میں پانی ہی نہیں بلکہ پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے تو نئی نہریں کیسے بن سکتی ہیں؟ انہوں نے کہا پانی کوئی سیاسی ہتھیار نہیں بلکہ یہ ایک آئینی حق ہے، پانی ایک حساس مسئلہ ہے اور اسے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کیلیے استعمال نہیں کرنا چاہیے، یہ ہمارے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ شازیہ مری نے کہا سندھ کی زراعت، معیشت اور عوامی زندگی کی شہ رگ خطرے میں ہے، وفاقی حکومت کو وفاقی اکائیوں میں رہنے والے عوام کی مشکلات پر خاموش نہیں رہنا چاہیے۔ ہم ٹی پی لنک کینال کی فوری بندش کا مطالبہ کرتے ہیں اور ارسا و وفاقی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ مداخلت کر کے معاہدہ شدہ اصولوں پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

پاکستان، شام کا زرعی تعاون کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ پر اتفاق

پاکستان اور شام کے مابین زرعی تعاون پر ایک یادداشتِ تفاہم (MoU) پہلے ہی دستخط ہو چکے ہیں

پاکستان شام کو جدید زراعت اور غذائی تحفظ کی حکمتِ عملیوں میں اپنی مہارت اور تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور شام نے زرعی تعاون کے فروغ کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ بدھ کو جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، رانا تنویر حسین نے اسلام آباد میں پاکستان میں شام کے سفیر ڈاکٹر رامز العری کے ساتھ ملاقات کی جس میں زرعی شعبے، تجارت اور ثقافتی تبادلوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے پر غور کیا گیا اور دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور شام تاریخی، ثقافتی اور مذہبی رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں جو مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ دونوں ممالک کے لیے غیر معمولی امکانات کا حامل ہے اور پاکستان شام کے ساتھ تجارتی اور تکنیکی تعاون کو وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ رانا تنویر حسین نے اس موقع پر بتایا کہ پاکستان اور شام کے مابین زرعی تعاون پر ایک یادداشتِ تفاہم (MoU) پہلے ہی دستخط ہو چکے ہیں جو زرعی تحقیق، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں طویل مدتی تعاون کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہی شام پر عائد بین الاقوامی پابندیاں ختم ہوں گی، شام پاکستان کے لیے زرعی اجناس بشمول اجناس، پھل اور ویلیو ایڈیڈ مصنوعات کی صورت میں ایک قیمتی تجارتی شراکت دار کے طور پر سامنے آئے گا۔ تعاون کو ادارہ جاتی شکل دینے اور اسے مزید تیز رفتار بنانے کیلئے دونوں ممالک نے ایک مشترکہ ورکنگ گروپ (جے ڈبلیو جی) قائم کرنے پر اتفاق کیا جو جدید کاشتکاری کے طریقوں، آبی وسائل کے انتظام، استعدادکار میں اضافے اور زرعی تجارت کے فروغ جیسے عملی شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لے گا۔ وفاقی وزیر نے زور دیا

ایم اے جناح روڈ پر دھماکے سے متعلق درخواست: پٹاخوں کی فیکٹری اور گودام علاقے سے منتقل کرنے کا حکم

سندھ ہائیکورٹ میں ایم اے جناح روڈ پر پٹاخوں کے گودام میں دھماکے میں جاں بحق نوجوان کی والدہ کی درخواست پر سماعت ہوئی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے ایم اے جناح روڈ پر پٹاخوں کے گودام میں دھماکے سے متعلق درخواست پر فیکٹری اور گودام علاقے سے منتقل کرنے کا حکم دیدیا۔ پیر کو سندھ ہائی کورٹ میں ایم اے جناح روڈ پر پٹاخوں کے گودام میں دھماکے میں جاں بحق نوجوان کی والدہ کی پٹاخوں کے غیر قانونی گودام کی منتقلی کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر جنوبی نے عدالت میں جواب جمع کروادیا، جواب میں کہا گیا کہ ڈپٹی کمشنر جنوبی نے حادثے کے بعد قانونی دائرہ اختیار کے مطابق کارروائی کی، مذکورہ عمارت میں پٹاخوں کی دکان کا ابتدائی لائسنس اسسٹنٹ کمشنر کراچی کینٹ نے 1971 میں جاری کیا تھا۔ سول ڈیفنس کا جاری این او سی ریٹیل دکان تک محدود تھا، این او سی کے مطابق دکان میں 25-30 کلوگرام پٹاخے رکھے جاسکتے تھے، این او سی کے برخلاف زائد مقدار میں دھماکہ خیز مواد رکھنے سے حادثے میں جانی ومالی نقصان ہوا۔ عدالت حکم کے مطابق تمام دھماکہ خیز مواد بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مدد سے تلف کردیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر جنوبی نے پٹاخوں کے جاری تمام لائسنس اور این او سی منسوخ کردیئے۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر نے عمارت کے ڈھانچے کی جانچ کے لئے سی ای او کراچی کنٹونمنٹ بورڈ کو خط لکھا ہے، مذکورہ عمارت کراچی کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں واقع ہے،

پاکستان کی مسلح افواج ملک کے ناقابل تسخیر دفاع کی ضمانت ہیں، شگفتہ نورین کاظمی

مظفرآباد (این این آئی) نائب صدر وممبر آرگنائزنگ کمیٹی پاکستان پیپلزپارٹی آزاد جموں وکشمیر شگفتہ نورین کاظمی نے ''فتح-4'' گراؤنڈ کروز میزائل کے کامیاب تجربے پر قوم، مسلح افواج، سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں شگفتہ نورین کاظمی نے کہا کہ ''فتح-4'' کا کامیاب تجربہ پاکستان کے دفاعی نظام کو مزید مستحکم بنانے کی جانب اہم پیش خیمہ اور ہماری عسکری صلاحیتوں اور سائنسی ترقی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی نے ایک بار پھر یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستان کے انجینئرز اور سائنسدان انتہائی باصلاحیت ہیں

ژوب، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں مویشیوں کی ویکسین کی جارہی ہے

سعودی عرب تمام اقسام کے ویزا رکھنے والے افراد کو عمرہ ادا کرنے کی اجازت

ریاض (این این آئی) سعودی وزارتِ حج وعمرہ نے اعلان کیا ہے کہ مملکت میں موجود تمام اقسام کے ویزا رکھنے والے افراد کو عمرہ ادا کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ وزارت نے اس فیصلے کو اللہ کے مہمانوں کے لیے سہولیات میں اضافہ اور حج وعمرہ کے نظام میں خدمات سے مستفید ہونے والے افراد کے دائرے کو وسعت دینے کے سلسلے کی ایک کڑی قرار دیا۔ یہ سعودی عرب کے وژن 2030 کے اہداف کے مطابق ہے۔ وزارت نے وضاحت کی کہ ان مختلف اقسام کے ویزوں میں شخصی ویزا، خاندانی وزٹ ویزا، الیکٹرانک سیاحتی ویزا، ٹرانزٹ (عبوری) ویزا، ورک ویزا اور دیگر اقسام کے ویزے شامل ہیں۔

حماس کی منظوری کے بعد ٹرمپ اور نیتن یاہو کے درمیان فون پر سخت جملوں کا تبادلہ

اس کا کوئی مطلب نہیں، اسرائیلی وزیراعظم، ہمیشہ اتنے منفی کیوں ہوتے ہیں، ٹرمپ کا ردعمل

واشنگٹن (این این آئی) حماس کی جانب سے غزہ کے لیے ٹرمپ کے امن منصوبے کی مشروط منظوری کے اعلان کے بعد امریکی ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے درمیان فون پر بات چیت ہوئی۔ ٹرمپ نے جواب کو معاہدے تک پہنچنے کے ایک موقع قرار دیا اور نیتن یاہو نے کہا کہ اس کا کوئی مطلب نہیں ہے۔ کال سے واقف ایک امریکی عہدیدار نے اطلاع دی کہ نیتن یاہو نے ٹرمپ کو بتایا کہ جشن منانے کے لیے کچھ نہیں ہے اور اس کا کوئی مطلب نہیں ہے۔ ایکسیوس کے مطابق ٹرمپ نے غصے سے جواب دیا کہ مجھے نہیں معلوم کہ آپ ہمیشہ اتنے منفی کیوں ہوتے ہیں۔ یہ ایک جیت ہے۔ اسے قبول کرلو۔ ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے نیتن یاہو کو بتایا کہ یہ ان کی فتح کا موقع ہے اور نیتن یاہو نے بالآخر اتفاق کرلیا۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ وہ اس کے ساتھ ٹھیک تھے، انہیں اس کے ساتھ ٹھیک رہنا ہے، ان کے پاس کوئی چارہ نہیں ہے۔ میرے ساتھ ہی تمہیں ٹھیک رہنا ہوگا۔ اس کال کے فوراً بعد ٹرمپ نے ایک بیان جاری کیا جس میں اسرائیل سے غزہ پر اپنے فضائی حملے بند کرنے کا مطالبہ کیا گیا اور صرف تین گھنٹے بعد نیتن یاہو نے یہ حکم جاری کیا۔ ایک اسرائیلی اہلکار کے مطابق نجی مشاورت میں نیتن یاہو نے اس بات پر زور دیا

کوئٹہ، ٹماٹر کی قیمتوں کی ٹرپل سنچری، دیگر سبزیاں بھی مہنگی، عوام پریشان

کوئٹہ کی منڈیوں میں ٹماٹر کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے، دکاندار کا حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری مداخلت کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹماٹر کی قیمتوں نے عوام کے گھریلو بجٹ کو ہلا کر رکھ دیا ہے، 50 روپے فی کلو میں ملنے والا ٹماٹر اب 280 سے 300 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہا ہے، جبکہ دیگر سبزیوں کی قیمتوں میں بھی ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ چند روز قبل ٹماٹر 50 روپے فی کلو میں دستیاب تھا تاہم دو روز پہلے 250 روپے اور اب 300 روپے فی کلو تک جا پہنچا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ پہلے 250 روپے میں پانچ کلو ٹماٹر آجاتے تھے، اب مشکل سے ایک کلو ملتا ہے۔ اس غیر معمولی مہنگائی نے شہریوں کے گھریلو اخراجات پر براہ راست اثر ڈالا ہے۔ دکانداروں کے مطابق کوئٹہ کی منڈیوں میں ٹماٹر کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے مقامی ٹماٹر دیگر صوبوں کو بھیجے جا رہے ہیں جبکہ کوئٹہ میں زیادہ تر ایران سے درآمد شدہ ٹماٹر فروخت ہوتے ہیں، جن کی قیمتیں پہلے ہی زیادہ ہیں۔ ٹماٹر کے ساتھ دیگر سبزیوں کی قیمتیں بھی عام شہری کی پہنچ سے باہر ہوگئی ہیں۔ کوئٹہ کی منڈیوں اور بازاروں میں میں لیموں 800 روپے فی کلو، ہری مرچ 200 روپے، کریلا 150 روپے، لہسن 250 روپے، ادرک 600 روپے، پیاز 300 سے 350 روپے، آلو 100 سے 150 روپے، شملہ مرچ 250 روپے، گاجر 100 روپے، کھیرا 120 روپے، مٹر 400 روپے، بھنڈی 150 روپے اور بند گوبھی 100 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہیں۔

پی آئی اے کو برطانیہ کیلئے کارگو کے بعد مسافر پروازوں کی بھی اجازت

برطانوی سیکیورٹی حکام قومی ایئرلائن کے طریقہ کار کا اچانک معائنہ کرسکیں گے۔ کئی سالوں کے بعد اب قومی ایئرلائن برطانیہ کو براہ راست کارگو بھیج سکے گی

قومی ایئرلائن کو کارگو پروازوں کی اجازت اسلام آباد، لاہور اور کراچی ایئرپورٹس سے برطانیہ کے لیے دی گئی ہے، اجازت نامہ جاری

کراچی (این این آئی) قومی ایئرلائن پی آئی اے کو برطانیہ کے لیے براہ راست پروازوں کی اجازت مل گئی ہے اس بارے میں برطانیہ کے ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹ نے قومی ایئرلائن کے سی ای او کے نام اجازت نامہ جاری کیا ہے جس کے مطابق قومی ایئرلائن کو پانچ سال بعد کارگو فلائٹس چلانے کی مستقل اجازت مل گئی۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق قومی ایئرلائن کو کارگو فلائٹس کے بعد برطانیہ کے لیے مسافر بردار پروازیں چلانے کی اجازت بھی مل گئی ہے۔ برطانوی ادارے کی جانب سے 23 ستمبر کو جاری ہونے والے خط کے مطابق قومی ایئرلائن کو کارگو پروازوں کی اجازت اسلام آباد، لاہور اور کراچی ایئرپورٹس سے برطانیہ کے لیے دی گئی ہے، کارگو فلائٹس کا اجازت نامہ 18 اگست 2030 تک کے لیے ہے۔ جاری خط کے مطابق اسلام آباد اور لاہور سے برطانیہ جانے والے سامان کی چیکنگ کیلئے EDS مشین کا استعمال نہیں ہوگا لیکن برطانوی سیکیورٹی حکام قومی ایئرلائن کے طریقہ کار کا اچانک معائنہ کر سکیں گے۔ کئی سالوں کے بعد اب قومی ایئرلائن برطانیہ کو براہ راست کارگو بھیج سکے گی، تاہم قومی ایئرلائن کے فضائی بیڑے میں اس وقت کوئی کارگو طیارہ موجود نہیں ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے کو برطانیہ کے لیے تھرڈ کنٹری آپریٹر (ٹی سی او) کی باضابطہ منظوری حاصل ہوگئی ہے، پی آئی اے مسافروں کے لیے آئندہ ماہ سے برطانیہ کے لیے براہ راست فضائی آپریشن کا آغاز کرے گا۔ پہلے مرحلے میں مانچسٹر کی پروازیں چلائی جائیں گی، جس کے بعد برمنگھم اور لندن کو بھی نیٹ ورک میں شامل کیا جائے گا۔ اس حوالے سے گزشتہ روز برطانوی محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے باقاعدہ طور پر پی آئی اے کو آگاہ کردیا گیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق گزشتہ روز ہی برطانوی محکمہ ٹرانسپورٹ نے پی آئی اے سیکیورٹی اور کارگو کو پانچ سال کے لیے ACC سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا

سندھ موٹر وہیکل رولز کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری — شرجیل میمن نے عوام کو خبردار کردیا

نئی ترامیم کے تحت بھاری کمرشل گاڑیوں کے مالکان کو نئی شرائط پر عمل کرنا لازم قرار دیا گیا

ترامیم میں فٹنس سرٹیفکیٹ، گاڑیوں کی مقررہ عمر کی حد اور جدید حفاظتی نظام کا لازمی نفاذ شامل

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ٹریفک قوانین اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سندھ موٹر وہیکل رولز 1969 میں اہم ترامیم کردی ہیں اور اس سلسلے میں ایک باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ نئی ترامیم کے تحت بھاری کمرشل گاڑیوں کے مالکان کو نئی شرائط پر عمل کرنا لازم قرار دیا گیا۔ ترامیم میں فٹنس سرٹیفکیٹ، گاڑیوں کی مقررہ عمر کی حد اور جدید حفاظتی نظام کا لازمی نفاذ شامل ہیں۔ سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے نئے ترامیم کے سلسلے میں ایک بیان میں کہا ہے کہ اب تمام بھاری کمرشل گاڑیاں اب محکمہ ٹرانسپورٹ کے قائم کردہ مراکز سے فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل کریں گی، خلاف ورزی کی صورت میں گاڑی مالکان پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے، جرمانے کی تمام رقوم آن لائن سندھ حکومت کے اکاؤنٹ میں جمع ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ نئی ترامیم میں گاڑیوں کی عمر کی حد بھی مقرر کردی گئی، انٹر پروونشل روٹس پر 20 سال سے زائد پرانی گاڑیوں کو پرمٹ نہیں دیا جائے گا، انٹرسٹی روٹس پر 25 سال سے زائد پرانی گاڑیاں چلانے کی اجازت نہیں ہوگی، شہروں کے اندر چلنے والی گاڑیوں کے لیے عمر کی حد 35 سال مقرر کی گئی ہے۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ قانون ایک سال کے اندر نافذ العمل ہوگا، اس دوران تمام گاڑیوں کے لیے روڈ ویردی ٹیسٹ لازمی ہوگا، خلاف ورزی پر پہلے مرحلے میں معمولی جرمانہ، دوسری بار 2 لاکھ روپے اور تیسری بار 3 لاکھ روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے یہ بھی لازمی قرار دیا ہے کہ اب کسی بھی بھاری یا ہلکی کمرشل گاڑی کو بغیر ٹریکنگ اور حفاظتی نظام کے چلنے کی اجازت نہیں ہوگی، ہر گاڑی میں جی پی ایس ٹریکنگ ڈیوائس، سامنے اور پچھلے رخ کے ہائی ڈیفینیشن کیمرے، ڈرائیور مانیٹرنگ کیمرا اور 360 ڈگری کیمرہ سسٹم لگانا ہوگا۔

ہالینڈ، لاکھوں شہری غزہ میں جنگ کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے

مظاہرین نے ریڈ لائن مارچ کی مناسبت سے سرخ لباس پہن رکھا تھا، فلسطینیوں کے حق میں نعرے بازی

ایمسٹرڈیم (این این آئی) دوسرے یورپی ملکوں کے بڑے شہروں کی طرح ایمسٹرڈم میں بھی لاکھوں مظاہرین نے غزہ میں اسرائیلی جنگ کے دو سال مکمل ہونے کے سلسلے میں سخت احتجاج کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیل کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں۔ مظاہروں کے منتظمین کے مطابق مظاہرین کی تعداد اڑھائی لاکھ کے لگ بھگ تھی۔ فلسطینیوں کے حق میں مظاہرے کرنے والے ان لوگوں کی اکثریت نے مارچ کے نام ریڈ لائن مارچ کی مناسبت سے سرخ لباس پہن رکھا تھا۔ اس احتجاجی مارچ کا اہتمام امریکی امن منصوبے کے اعلان سے پہلے سے کیا گیا تھا۔ تاکہ غزہ میں جنگ کے خاتمے کے لیے آواز اٹھا سکیں۔ دی پیکس ہالینڈ کے منتظمین غزہ میں امن کی امید ظاہر کرتے ہیں لیکن ان کا موقف ہے

فلسطین کے مستقبل کے فیصلے کا اختیار صرف فلسطینی عوام کو ہے، امیر افضل اعوان

سرگودھا (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث کے صوبائی ناظم رابطہ میڈیا امیر افضل اعوان نے کہا کہ عالمی امن کے اسرائیلی مظالم کے خاتمہ کے ساتھ فلسطین کے مسئلہ کا حل فلسطین کے باسیوں کی رائے کے مطابق کروایا جائے اور انہیں ان کے بنیادی انسانی حقوق فراہم کئے جائیں کیوں کہ اس کے بغیر عالمی امن کی ضمانت نہیں دی جاسکتی

جرائم کی پیشگوئی، لاہور پولیس نے مصنوعی ذہانت اے آئی نظام کا استعمال شروع کردیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے جرائم کی پیش گوئی کے لیے مصنوعی ذہانت اے آئی نظام کا استعمال شروع کردیا۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا تیار کردہ اے آئی سسٹم گزشتہ سالوں کے ڈیٹا کو استعمال کرے گا۔

اسپیشل برانچ پنجاب میں بھرتیوں پر عائد پابندی میں نرمی کی سمری تیار

انٹیلی جنس اور ٹیکنیکل کیڈر میں بھرتی کی اجازت کے لئے کابینہ سے منظوری طلب

لاہور (این این آئی) اسپیشل برانچ پنجاب میں بھرتیوں پر عائد پابندی میں نرمی کی سمری تیار کرلی گئی۔ ذرائع کے مطابق انٹیلی جنس اور ٹیکنیکل کیڈر میں بھرتی کی اجازت کے لئے کابینہ سے منظوری طلب کی گئی، پنجاب پولیس کی جانب سے گریڈ 14 سے گریڈ 17 کی بھرتیوں کی اجازت مانگی گئی۔ بھرتیاں اسپیشل برانچ کے ٹیکنیکل کیڈر اور انٹیلی جنس کیڈر کی منظور شدہ آسامیوں پر ہوں گی، آسامیوں پر بھرتی 2020ء کے رولز کے تحت رکی ہوئی تھی۔ کابینہ سے منظوری کے بعد اسپیشل برانچ رولز 2020ء میں ترمیم کے بعد بھرتی کی راہ ہموار ہوگی۔

کویت کی طرف سے فلسطینیوں کے لیے 16 واں امدادی طیارہ روانہ

امداد کویتی ادارے خیرات کی فراہم کردہ کھانے کی 540 ٹوکریوں پر مشتمل تھی، رپورٹ

کویت سٹی (این این آئی) کویت نے امدادی سامان کے ساتھ اپنا 16 واں طیارہ غزہ کے لیے روانہ کیا۔ عرب خلیجی ریاست ہوائی راستے سے فلسطینیوں کی امداد جاری رکھے ہوئے ہے۔ کویتی انجمن ہلال احمر کے نمائندہ طلال الہندی نے بتایا کہ فضائیہ کا طیارہ 10 ٹن غذائی سامان لے کر مصر کے شمالی سینائی کے العریش ایئرپورٹ پر اترا۔ یہ امداد کویتی ادارے خیرات کی فراہم کردہ کھانے کی 540 ٹوکریوں پر مشتمل تھی۔ کے آر سی ایس نے غزہ کے لیے امداد کی ترسیل کا اہتمام کویتی خارجہ، دفاع اور سماجی امور کی وزارتوں کے تعاون سے کیا۔

پاکستان کی حمایت میں پوسٹ غداری نہیں، بھارتی ہائیکورٹ

ایسی پوسٹس غصہ یا عدم ہم آہنگی کو ہوا دے سکتی ہیں، لیکن یہ غداری کے دفعات کے تحت نہیں آتیں، جج

الہ آباد (این این آئی) بھارت کی الہ آباد ہائیکورٹ نے شہری پر غداری کا مقدمہ ختم کرنے کا بڑا فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ پاکستان کی حمایت میں پوسٹ کرنا غداری نہیں۔ الہ آباد ہائیکورٹ نے سوشل میڈیا پر پاکستان کی حمایت میں پوسٹ کرنے کے الزام میں گرفتار ایک شخص کو ضمانت دیتے ہوئے فیصلہ سنایا کہ ایسی پوسٹس اگرچہ غصہ یا عدم ہم آہنگی کو ہوا دے سکتی ہیں، لیکن یہ غداری کے دفعات کے تحت نہیں آتیں۔ 26 ستمبر کے فیصلے میں عدالت نے میرٹھ کے رہائشی ساجد چوہدری کو ضمانت دی، جن پر مئی میں کامران بھٹی پر فخر ہے، پاکستان زندہ باد کی پوسٹ کرنے کا الزام تھا۔ انہیں بھارتیہ نیائے سنہیتا (بی این ایس) کی دفعہ 152) ہندوستان کی خودمختاری کو خطرہ (کے تحت گرفتار کیا گیا تھا اور وہ 13 مئی سے جیل میں تھے۔ ساجد کے وکیل نے عدالت میں استدلال کیا کہ انہوں نے پوسٹ نہ تو خود لکھی اور نہ بنائی، بلکہ صرف فارورڈ کی تھی

دفعہ 370 کی منسوخی، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی سرمایہ کاری کے مودی حکومت کے دعوے بے نقاب

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی آمد کے مودی حکومت کے بلند و بانگ دعوؤں کے باوجود سرکاری اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ علاقے میں بھارت کے دیگر علاقوں کی نسبت سب سے کم براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی ہے

بارکھان۔ ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر امیر جان ضلع کے مویشی پال کسانوں میں ادویات تقسیم کر رہے ہیں

آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں فائرنگ سے 16 افراد زخمی

مشتبہ شخص نے اپنے گھر سے سڑک پر گزرتی گاڑیوں اور پولیس پر فائرنگ کی، پولیس

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں فائرنگ سے 16 افراد زخمی ہوگئے، پولیس نے حملہ آور کو گرفتار کرلیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق آسٹریلیا کے شہر سڈنی کے علاقے انٹرویسٹ میں فائرنگ، 16 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کرنے والے 60 سالہ مشتبہ شخص کو گرفتار کرلیا ہے۔ مشتبہ شخص نے اپنے گھر سے سڑک پر گزرتی گاڑیوں اور پولیس پر فائرنگ کی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کرنے والے شخص نے ممکنہ طور سے 50 سے 100 گولیاں چلائیں۔ فائرنگ کرنے والے شخص گرفتار کرنے کی کوشش کی گئی

سپریم کورٹ، ہندو انتہا پسند وکیل نے بھارتی چیف جسٹس پر جوتا پھینک دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی سپریم کورٹ میں اس وقت ایک غیر معمولی واقعہ پیش آیا جب پیر کی صبح سماعت کے دوران ایک ہندو انتہا پسند وکیل نے چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی پر جوتا پھینکا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ 11 بج کر 35 منٹ پر کمرہ عدالت نمبر 1 میں پیش آیا

ہم نے بین الاقوامی نگرانی میں ہتھیار دینے پر اتفاق کیا ہے، حماس

اسرائیلیوں کی لاشیں اکٹھی کرنا شروع کردیں، مشن کو مکمل کرنے کے لیے بمباری روکنا ہوگی، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے ایک حصے کے طور پر حماس کے ایک ذریعے نے العربیہ کو بتایا ہے کیا کہ حماس نے اسرائیلیوں کی لاشیں جمع کرنا شروع کر دی ہیں اور مصر کے ذریعے مشن کو مکمل کرنے کے لیے مخصوص علاقوں میں فضائی بمباری روکنے کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ زندہ یرغمالیوں کی حوالگی ایک مرحلے میں ہوگی۔ اس معاملے میں امریکی لچک کے تناظر میں لاشوں کی حوالگی میں کچھ وقت لگے گا۔ ذرائع نے مزید کہا کہ تحریک حماس کو قطر کے ذریعے امریکی ضمانتیں ملی ہیں

زی نیوز، ٹائمز ناؤ نو بھارت اسلام دشمن ''مہندی جہاد'' کے پروپیگنڈے میں ملوث پائے گئے

مہندی لگانے والے مسلمان مہندی میں تھوک رہے ہیں یا ہندو خواتین کو مذہب کی تبدیلی پر آمادہ کر رہے ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی نیوز براڈ کاسٹنگ اینڈ ڈیجیٹل اسٹینڈرڈز اتھارٹی (این بی ڈی ایس اے) نے ٹی وی چینلز زی نیوز اور ٹائمز ناؤ نو بھارت کو اسلام دشمن اور من گھڑت ''مہندی جہاد'' اور ''لو جہاد'' کے پروپیگنڈا پروگرام نشر کرنے پر ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا قصوروار پایا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ فیصلہ میڈیا محقق اندرجیت گھورپڑے کی طرف سے باضابطہ شکایات درج کرانے کے بعد سامنے آیا جن میں چینلز پر مسلمانوں کو بدنام کرنے کے لئے مسلم دشمن نفرت انگیز تقاریر اور غلط معلومات پھیلانے کا الزام لگایا گیا تھا۔ اتھارٹی نے کہا کہ زی نیوز نے ایسا مواد نشر کر کے صحافت کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی ہے جس میں الزام لگایا گیا تھا کہ مہندی لگانے والے مسلمان آرٹسٹس ہندو خواتین کا مذہب تبدیل کراتے ہیں۔

کوئٹہ، سیکرٹری زراعت بلوچستان نور احمد پرکانی چیف سیکرٹری کی ہدایت پر پوست کی کاشت روکنے کے سلسلے میں ایکسائز اور محکمہ زراعت کے افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے اشتراک سے ریزیلینٹ اینڈ رائزنگ پاکستان کے عنوان سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہی ہیں

روزنامہ بولان
Daily BOLAN HUB Balochistan
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

آئین پاکستان

ہمیں ایک تحریری آئین کے ذریعے بنیادی حقوق تہذیبی دنیا سے ملتے ہیں۔ سترہویں صدی میں کلیسا کے سیاسی و معاشی اقتدار کے خلاف انقلاب برپا ہوا، جس نے سیکولرازم اور سیکولر روایات کی بنیاد ڈالی اور انھیں روایات نے بنیادی حقوق اور ان کی اہمیت کو جنم دیا۔

بنیادی حقوق کو فروغ دینے کے لیے دنیا کی مہذب اقوام نے آپس میں تعاون بڑھایا۔ ہٹلر کو شکست دی، آپس میں تعلقات کو بہتر بنایا، مضبوط بلاک بنایا، معاشی تعاون سے لے کر دفاعی تعاون کے لیے بہت سے معاہدے کیے گئے۔ یورپی یونین، نیٹو، ویزا پالیسی، آزاد تجارت کی ترجیحات کو فروغ دیا گیا۔ آئینیحقوق جانیں

یہ عمل ایک لحاظ سے فیڈریشن کے تصور کو اجاگر کرتا ہے اور اس طرح یورپی یونین وجود میں آئی جس میں جرمنی، فرانس، برطانیہ وغیرہ نے اپنے کچھ خودمختار اختیارات یورپین یونین کے حوالے کیے، جس کا ہیڈ کوارٹر برسلز ہے۔

یورپی یونین کا خیال، قدیم رومن امپائر سے جنم لیتا ہے۔ رومن امپائر ایک کلاسک مثال ہے، فیڈریشن کی۔ تمام یورپی ممالک پہلے رومن امپائر کا حصہ تھے اور رومن امپائر سوائے بنیادی حقوق کے باقی تمام پہلوؤں سے ایک فیڈریشن تھا۔ آئینیحقوق جانیں

ہندوستان بھی کلاسک فیڈریشن کی ایک مثال ہے اور اس فیڈریشن کو انگریزوں نے (Government of India Act 1935) میں بحال کیا، یوں کہیے کہ اس کی تاریخی شکل انیس بیس کے فرق سے نظر آئی اور پہلی بار یہ تحریری انداز میں سامنے آیا۔ (All India Federation) ہندوستان کا پہلا تحریری آئین تھا اور اسی کے وجود سے ہندوستان اور پاکستان بنے۔

یہ ایکٹ ہندوستان میں 1950 تک نافذ العمل رہا جب تک کہ ہندوستان کو ایک نیا تحریری آئین دیا گیا اور پاکستان میں یہ ایکٹ 1973 تک رہا، کیونکہ ہم نے چھبیس سال تک اس ملک کو کوئی تحریری آئین نہ دیا۔ یہ صحیح ہے کہ GI Act, 1935 ہندوستان کا پہلا تحریری آئین تھا مگر وہ آئین کے بنیادی خدوخال سے محروم تھا اور اہم بات یہ تھی کہ یہ ایکٹ Consenus Document نہیں تھا۔

ہندوستان کی سرحدوں پر موجود ریاستوں کی حکومت یہاں کی شرفا تھی اور باقی حکومت سینٹرل کے پاس تھی جیسا کہ خارجی تعلقات، دفاع اور کسی حد تک کرنسی بھی، اس خطے میں کنفیڈریشن تھی۔

پھر یہاں کی شرفا کی قیادت پر منحصر تھا کہ وہ بادشاہ کو مانیں یا نہ مانیں۔ بیرونی خطرات کے تناظر میں وہ بادشاہ جو دہلی کے تخت پر بیٹھتے تھے، وہ ان کا کہنا مانتے ہیں کہ نہیں۔ مغلوں کے ادوار یعنی پندرہویں صدی میں میں یہاں کنفیڈریشن نہیں تھی یہاں Quasi Confideration رہی یعنی سرحد پنجاب، سندھ، اب مرکز کی طرف تاریخی اعتبار سے مزید جڑے رہے لیکن فیڈریشن کا حصہ نہیں تھے۔

مغلوں نے ہندوستان کو پندرہ صوبوں میں تقسیم کیا۔ پنجاب، سندھ، ملتان، گجرات کے صوبوں میں صوبیداری نافذ تھی اور وہاں صوبیدار مقرر تھے، یہ صوبے فوجی اعتبار سے اہم تھے۔

مغلوں کی مرکزیت یعنی Core کے اندر جو صوبے آتے تھے، اس میں یوپی، بہار، گجرات آتے تھے اور جو فرنٹیئر کے صوبے تھے ان میں کابل، قندھار اور لاہور وغیرہ آتے تھے۔ مغلوں کا ایمپائر وحدانی طرز حکومت ضرور تھا مگر ان کا زاویہ فیڈرل تھا، یعنی مرکز مضبوط تھا لیکن ان کی حکومت لوکل حکمرانوں کی معرفت سے مضبوط تھی۔

اس کے بعد پہلی مرتبہ GI Act, 1935 کے تحت دیار کی نظام تھا، ایک ہی ریاست کے اندر دہری حکومت کا خاتمہ ہوا۔ پھر یہاں منتخب حکومتوں کا آغاز ہوا۔ پہلی مرتبہ پنجاب، سندھ، NWFP، اور بنگال و یوپی وغیرہ میں منتخب حکومتیں آئیں۔

ہمارا 1973 آئین بھی اسی تاریخی تناظر میں ہے۔ یہ آئین ان ہی صوبوں کے تناظر میں ہے جو ہندوستان کا core حصہ نہیں رہے، جو صوبے سرحدوں پر تھے ان میں فیڈریشن یا مرکزیت ضرور رہی مگر فیڈریشن کے خدوخال رکھتے تھے جیسا کہ سندھ، پنجاب اور سرحد وغیرہ میں کنفیڈریشن رہی یا پھر اگر مرکزیت لاگو کرنے کی کوشش کی گئی تو وہ چل نہ سکے، کیونکہ یہ صوبے آزاد ہو جاتے تھے جب مرکز کمزور ہو جاتا تھا۔ آئینیحقوق جانیں

1950 ہندوستان کا آئین اس تاریخی تسلسل کو سمیٹتے ہوئے سینٹرلائزڈ فیڈریشن کا تصور دیتا ہے اور پاکستان کے 1973 کے آئین کا آرٹیکل 239(4) رضامندی پر مبنی فیڈریشن کا تصور دیتا ہے۔ مسئلہ کہاں ہے؟ مسئلہ ہے اس کے تسلسل کا جو میں نے پہلے بھی عرض کیا، جو ہندوستان کو نصیب ہوا۔

ایک مضبوط پارٹی یعنی کانگریس، لہذا وہاں فوراً تحریری آئین بنا جس کو پائلٹ کیا ڈاکٹر امبیڈکر جیسے لوگوں نے۔ گو کہ وہاں چودہ صوبے تھے اور اب اٹھائیس ریاستیں اور آٹھ یونین ٹیریٹریز ہیں لیکن ہندوستان بحیثیت ایک فیڈریشن ہزاروں سال پرانا ہے، وہاں آج تک جمہوریت جاری و رائج ہے۔

وہاں کسی آمر نے اقتدار پر قبضہ نہیں کیا۔ جیسا کہ پاکستان میں ہوا، نہ ہی انھوں نے کبھی اپنی سرزمین کو امریکی مفادات کے لیے استعمال ہونے دیا۔ ہماری سرزمین کی جغرافیائی اہمیت جو مغلوں کے ادوار میں بھی تھی اور ہمیشہ رہی، سرد جنگ کے زمانے میں اہمیت کی حامل ہو گئی۔ بیرونی طاقتوں نے اس کو ویسے ہی استعمال کیا جس طرح سے انگریزوں نے کیا، یہاں کے لوگوں کو اپنا سپاہی بنایا، یہاں فوجی اڈے اور ہیڈ کوارٹرز بنائے کیونکہ انگریز حکومت کو کابل اور سینٹرل ایشیا کے راستے روس سامراج سے خطرہ تھا۔ سرکاری خدمات ڈھونڈیں

قوم کے پاسبانوں کو سلام: یومِ دفاع، یومِ ایئرفورس اور یومِ نیوی

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

6، 7 اور 8 ستمبر پاکستان کے لیے انتہائی جذباتی اور وطن کی محبت سے سرشار دن ہیں، جو فوج، فضائیہ اور بحریہ کو قوم کے حقیقی پاسبان کے طور پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ 6 ستمبر کو یوم دفاع 1965 کی جنگ اور پاکستانی فوجیوں اور شہریوں کی شجاعت کی یاد میں منایا جاتا ہے جنہوں نے جارحیت کا مقابلہ کیا، جبکہ ان شہدا اور غازیوں کو یاد کیا جاتا ہے جن کی قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ 7 ستمبر کو یوم فضائیہ پائلٹوں، انجینئروں، گراؤنڈ عملے اور معاون عملے کو ان کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری پر خاص طور پر 1965 کی فضائی جنگوں، بشمول اسکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم کے مشہور کارناموں، کے لیے خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ ایئر شو اور فلائی پاسٹ پاکستان ایئر فورس کی جدید ٹیکنالوجی، مہارت، تیاری اور مستعدی کو ظاہر کرتے ہیں۔ 8 ستمبر کو یوم بحریہ ملکی ساحلی پٹی، بحری مفادات، تجارتی راہداریوں اور خصوصی اقتصادی زون کے تحفظ میں پاکستان نیوی کے کردار کو تسلیم کرتا ہے، جس میں آپریشن دوارکا کو 1965 کی جنگ کے ایک نمایاں کارنامے کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ بحریہ کو بحری سیکیورٹی، انسانی امداد، قدرتی آفات کے دوران امدادی کارروائیوں اور پیچیدہ آپریشنز کے لیے بھی سراہا جاتا ہے، جس میں اس کی آبدوزیں، فریگیٹ، میزائل بوٹس، نیول ایوی ایشن، میرینز اور نیوی اسپیشل سروسز گروپ اس کی صلاحیتوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ سمندر پر اور اپنے خاندانوں سے دور خدمات انجام دینے والے اہلکاروں کی قربانیوں کو بحریہ کی عظمت کو اجاگر کرنے والے مظاہروں، بینڈز اور نمائشوں کے ذریعے یاد کیا جاتا ہے۔

یہ تقریبات صرف فوجی فتوحات کی یاد دہانی سے بڑھ کر ہیں؛ یہ قوم کی طرف سے اپنے محافظوں کے لیے محبت، عقیدت اور شکر گزاری کا اظہار ہیں، سیاچن میں خدمات انجام دینے والے فوجیوں اور خطرناک مشنوں پر پرواز کرنے والے پائلٹوں سے لے کر سمندر میں موجود سیلرز تک، نیز شہدا کے خاندانوں کے لیے جن کا صبر، حوصلہ اور تعاون فوجی خدمت کو ممکن بناتا ہے۔ پاکستان میں لوگ پرچموں، سبز اور سفید لباس، پریڈز، ایئر شوز، اسکولوں اور یونیورسٹیوں کی تقریبات، میڈیا پروگراموں، دستاویزی فلموں، غازیوں کے انٹرویوز اور سوشل میڈیا پر خراج تحسین کے ذریعے متحد ہوتے ہیں، جبکہ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی اس میں حصہ لیتے ہیں اور اپنے وطن سے وفاداری کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ تقریبات شجاعت، قربانی، اتحاد، استقامت، حکمت عملی اور اعتماد کو اجاگر کرتی ہیں، جبکہ یہ سبق دیتی ہیں کہ قومی دفاع ایک اجتماعی ذمہ داری ہے اور شہریوں کو چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کی ترغیب دیتی ہیں۔ وہ امن اور پڑوسیوں کے ساتھ پرامن بقائے باہمی کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتی ہیں، جبکہ یہ واضح کرتی ہیں کہ پاکستان اپنی خودمختاری کے دفاع کے لیے ہمیشہ تیار ہے۔ چونڈہ، فضائی معرکوں اور بحری آپریشنز کی بہادری کی داستانیں قومی ہیروز کی یاد کو محفوظ رکھتی ہیں، جبکہ اندرونی سیکیورٹی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، آفات میں امداد اور سماجی بہبود میں مسلح افواج کی خدمات قومی زندگی میں ان کے مقام کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ 6 سے 8 ستمبر کے دن شہدا اور ہیروز کی قربانیوں کو زندہ رکھتے ہیں، اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں کو متحد کرتے ہیں اور ان کی خدمت، شجاعت اور استقامت کی میراث آنے والی نسلوں تک منتقل کرتے ہیں۔

ملک کی قیادت، بشمول صدر اور وزیراعظم، فوجی قیادت کے ساتھ مل کر ان اہم ایام پر قوم کے ہیروز کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے۔ قومی ہیروز کے مزارات پر خصوصی تقریبات منعقد کی جاتی ہیں، جیسے کہ میجر راجہ عزیز بھٹی کا مزار، جنہیں 1965 کی جنگ کے دوران ان کی غیر معمولی قیادت اور بہادری پر پاکستان کا سب سے بڑا ملٹری گیلنٹری ایوارڈ نشانِ حیدر دیا گیا تھا۔ پوری قوم ملک کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے اور اس وقت سرحدوں پر خدمات انجام دینے والے سپاہیوں کی سلامتی اور عافیت کے لیے دعا کرتی ہے۔ مذہبی رہنما بھی حب الوطنی کی اہمیت اور وطن کی حرمت پر زور دیتے ہیں اور عوام کو مسلح افواج کے لیے دعا کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ مقصد اور عقیدے کا یہی اتحاد پاکستان کو ایک مضبوط اور باہمت قوم بناتا ہے جو کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج ملک کا سب سے قابلِ احترام ادارہ ہیں اور ستمبر کی یہ تقریبات اس بے پناہ اعتماد اور عقیدت کی عکاسی کرتی ہیں۔ پاکستان کے سپاہی صرف جنگجو نہیں ہیں؛ وہ رول ماڈل ہیں، نظم و ضبط، عزت اور بے غرضی کی علامت ہیں۔ ان کا طرزِ زندگی اور لگن نوجوانوں کے لیے مشعلِ راہ ہے، جو انہیں محنت، استقلال اور حب الوطنی کی قدریں سکھاتی ہے۔ حکومت اور نجی شعبہ بھی شہدا اور غازیوں کے خاندانوں کے لیے مختلف فلاحی اور تفریحی پروگراموں کا اہتمام کرنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ وہ ریاست اور معاشرے کی طرف سے خود کو قابلِ قدر محسوس کریں۔ میڈیا مہمات، قومی نغمے اور خصوصی نشریات اس طرح ترتیب دی جاتی ہیں تا کہ قومی فخر کا احساس پیدا ہو اور اس بات کو یقینی بنایا [illegible]

جائے۔ پاکستانی عوام کا اپنی مسلح افواج کے ساتھ جو جذباتی تعلق ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی اور یہی وہ رشتہ ہے جو ملک کے دفاع کو ناقابلِ تسخیر بناتا ہے۔ دشمن اس بات سے اچھی طرح واقف ہے کہ پاکستان پر کوئی بھی حملہ صرف اس کی فوجی تنصیبات پر حملہ نہیں ہے بلکہ اس کے عوام کے دل پر حملہ ہے، جو اپنی پاک سرزمین کی خاطر سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔

مشکلات کے سامنے مسلح افواج کی طرف سے دکھایا گیا غیر متزلزل عزم قوم کے حقیقی پاسبانوں کے طور پر ان کے مقام کو مضبوط کرتا ہے۔ ان کی دی گئی قربانیاں صرف ماضی کے قصے نہیں ہیں بلکہ ان کی مسلسل بیداری اور تیاری کا ایک زندہ ثبوت ہیں۔ پاکستان آرمی، ایئرفورس اور نیوی ایک جامع اور مضبوط دفاعی نظام کو برقرار رکھنے کے لیے انٹیلی جنس اور وسائل کا تبادلہ کرتے ہوئے، بہترین ہم آہنگی کے ساتھ کام کرتی ہیں۔ ان کی آپریشنل صلاحیتیں، جو سخت تربیت اور مشقوں کے ذریعے حاصل کی گئی ہیں، کسی بھی دشمن عنصر کے لیے ایک مؤثر رکاوٹ ہیں۔ قوم کو اس بات کو جان کر تحفظ اور اعتماد کا گہرا احساس ہوتا ہے کہ یہ بہادر مرد اور خواتین ہمیشہ تیار ہیں، کسی بھی خطرے کا پوری طاقت سے جواب دینے کے لیے مستعد ہیں۔ مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قابلیت کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے اور انہوں نے دنیا بھر میں اقوامِ متحدہ کے امن مشنز میں اپنا حصہ ڈالا ہے، جس سے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ ستمبر کی تقریبات آزادی کی قیمت اور اس امن کی قدر پر غور کرنے کا وقت ہیں جس سے ہم لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ یہ ملک کے ساتھ اپنے عزم کی تجدید کرنے اور اس کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کا وقت ہے۔ جیسے ہی پاکستان کے شہری اپنی مسلح افواج کو سلام پیش کرتے ہیں، وہ ان شہدا کو بھی یاد کرتے ہیں جنہوں نے عظیم ترین قربانی دی، جن کے نام قوم کی تاریخ میں ہمیشہ کے لیے درج ہیں اور جن کی روحیں لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ ہیں۔ پاکستان کا روشن مستقبل اس کی نوجوان نسل کے کندھوں پر قائم ہے اور یہ ایام ان میں ذمہ داری کے احساس اور وطن سے محبت کو پیدا کرنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ قوم اپنی مسلح افواج کی ہمیشہ کے لیے احسان مند ہے اور یومِ دفاع، ایئرفورس اور نیوی کی تقریبات اس بے پناہ ممنونیت کا ایک عاجزانہ اظہار ہیں۔ قوم کی دعائیں ہمیشہ اپنے سپاہیوں کے ساتھ ہیں، ان کے لیے مسلسل کامیابی اور ان کے پیاروں کی طرف محفوظ واپسی کی خواہاں ہیں۔ 6، 7 اور 8 ستمبر کا جذبہ ایک قومی اثاثہ ہے، فخر اور اتحاد کی ایک ایسی علامت جو آنے والی صدیوں تک چمکتی رہے گی، ہر پاکستانی کو اس کی قوم کی طاقت اور استقلال کی یاد دلاتی رہے گی اور ان غیر معمولی ہیروز کی بھی جو اس طاقت کو ممکن بناتے ہیں۔

خود سے بڑھ کر

تحریر: تنویر حفیظ ایوبی

طالب علم گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ونڈر

ماضی میں استاد کا مقام نہایت بلند و بالا تھا، وہ معاشرتی ڈھانچے کا ستون اور فکری رہنمائی کا سرچشمہ تھا۔ استاد نہ صرف علم کا خزانہ تھا بلکہ ایک نمونۂ عمل بھی۔ اس کے ایک لفظ، ایک اشارے یا ایک نظر سے نسلیں راہِ ہدایت پر چل نکلتی تھیں۔ یہ وہ سنہری دور تھا جب استاد کو نہ صرف تعلیمی اداروں میں بلکہ پورے معاشرے میں عزت و احترام حاصل تھا۔ بچے استاد کی باتوں کو دل و جان سے سنتے اور ان کے اندر حکمت و صداقت کا یقین ہوتا۔ استاد کی باتوں میں نہ صرف علم کی گہرائی ہوتی، بلکہ اس میں انسانیت اور اخلاقی قدریں بھی پروئی جاتی تھیں۔

اس وقت اساتذہ کا مقصد صرف کتابوں کا علم دینا نہیں تھا، بلکہ وہ بچوں کو انسانیت کے اعلیٰ اصولوں، اخلاقی تربیت اور معاشرتی ذمہ داریوں سے روشناس کراتے تھے۔ ان کی نظر میں تعلیم صرف ذہنی نشوونما کا ذریعہ نہیں تھی، بلکہ یہ ایک ایسی تربیت تھی جو انسان کے دل و دماغ کو روشن کر کے اس میں فرد کی کردار سازی کرتی تھی۔ اسی لیے، استاد کا احترام ہر گھر میں، ہر دل میں اور ہر زبان پر تھا۔ بچوں کے دلوں میں استاد کی عزت بے حد تھی اور والدین بھی استاد کی توقیر کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ کسی بھی بچے کی کامیابی میں استاد کا کردار سب سے اہم سمجھا جاتا تھا۔

مگر وقت نے استاد کے اس عظیم مقام کو کم کر دیا ہے۔ آج کے دور میں استاد کو صرف ایک تدریسی کردار کے طور پر دیکھا جاتا ہے، اور اس کی محنت اور لگن کو اکثر نظر انداز کیا جاتا ہے۔ آج کا استاد صرف علم دینے والا نہیں بلکہ محض ایک "پے رول" پر کام کرنے والا فرد بن چکا ہے۔ اس کی عزت و تکریم میں کمی آ چکی ہے اور معاشرتی سطح پر اس کی اہمیت محض ایک معمولی کام کرنے والے شخص کی سی ہو چکی ہے۔ تعلیم کے معیار میں اضافہ تو ہو رہا ہے، مگر استاد کا وہ مقام اب نظر نہیں آتا جو کبھی اس کا حق تھا۔

اس سے بھی بڑھ کر، بچوں میں استاد کا وہ احترام اور محبت کم ہوتی جا رہی ہے جو ماضی میں تھی۔ آج کے طلبہ اکثر امتحانات کی کامیابی کو سب کچھ سمجھتے ہیں، اور ان کے لیے استاد کا کردار صرف ایک علم دینے والے شخص تک محدود رہ گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے طالب علموں کے دلوں میں اساتذہ کی عزت کا وہ جذبہ نہیں رہا جو پہلے تھا۔

پھر بھی، مایوسی کی کوئی بات نہیں ہے، کیونکہ ابھی وقت ہے کہ ہم اس تبدیلی کو واپس لائیں۔ ہمیں استاد کو وہ مقام واپس دینا ہوگا جو ماضی میں تھا۔ ہمیں اسے صرف ایک تدریسی کردار سے آگے بڑھ کر اس کی شخصیت کی قدر کرنی ہوگی۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ استاد وہ شخص ہے جس کی تربیت سے پوری نسلیں تیار ہوتی ہیں۔ اس کا اثر صرف موجودہ دور پر نہیں بلکہ آنے والے کل پر بھی پڑتا ہے۔ اگر ہم اپنے اساتذہ کو وہ عزت و احترام دیں جو وہ واقعی کے حق دار ہیں، تو نہ صرف اساتذہ کا وقار بحال ہوگا بلکہ اس سے نسلوں کی تربیت بھی بہتر ہوگی۔ ایک استاد جو صرف تعلیم نہیں دیتا بلکہ کردار کی تعمیر بھی کرتا ہے، وہ سچ میں قوم کا معمار ہوتا ہے۔ ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے اور اسے وہ مقام دینا چاہیے جو ماضی میں تھا۔

اس کے لیے اداروں، والدین اور طلبہ سب کو مل کر استاد کی عزت و احترام کے اس روایتی رشتہ کو دوبارہ زندہ کرنا ہوگا۔ تا کہ ایک نئی نسل ابھرے جو نہ صرف علم سے بھرپور ہو، بلکہ انسانیت کے اعلیٰ اصولوں کی بھی پیروکار ہو۔ اس استاد کا علم اور تربیت ہی اس قوم کا مستقبل بنے گا۔

ماضی میں استاد کو معاشرتی سطح پر نہایت عزت و احترام حاصل تھا، اور اس کا کردار ہر سطح پر معتبر اور قابلِ تقدیر سمجھا جاتا تھا۔ وہ وہ شخصیت تھا جس کی ایک نصیحت، ایک بات، یا ایک محض اشارہ پورے معاشرے کی تقدیر بدلنے کی طاقت رکھتا تھا۔ استاد کا کمرہ درس ایک عبادت گاہ کی مانند تھا، جہاں علم و تربیت کی روشنی پھیلتی تھی۔ اس وقت، استاد کا مقام نہ صرف تعلیمی ادارے میں تھا، بلکہ پورے معاشرے میں اس کی عزت کی جاتی تھی۔

لیکن بدقسمتی سے، وقت کی دھار نے استاد کو وہ مقام نہیں دیا جو اس کا حق تھا۔ آج کے دور میں، استاد کو صرف ایک علم دینے والا فرد سمجھا جاتا ہے، اور اس کی عظمت کہیں کھو چکی ہے۔ بدلتے ہوئے زمانے کے تقاضوں نے استاد کو محض ایک "پے رول" پر کام کرنے والے شخص کی مانند بنا دیا ہے۔ اس کی محنت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، اور اس کی عزت و تکریم میں کمی آئی ہے۔ پہلے اساتذہ محض تعلیم دینے والے نہیں تھے، بلکہ وہ قوموں کے معمار تھے جو اپنے علم سے پورے معاشرے کو نئے راستے دکھاتے تھے۔ ان کا کمرہ درس محض تدریس کا مقام نہیں تھا، بلکہ یہ ایک پلیٹ فارم تھا جہاں انسانیت کی حقیقت سکھائی جاتی تھی۔ آج وہی استاد جس کی عزت ایک زمانے میں دلوں میں بستی تھی، اب اس کے سامنے کئی چیلنجز ہیں۔ وہ علم جو کبھی اس کی عزت کا سبب بنتا تھا، اب اسے محض ایک نوکری کے طور پر انجام دینا پڑ رہا ہے۔

یہ تبدیلی صرف اساتذہ تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ ایک اجتماعی مسئلہ بن چکا ہے۔ آج کے دور میں استاد وہ مقام حاصل نہیں کر پا رہا جو اس کا حق تھا، اور اس کی عزت میں کمی واقع ہو چکی ہے۔ یہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اس تبدیلی کا سدباب کریں اور استاد کو اس کا وہ مقام واپس دیں جو ماضی میں تھا۔

اگر ہم استاد کی عزت کو حقیقی اہمیت کو سمجھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کے کردار کو نئے سرے سے سمجھنا ہوگا۔ استاد وہ شخصیت ہے جو ایک قوم کے اخلاقی، فکری، اور روحانی مستقبل کی بنیاد رکھتی ہے۔ اس کا علم نہ صرف ذہن کو روشن کرتا ہے بلکہ دلوں میں محبت، احترام، اور انسانیت کی جڑیں بھی بوتا ہے۔

اب ہمیں اساتذہ کی عزت و تکریم کو دوبارہ معاشرتی رواج بنانا ہوگا۔ ہمیں اس بات کا احساس دلانا ہوگا کہ استاد صرف علم کا ذریعہ نہیں، بلکہ ایک رہبر ہے جو ہر شاگرد کی زندگی میں تبدیلی لے کر آتا ہے۔ اس کے بغیر قوم کی کامیابی محض خواب رہ جائے گی۔

لہٰذا، اب وقت آ چکا ہے کہ ہم استاد کی عزت و اہمیت کو دوبارہ زندہ کریں اور اسے وہ مقام دیں جس کا وہ ہمیشہ سے حق دار رہا ہے۔ یہی وہ بنیاد ہے جو ہمیں ایک بہتر اور کامیاب معاشرہ فراہم کرے گی، جہاں اساتذہ کو ان کی محنت کا پھل ملے گا اور علم کا دریا دوبارہ روشن ہوگا۔

آج کا دور استاد کی عظمت کو کم کرنے والا ہے، مگر ہم میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ اس علم و حکمت کے سرچشمے کی اہمیت کو دوبارہ اجاگر کریں۔ اساتذہ وہ ستون ہیں جن کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی، اور ان کے بغیر کوئی معاشرہ اپنی فلاح و بہبود کے راستے پر نہیں چل سکتا۔ ہمیں استاد کو وہ مقام دینا ہوگا جس کا وہ ہمیشہ سے حق دار رہا ہے۔ صرف تبھی ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جہاں علم کا اصل مقصد نہ صرف امتحانات کی کامیابی ہو، بلکہ زندگی کے حقیقی اسباق، اخلاقی اقدار اور انسانیت کے اصول بھی سکھائے جائیں۔ پہلے استاد کا مقام وہ تھا جو ہر دل میں راسخ تھا، وہ تھا جو علم کی روشنی کے ساتھ ہر راہ میں رہبر بن کر کھڑا تھا، مگر آج وہ مقام مٹ چکا ہے اور استاد کو محض ایک تدریسی کردار کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ ہمیں استاد کے اس مقام کو واپس لانا ہوگا، اور اس کے لیے معاشرے، اداروں اور ہر فرد کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

6 ستمبر یومِ دفاع، 7 ستمبر یومِ فضائیہ

تحریر۔۔۔ شاہد غزالی

پاکستان میں 6 ستمبر یوم دفاع کے طور پر منایا جاتا ہے، جبکہ 7 ستمبر کو یوم فضائیہ منایا جاتا ہے۔ یہ دونوں دن ہماری قومی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ 1965 کی جنگ میں پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے ملک کی فوجی طاقت کا مقابلہ کیا اور اپنی آزادی، خودمختاری اور سرحدوں کے دفاع کے لیے بے مثال عزم کا مظاہرہ کیا۔ 6 ستمبر 1965 کو بھارت نے بین الاقوامی سرحد عبور کرتے ہوئے لاہور کے محاذ سمیت پاکستان کے مختلف علاقوں پر حملہ کیا۔ پاکستانی افواج نے اس اچانک حملے کا بھرپور مقابلہ کیا اور دشمن کو آگے بڑھنے سے روک دیا۔ لاہور، سیالکوٹ اور دیگر محاذوں پر پاکستانی فوج نے غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کیا۔ اور پھر پاک فضائیہ میدان میں اتری 1965 کی جنگ میں سب سے اہم کردار پاکستان ایئرفورس نے ادا کیا۔ بھارتی فضائیہ تعداد اور مجموعی وسائل کے اعتبار سے پاکستان سے کہیں بڑی تھی، لیکن پاک فضائیہ کے تربیت یافتہ پائلٹوں، بہتر آپریشنل تیاری، موثر ریڈار و کنٹرول نظام اور جنگی حکمت عملی نے اس عددی برتری کو بے اثر کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ بھارتی فضائیہ نے پاکستانی ہوائی اڈوں اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تو پاک فضائیہ نے فوری جوابی کارروائی کی۔ پاکستانی جنگی طیاروں نے نہ صرف اپنے فضائی اڈوں کا دفاع کیا بلکہ دشمن کے ہوائی اڈوں اور زمینی اہداف پر بھی حملے کیے۔ 6 ستمبر کو پٹھان کوٹ ایئر بیس پر پاک فضائیہ کا حملہ جنگ کے نمایاں فضائی آپریشنز میں شمار ہوتا ہے۔ اس کارروائی میں بھارتی طیاروں کو زمین پر بھی نقصان پہنچایا گیا۔ دوسری جانب 7 ستمبر کو سرگودھا پر بھارتی فضائی حملوں کا مقابلہ کرتے ہوئے پاک فضائیہ کے پائلٹوں نے دشمن کے کئی طیارے مار گرائے۔ اس موقع پر اسکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم کا تاریخی کارنامہ یاد رکھنے کے قابل ہے 1965 کی جنگ کا ذکر اسکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ 6 ستمبر کو انہوں نے ایک فضائی معرکے میں دو بھارتی ہنٹر طیارے مار گرائے اور مزید تین کو نقصان پہنچایا۔ اگلے روز سرگودھا کے دفاع کے دوران انہوں نے پانچ بھارتی ہنٹر طیارے مار گرائے۔ اسی طرح اسکواڈرن لیڈر سرفراز احمد رفیقی نے 6 ستمبر کو ہلواڑہ کے خلاف کارروائی میں غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کیا اور دشمن کے طیاروں کا مقابلہ کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا۔ ان کی قیادت اور قربانی پاک فضائیہ کی تاریخ کا روشن باب ہے۔ 1965 کی جنگ میں یہ کہنا زیادہ درست ہے کہ پاک فضائیہ نے اپنی کم تعداد کے باوجود بھارتی فضائیہ کو سخت مزاحمت دی اور متعدد اہم فضائی معرکوں میں برتری حاصل کی۔ پاک فضائیہ کی اصل کامیابی کیا تھی؟ 1965 میں بھارت کے پاس پاکستان کے مقابلے میں کہیں زیادہ جنگی طیارے تھے۔ بھارتی فضائیہ کے پاس تقریباً 460 جنگی طیارے جبکہ پاکستان کے پاس تقریباً 186 جنگی طیارے تھے۔ اس کے باوجود بھارتی فضائیہ پاکستان کی فضائی قوت کو ختم کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ بھارتی سرکاری تاریخی ریکارڈ بھی تسلیم کرتا ہے کہ دونوں فضائی افواج نے سخت مقابلہ کیا۔ یہی پاک فضائیہ کی اصل کامیابی تھی کہ اس نے تعداد کے بجائے تربیت، پیشہ ورانہ مہارت، جرات، قیادت اور جنگی حکمت عملی کو اپنی طاقت بنایا۔ 1965 سے 2025 تک ایک شاندار سفر پر بات کریں تو پاک فضائیہ کی کارکردگی صرف 1965 تک محدود نہیں رہی۔ وقت کے ساتھ پاکستان نے اپنی فضائی دفاعی صلاحیتوں، جدید جنگی طیاروں، میزائل ٹیکنالوجی، ریڈار، نگرانی اور کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کو مسلسل بہتر کیا۔ مئی 2025 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید فوجی کشیدگی کے دوران بھی فضائی محاذ انتہائی اہم رہا۔ پاکستان نے بھارتی حملوں کے جواب میں کارروائیاں کیں۔ پاکستان نے متعدد بھارتی طیارے مار گرائے اور بھارت میں کھلبلی مچادی جبکہ بھارت نے مکمل نقصانات کی تفصیل کی تصدیق نہیں کی۔ بھارت پاک فضائیہ کے تابڑ توڑ حملوں پر گھبرا گیا تو 10 مئی 2025 کو جنگ بندی کا سہارا لیا۔ لہذا 2025 کے واقعات کو بیان کرتے ہوئے یہ کہنا زیادہ محتاط اور درست ہوگا کہ پاک فضائیہ نے بھارتی حملوں کا مؤثر جواب دیا اور فضائی محاذ پر اپنی دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ کیا، جس کے بعد دونوں ممالک جنگ بندی پر پہنچے۔ یوم فضائیہ کا پیغام یہی ہے کہ 6 ستمبر ہمیں اپنی سرزمین کے دفاع کا درس دیتا ہے اور 7 ستمبر ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ کسی بھی ملک کی طاقت صرف اس کے ہتھیاروں یا طیاروں کی تعداد میں نہیں ہوتی بلکہ اس کے جوانوں کی تربیت، جذبے، قیادت، ٹیکنالوجی اور وطن کے لیے قربانی دینے کے عزم میں ہوتی ہے۔ 1965 کے شہدا نے اپنے خون سے یہ ثابت کیا کہ پاکستان کے دفاع کے لیے اس کے سپوت ہر مشکل کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ آج بھی پاک فضائیہ کے شہدا، پائلٹوں، انجینئروں، تکنیکی عملے اور تمام اہلکاروں کی قربانیاں ہمارے لیے باعثِ فخر ہیں۔ یوم دفاع اور یوم فضائیہ ہمیں جنگ کی خواہش نہیں بلکہ امن کے ساتھ اپنی آزادی، خودمختاری اور وطن کے دفاع کے عزم کا پیغام دیتے ہیں۔ پاکستان زندہ باد پاک فضائیہ پائندہ باد شہداِ پاکستان کو سلام

شیر اپنی کچھار سے باہر نکل آیا؟

تحریر: تنویر قیصر شاہد

محمد حنیف صاحب ہمارے ملک کے عالمی شہرت یافتہ ناول نگار ہیں۔ انھیں ادب میں بین الاقوامی شہرت اس لیے ملی ہے کیونکہ ان کے ناول انگریزی زبان میں لکھے گئے ہیں۔ ایک ناول تو ان کا پاکستان میں ممنوع بھی قرار دیا جا چکا ہے۔ موصوف ایک برطانوی نشریاتی ادارے کے لیے اردو میں کالم بھی لکھتے ہیں اور اسی ادارے کے لیے پنجابی زبان میں ویلاگ بھی کرتے ہیں۔

ان کی پنجابی سن کر ہمیں تو رشک آتا ہے کہ کاش ہم بھی ان ایسی پنجابی لکھ اور بول سکتے! محمد حنیف صاحب نے گزشتہ روز غیر ملکی صحافتی ادارے کے لیے لکھے گئے اپنے کالم (بعنوان: منیر نیازی پر پیکا لگائیں) میں طنزیہ (Satirical) انداز میں یوں لکھا: اور وہ جو منیر نیازی کی ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں والی نظم ہے۔ اِس میں ملک کے تین بار وزیر اعظم رہنے والے بزرگ سیاستدان، نواز شریف، کا مذاق نہیں اڑایا گیا؟

مذکورہ صاحبِ کالم نے نواز شریف بارے ملفوف طنز کرتے ہوئے یہ کہنے کی کوشش کی ہے کہ وہ ہمیشہ دیر کر دیتے ہیں۔ دیر سے بولتے ہیں۔ دیر سے سیاسی بیان دیتے ہیں۔ حالانکہ حقیقی طور پر ایسا نہیں ہے۔ ویسے زیادہ بول کر اور ہر بات پر بول کر بانی پی ٹی آئی نے کیا کھٹ، کما لیا ہے؟ نواز شریف کم بولتے ہیں، مگر تول کر بولتے ہیں۔ ان کی زبان سے ادا ہونے والے کم الفاظ بھی قومی میڈیا میں شہ سرخیوں سے شایع اور نشر ہوتے ہیں۔ اِسی سے ہم ان کی شخصیت اور ادا کیے گئے الفاظ کی اہمیت اور حیثیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ وہ بانی پی ٹی آئی کے دور میں، بیماری کی حالت میں، لندن جا براجے اور وہاں چند سال مقیم رہے۔ تب بھی کم کم بولتے سنائی دیے۔ کبھی کبھار اپنے صاحبزادگان کے دفاتر میں داخل ہوتے اور وہاں سے نکلتے وقت مقامی لندنی پاکستانی صحافیوں سے چند الفاظ کا تبادلہ کر لیا کرتے تھے۔

نواز شریف فروری 2024 کے انتخابات سے چند ماہ قبل پاکستان آئے تو بھی کم کم بولے۔ البتہ لاہور کے مینارِ پاکستان کے جلسے میں وہ خوب بولے۔ فروری کے انتخابات کے نتائج ان کے حسبِ منشا برآمد نہ ہوئے تو میاں محمد نواز شریف کو چپ سی لگ گئی۔ وہ، ان کے برادرِ خورد، ان کی صاحبزادی اور ان کا بھتیجا بھی ارکانِ اسمبلی منتخب ہو گئے تھے مگر نون لیگ بحیثیت مجموعی فاتح جماعت نہ بن سکی۔ یہ منظر نواز شریف کا دل توڑنے کے لیے کافی تھا۔ وہ خود چوتھی بار وزیر اعظم بننے کی آرزو پوری نہ کر سکے۔ انتخابات میں ان کی پارٹی کو جو دھچکے پہنچے، یہ بھی ان کی دلشکنی کے لیے کافی تھے۔ ان کے برادرِ خورد وزیر اعظم بن گئے اور ان کی صاحبزادی نے پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ بننے کا پہلا اعزاز حاصل تو کر لیا مگر نواز شریف خاموشی کی کچھار اور غار میں پناہ گیر ہو گئے۔ ان کے مخالفین ان کی خاموشی کا مضحکہ اڑاتے ہیں، مگر ان کے عشاق ان کی خاموشی اور کم گوئی کو ان کی بزرگی اور تدبر و تحمل سے موسوم و معنون کرتے ہیں۔ نون لیگ کے وابستگان توقع رکھتے ہیں کہ نواز شریف زیادہ بولیں اور لوگوں سے زیادہ سے زیادہ میل ملاقاتیں کریں تا کہ نون لیگ کو حیاتِ نو ملے۔ نواز شریف مگر بادشاہ ہیں۔ اب بادشاہ کو بولنے اور لب کشائی پر کون مجبور کر سکتا ہے؟

اپریل 2025 کے دوسرے ہفتے بلوچستان کے سابق وزیر اعلیٰ، ڈاکٹر عبدالمالک، نے اپنے بلوچ وفد کے ساتھ نواز شریف سے جاتی عمرہ میں تفصیلی ملاقات کی تو گویا بعض حلقوں کے سوکھے دھانوں پر پانی پڑ گیا۔ ڈاکٹر مالک نے ملاقات (جس میں کئی سینئر نون لیگی قائدین بھی شامل تھے) کے بعد میڈیا سے جو بات چیت کی، اِس کے مطابق: نون لیگی صدر، نواز شریف، بلوچستان کے بگڑے حالات کو سنوارنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے پر تیار ہو گئے ہیں۔ یہ کردار ادا کرنے کے لیے مبینہ طور پر نواز شریف نے بلوچستان کا دورہ کرنا بھی قبول کر لیا۔ اِس عندیے سے نون لیگیوں نے یہ جانا کہ شیر بالآخر اپنی کچھار سے باہر نکل آیا ہے۔ بلوچستان کے بگڑے حالات کو سنوارنے کے لیے سبھی لوگ نواز شریف سے مثبت کردار ادا کرنے کی توقع لگائے بیٹھے ہیں۔

مبینہ وعدے کے مطابق نواز شریف بلوچستان جانے کے بجائے وزیر اعظم شہباز شریف کے ساتھ بیلا روس چلے گئے۔ نواز شریف جس طرح اپنے ساتھ اپنی وزیر اعلیٰ صاحبزادی، اپنے بیٹے اور اپنی نواسی کو بھی ساتھ بیلا روس لے گئے، اِسے پسند نہیں کیا گیا۔ سوشل میڈیا پر اِس بارے سخت تنقیدات سامنے آئی ہیں۔ حتیٰ کہ بی بی سی ایسے ادارے نے شہباز شریف اور نواز شریف کے اِس اقدام کو بیلا روس کا فیملی وزٹ کا عنوان دے ڈالا ہے۔

بیلا روس سے فارغ ہو کر دونوں شریف برادران تو لندن چلے گئے اور محترمہ مریم نواز شریف اناطولیہ (ترکیہ) پہنچ گئیں۔ لندن میں نون لیگیوں نے نواز شریف کا شاندار استقبال کیا، مگر پی ٹی آئی کے جنگجو نواز مخالف نعرے لگانے سے باز نہ آئے۔ لندن میں نواز شریف کے صاحبزادگان کے گھروں کے باہر ایک بار پھر تماشہ لگا ہے۔

اب خبر ہے کہ لندن میں نواز شریف اور شہباز شریف مل بیٹھ کر نئی سیاسی حکمت عملی طے کریں گے۔ یہ حکمتِ عملی کیا ہوگی، اتوار کی صبح جب یہ کالم لکھا جا رہا ہے، یہ پراسرار حکمتِ عملی منصۂ شہود پر نہیں آ سکی ہے۔ مگر مخالفین سوال اٹھا رہے ہیں کہ وہ کونسا خاص کام ہے جو انجام دینے کے لیے شریف برادران کو، پاکستان سے دور، لندن میں اکٹھا ہونا پڑا ہے؟ نون لیگی مگر ایک بار پھر توقع لگا کر بیٹھ گئے ہیں کہ ان کے بزرگ قائد، نواز شریف، لندن میں بیٹھ کر شاید کوئی اہم اعلان کریں۔ شاید ان کا شیر لندن ہی میں دھاڑا ٹھے۔

محترمہ مریم نواز شریف نے البتہ بیلا روس سے نکل کر اناطولیہ (ترکیہ) میں 12 اور 13 اپریل کو منعقد ہونیوالے دو روزہ عالمی Diplomacy Forum میں خوب پرفارمنس کا مظاہرہ کیا ہے۔ انھوں نے مذکورہ عالمی فورم میں پنجاب کے تعلیمی اداروں میں اپنے اصلاحاتی ایجنڈے اور متنوع خدمات کی پرچم کشائی کی ہے۔ ان کی پر وقار شخصیت فورم پر چھائی رہی۔ ترکیہ کے صدر، جناب طیب ایردوان، اور ان کی اہلیہ و خاتونِ اول، محترمہ امینے ایردوان، کی جانب سے محترمہ مریم نواز شریف کا کھلے دل اور بازوؤں سے استقبال کیا گیا۔ اناطولیہ میں محترمہ مریم نواز شریف کی جن عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوئی ہیں، مستقبل قریب میں یہ ان کے اور پاکستان کے لیے ثمر آور ثابت ہو سکتی ہیں۔

اتحادیوں کی مشاورت سے فیصلے

تحریر: کامران خان

وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہم تمام فیصلے اتحادیوں کی مشاورت سے کرتے ہیں۔ اتحادی حکومت میں باہمی اعتماد سازی کی فضا خوش آیند ہے اور حکومت ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے یکسوئی سے کام کر رہی ہے۔

دریائے سندھ سے 6 نہریں نکالنے کے اہم مسئلے پر سندھ میں برسر اقتدار پیپلز پارٹی بھی اپنے سیاسی مخالفین کے بعد خود بھی اس صوبائی احتجاج میں بھرپور طور پر شریک ہو چکی ہے۔

صدر مملکت پارلیمنٹ میں 6 کینالز نکالنے کی مکمل طور پر مخالفت کر چکے ہیں جب کہ وفاق اور سندھ کے اس تنازع میں صورتحال مزید کشیدہ ہو چکی ہے جب کہ اس معاملے میں پنجاب کو خود کو دور رکھنا چاہیے تھا تا کہ صدر مملکت اور وزیر اعظم اس مسئلے کو خود حل کرنے کی کوشش کرتے، اس معاملے میں سندھ اور پنجاب کی حکومتوں کے وزرائے اطلاعات بھی خاموش نہیں رہے اور دونوں نے اس سلسلے میں بیان بازی کی۔

وزیر اطلاعات پنجاب کا کہنا ہے کہ کینالز منصوبہ صدر مملکت کی منظوری کے بعد اعلان ہوا جس کے ثبوت موجود ہیں جب کہ وزیر اطلاعات سندھ نے اس سلسلے کے میٹنگ منٹس کو من گھڑت قرار دیا ہے اور دونوں ایک دوسرے کو آئین پڑھنے کا مشورہ بھی دے رہے ہیں جس سے صورت حال مزید پیچیدہ ہو گئی ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بھی کینالز منصوبے کو نامنظور کر کے عوام کے ساتھ کھڑے رہنے کا اعلان کر چکے ہیں جس کے بعد پنجاب حکومت نے جواب دینا نہ جانے کیوں ضروری سمجھا جس کا جواب سندھ نے دیا۔

اگر صدر مملکت آصف زرداری نے کسی وجہ سے کینالز منصوبے کی منظوری دی تھی جس کے بعد سندھ میں ان کے سیاسی مخالفین نے اس کی نہ صرف مخالفت شروع کی بلکہ صدر مملکت کو بھی اس میں شریک قرار دیا اور سندھ میں احتجاج پر وفاقی حکومت خاموش رہی اور بڑھتی مخالفت کے بعد پیپلز پارٹی کو بھی کینالز پر اپنی سیاست متاثر ہوتی نظر آئی تو اس نے بھی یوٹرن لیا اور اس طرح وہ بھی دریائے سندھ سے کینالز نکالنے کی مخالف ہو گئی اور احتجاج میں شریک ہو گئی اور یہ سلسلہ سندھ میں دونوں طرف سے احتجاج بڑھتا رہا اور اب یہ مسئلہ انتہا پر پہنچ چکا ہے اگر اتحادی حکومت کے فیصلے اتحادیوں کے مشوروں سے ہوتے تو نوبت یہاں تک نہ پہنچتی اور کینالز منصوبے کا انجام بھی کالا باغ ڈیم جیسا نہ ہوتا۔

کالا باغ ڈیم کا پنجاب حامی اور باقی صوبے مخالف تھے اس لیے کالا باغ ڈیم سیاست کی نذر ہو گیا اور اب کینالز منصوبے پر صرف سندھ مخالف ہے کیونکہ پانی نہ ملنے سے سندھ ہی متاثر ہوگا اور فائدہ پنجاب کا ہونا ہے اس لیے وفاق کے منصوبے کی وجہ سے سندھ اور پنجاب سامنے آ گئے جس کے بعد حکومت کے مخالفین جن میں پی ٹی آئی پنجاب بھی شامل ہے پنجاب کی مخالفت میں سامنے آ گئی اور ملک کے تمام قوم پرستوں اور علیحدگی پسندوں کو پنجاب کی مخالفت کا موقع مل گیا ہے۔

یہ بھکاری ترقی کی جانب گامزن

ایک سروے کے مطابق 24 کروڑ سے زائد آبادی والے ملک میں 3 کروڑ 80 لاکھ بھکاری ہیں۔ جس میں 12 فیصد مرد، 55 فیصد خواتین، 27 فیصد بچے اور بقایا 6 فیصد سفید پوش مجبور افراد شامل ہیں۔ ان بھکاریوں کا 50 فیصد کراچی، 16 فیصد لاہور، 7 فیصد اسلام آباد اور بقایا دیگر شہروں میں پھیلا ہوا ہے۔ کراچی میں روزانہ ایک بھکاری کو ملنے والی اوسط بھیک 2000 روپے، لاہور میں 1400 روپے اور اسلام آباد میں 950 روپے تک ہے۔ ذرا غور فرمائیں پھر ان لوگوں کو کام کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ ایک طرف بیچارے رزق حلال 25 سے 35 ہزار روپے کمانے والے سفید پوش ہیں جب کہ یہ بھکاری کم از کم ماہانہ 60 ہزار روپے کماتے ہیں۔ داد دیں ان بھکاریوں کی ترقی پسندانہ سوچ کو کہ انھوں نے راتوں رات ترقی کرنے کے لیے اب سعودی عرب اور دیگر خلیجی ریاستوں کا رخ کر لیا ہے۔ جہاں وہ تین سے چار لاکھ روپے ماہانہ آسانی سے کما لیتے ہیں۔ پاکستان اگر ان بھکاریوں کی وجہ سے بدنام ہوتا ہے تو ان کی بلا سے۔ شرم دلاتو ڈھٹائی سے کہتے ہیں کہ پاکستان خود ایک بھکاری ملک کے طور پر دنیا میں مشہور ہے۔ اندازہ لگائیں تقریباً چار کروڑ افراد کا صرف بھیک مانگنا ہی ان کا ذریعہ معاش ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ہم بحیثیت قوم مدتوں پہلے عزت نفس سے محروم ہو چکے ہیں۔ اس میں قصور ہمارے حکمرانوں کا ہے۔ کسی اور کا نہیں کیونکہ ان کے پیش نظر صرف اپنا مفاد رہا جس ملک میں کرپشن، سفارش، اقربا پروری کا دور دورہ ہو، میرٹ کا جنازہ نکل چکا ہو۔ لاکھوں نوجوان اعلیٰ ڈگریاں لے کر سڑکوں پر جوتے چٹخا رہے ہوں وہاں کوئی کیا کر سکتا ہے۔ کرپشن کی حیرت انگیز ناقابل یقین خبر ابھی حال ہی میں سامنے آئی ہے کہ جعلی بھرتیوں کے ذریعے پچھلے 32 سالوں میں پنجاب میں لوکل گورنمنٹ کے ادارے کے ذریعے 6 ارب سے زیادہ قومی خزانے کو نقصان پہنچایا جا چکا ہے۔

اب تو کرپشن کا سائز بھی لاکھوں کروڑوں سے بڑھ کر اربوں میں پہنچ چکا ہے۔ بے نظیر انکم سپورٹ میں حال ہی میں اربوں کے گھپلے سامنے آئے ہیں اور اس بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے میں بیشتر اعلیٰ درجے کے اہلکار شامل ہیں یہی حال زکو فنڈ کا ہے۔ بلوچستان حکومت نے اس محکمے کو ہی بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ کرپشن اور خرچ حد سے زیادہ بڑھ گئے ہیں۔ وہ افراد ہر گزرتے دن کے ساتھ کم سے کم ہوتے جا رہے ہیں جو رزق حلال پر ایمان رکھتے ہیں۔ ورنہ بڑی تعداد وہ ہے جو لوٹ مار کے نئے سے نئے ریکارڈ قائم کر رہی ہے۔ کرپشن کی مذمت اب وہ لوگ کرنے والے رہ گئے ہیں جو خود کرپشن نہیں کر پاتے اور انھیں کرپشن کا موقع نہیں ملتا۔

روزانہ بھیک کی مد میں یہ بھکاری 32 ارب روپے لوگوں کی جیبوں سے نکال لیتے ہیں۔ ذرا روزانہ پر غور فرمائیے! سالانہ یہ رقم 117 کھرب روپے بنتی ہے۔ ڈالر کے حساب سے یہ رقم 42 ارب ڈالر بنتی ہے۔ بغیر کسی کام کے بھکاریوں پر ترس کھا کر ان کی مدد کرنے سے ہماری جیب سے سالانہ 117 کھرب روپے نکل جاتے ہیں۔ اور جب کہ سونے پر سہاگہ اس خیرات کا نتیجہ ہمیں سالانہ "21 فیصد" مہنگائی کی صورت میں بھگتنا پڑ رہا ہے۔ 117 ارب روپے انتہائی کثیر رقم ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اس رقم کو عوام کے تعاون سے اس طریقے سے استعمال کرے کہ ایک طرف ان بھکاریوں کو باعزت روزگار ملے دوسری طرف یہ رقم ملکی ترقی اور خوشحالی کا باعث بنے۔

ادارہ شماریات پاکستان کی تازہ رپورٹ کے مطابق پچھلے 8 ماہ میں 5.17 ارب ڈالر یعنی 1451 ارب روپے کی پاکستانی غذائی اشیا ایکسپورٹ کی گئیں۔ جن میں چاول، چینی اور گوشت سرفہرست ہیں۔ یوں زرمبادلہ تو حاصل ہوا مگر منفی پہلو یہ ہے کہ ان غذاؤں کی قیمت مقامی مارکیٹ میں بڑھ گئی۔ پچھلے ساڑھے تین سال میں باسمتی چاول فی کلو 150 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہو چکا۔ بڑا گوشت 700 روپے کلو ملتا تھا اب 1500 روپے کلو مل رہا ہے۔ اور مٹن 3000 روپے کا صرف ایک کلو۔ اور چکن کی صورت حال یہ ہے کہ اس کی قیمت 800 روپے کلو سے بھی بڑھ گئی ہے یعنی چکن بھی عوام کی دسترس سے باہر ہو گیا ہے۔ جب کہ صرف ایک لیٹر تیل گھی 600 روپے پر پہنچ چکا ہے۔ دنیا میں دستور یہ ہے کہ حکومتیں وہ غذائی اشیا برآمد کرتی ہیں جو عوام کے استعمال کے بعد بچ جائیں سب سے پہلے وہ عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھتی ہے پھر بچی ہوئی اشیا کو ایکسپورٹ کرتی ہیں یہ طریقہ اختیار کرنے سے ترقی یافتہ ممالک میں مدتوں قیمتیں ایک ہی جگہ ٹھہری رہتی ہیں۔ وہاں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں یا تو اضافہ ہوتا ہی نہیں یا بہت کم نہ ہونے کے برابر۔

گزشتہ مارچ کے آخر سے اگلے ڈھائی سالوں کے لیے دنیا ایک بدترین دور میں داخل ہو چکی ہے۔ جس کا آغاز اپریل سے جون جولائی کے درمیان ہو جائے گا۔

امریکی وفد کا دورہ

تحریر: حاجی مظفر خان

امریکی کانگریس کا ایک تین رکنی وفد آج کل پاکستان کے دورہ پر ہے۔ اس دورہ کے حوالے سے پہلے تحریک انصاف میں بہت جوش و خروش تھا۔ یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ امریکا میں مقیم تحریک انصاف کے دوست ہی ان کانگریس مین کو پاکستان بھیج رہے ہیں۔ ایسا تاثر دیا جا رہا تھا کہ ان کانگریس مینز کا وفد پاکستان پہنچ ہی تحریک انصاف کی مدد کے لیے رہا ہے۔

ہمیں تو یہی بتایا جا رہا تھا کہ اس وفد کو ایسے ہی سمجھیں جیسے ٹرمپ خود آ رہے ہیں۔ یہ وفد پاکستان کی سیاست میں ایک طوفان لے آئے گا اور اسٹیبلشمنٹ کے لیے مسائل پیدا کر دے گا۔ پہلے تو یہ تاثر تھا کہ کانگریس کا یہ وفد پاکستان پہنچتے ہی سب سے پہلے اڈیالہ میں قید بانی تحریک انصاف کو ملنے پہنچ جائے گا بعد میں تحریک انصاف کی قیادت سے ملے گا۔ پھر بانی تحریک انصاف کی بہنوں سے ملے گا۔ پھر تحریک انصاف کے سوشل میڈیا ونگ سے ملے گا۔ وہ پاکستان کے بارے میں جو بتائیں گے اس کے بعد اس پر پاکستانی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کی بازپرس کرے گا۔ اس لیے تحریک انصاف امریکا نے کانگریس کے اس وفد کے دورہ کی اہمیت پر زور دیا تھا اور اس سے بہت سے امیدیں بھی باندھ لی تھیں۔

لیکن کھیل تو بدل گیا۔ بقول تحریک انصاف کے جس وفد کو انھوں نے پاکستان بھجوایا تھا وہ تو اڈیالہ نہیں گیا ہے اور اس نے اڈیالہ جانے کا کوئی مطالبہ بھی نہیں کیا ہے۔ یہ وفد تو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو مل رہا ہے، وفاقی وزیر احسن اقبال کو مل رہا ہے، حکومتی نمایندوں کو مل رہا ہے۔

سب سے زیادہ تو اس نے پاکستان کے آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات کر لی ہے۔ ابھی یہ وفد پاکستان میں ہے اس کی مزید ملاقاتیں ہونی ہیں۔ لیکن ابھی تک دورے کی جو تفصیلات سامنے آئی ہیں وہ تو پاکستانی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملاقاتیں کی ہیں اور ایسا لگ رہا ہے کہ یہ وفد پاکستان اور امریکا کے درمیان اچھے تعلقات کے لیے دورے پر ہے۔ حالانکہ تاثر تو یہ بنایا گیا تھا کہ یہ تحریک انصاف کے ایجنڈے پر پاکستان کا دورہ کر رہا ہے۔ ابھی کی صورتحال یہ ہے کہ تحریک انصاف کے امریکا میں مقیم دوست سوشل میڈیا پر ان کانگریس مینز سے اپیلیں کر رہے ہیں کہ آپ اڈیالہ جائیں، آپ علیمہ خان سے ملیں۔ لیکن تادمِ گفتگو مجھے ایسی کسی ملاقات کا کوئی علم نہیں اور نہ تحریک انصاف پاکستان ہی ایسی کسی ملاقات کی تصدیق کر رہی ہے۔ البتہ سوشل میڈیا پر اپیلوں کا ایک چکر چل رہا ہے۔

بیرسٹر شہزاد اکبر نے لندن بیٹھ کر تحریک انصاف امریکا کے دوستوں کو بہت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اور ان کا موقف ہے کہ کھیر بے شک تحریک انصاف امریکا نے پکائی تھی لیکن کھا اسٹیبلشمنٹ گئی ہے۔ ان کا موقف ہے کہ تحریک انصاف امریکا کے دوستوں میں ایسے غدار ہیں جنھوں نے اس وفد کی آرمی چیف سے ملاقات کی راہ ہموار کی ہے اور ان کے مطابق یہ تحریک انصاف کی ایک بڑی ناکامی ہے۔ ان کے مطابق اب کھیل ہاتھ سے نکل بھی رہا ہے اور جدوجہد لمبی بھی ہو گئی ہے اب جلدی کچھ ہونے کی کوئی امید نہیں ہے۔

ایک بات اور سمجھیں کانگریس مینز کا یہ وفد کوئی امریکی حکومت کا وفد نہ ٹرمپ کے نمایندے ہیں، یہ کوئی امریکی انتظامیہ کے نمایندے نہیں۔ ان کا امریکی حکومت میں کوئی کردار نہیں۔ یہ کانگریس مین اپنے طور پر پاکستان کے دورے پر ہیں اور ان کے دورے کا امریکی پالیسی پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ البتہ یہ امریکی کانگریس میں پاکستان کے لیے کردار ادا کر سکتے ہیں۔

تحریک انصاف کا یہی پراپیگنڈا تھا کہ اس وقت ایک امریکی کانگریس مین نے پاکستان ڈیموکریسی ایکٹ کے نام سے ایک بل جو تجویز کیا ہوا ہے۔ یہ کانگریس مینز اس بل کی کامیابی میں کردار ادا کریں گے اور کانگریس مینز کے اس وفد سے اس بل کی راہ ہموار ہوگی لیکن ایسا نہیں ہوا ہے، یہ سب پراپیگنڈا ثابت ہوا ہے۔ یہ دورہ ابھی تک سفارتی پروٹوکول کے مطابق ہی چل رہا ہے اور اس میں سفارتی آداب کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جا رہا ہے۔ اس لیے مجھے تو اس دورے کے نتائج پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ اور حکومت کے حق میں نظر آ رہے ہیں۔

جب سے ٹرمپ کی حکومت آئی ہے اگر دیکھا جائے تو پاکستان اور امریکا کے تعلقات بہتر ہوئے ہیں۔ پہلے ٹرمپ نے اپنے صدارتی خطاب میں پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ جب کہ ماحول تو یہ بنایا گیا تھا کہ ٹرمپ تب تک پاکستان میں کسی سے بات نہیں کریں گے جب تک بانی تحریک انصاف اقتدار میں نہ آ جائیں گے۔

ماحول تو یہ تھا کہ ٹرمپ آئے گا تو تحریک انصاف بھی آ جائے گی۔ لیکن یہاں تو معاملہ ہی الٹا ہو گیا۔ پہلے صدارتی خطاب میں شکریہ، پھر منرلز کانفرنس میں اعلیٰ قسطنطح کے وفد کی آمد، ٹرمپ کی پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی۔ اب اس وفد کی آرمی چیف سے ملاقات سب اشارے تو اس حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے حق میں جا رہے ہیں۔ رچرڈ گرنیل بھی خاموش ہو گئے ہیں۔ اب صرف جو ولسن رہ گئے ہیں۔ جو کانگریس کے اس وفد میں شامل نہیں ہیں۔ اوور سیز کنونشن کو بھی اس تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ وہ بھی پوری دنیا کو پیغام ہے کہ اوور سیز پاکستانی بھی اس حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہ کنونشن بھی اس ساری پراپیگنڈے کو ختم کرے گا۔ جس میں یہ تاثر پیدا کیا جا رہا تھا کہ اوور سیز تو سارے تحریک انصاف کے ساتھ ہیں۔ لیکن اب تو ایک بڑی اکثریت حکومت کی حامی بھی سامنے آئی ہے۔

اس کا بھی بیرونی دنیا پر اثر ہوگا اور پاکستان کی حکومت کے مخالف کام کرنے والی لابی کو نقصان پہنچے گا۔ آرمی چیف کی کانگریس مینز سے ملاقات پر تحریک انصاف کے اندر ایک صدمہ کی کیفیت ہے۔ ان کا دکھ شدید ہے، وہ ایک دوسرے کو کوس رہے ہیں۔ اس کا ایک دوسرے کو ذمے دار ٹھہرا رہے ہیں، اسے اپنی بڑی ناکامی تصور کر رہے ہیں۔ تحریک انصاف کے دوست بھول گئے تھے کہ تعلقات حکومتوں کے ہوتے ہیں، تعلقات ممالک کے ہوتے ہیں، تعلقات ریاست کے ریاست کے ساتھ ہوتے ہیں، اداروں کے اداروں کے ساتھ تعلقات ہوتے ہیں۔ یہی نظر آ رہا ہے۔ باقی سب شور تھا۔ اور کچھ بھی نہیں۔

بڑھتی ہوئی کشیدگی

تحریر: جمشید بخاری

پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی۔ بھارت پلوامہ حملے کی تحقیقات میں آج تک مکمل طور پہ ناکام رہا ہے اور نہ ہی وہ یہ ثابت کر سکا کہ اس معاملے میں پاکستان کا کوء ہاتھ ہے۔ پاکستان نے بھارت کو کھلی آفردی کہ پلوامہ حملے کی آشادانی تحقیقات کروا لیں لیکن بھارت کبھی اس پہ تیار نہیں ہوا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اپنے ایک انٹرویو میں جو الجزیرہ چینل کو دیا اس میں انتہاء سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو بھارت نے ایک پالیسی کے طور پہ پاکستان کے خلاف اپنایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے یہ مذموم عزائم اور مقاصد بالخصوص بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کی منظم سازش ہے خوارجیوں کی اصطلاح حالیہ دنوں میں پاکستانی فوج اور میڈیا میں وسیع پیمانے پر استعمال ہو رہی ہے۔ بھارت کی ریاستی دہشت گردی کا مقصد پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے۔ فتنۃ لہندوستان کی اصطلاح ان دہشت گرد گروپوں کے لیئے استعمال ہوتی ہے جو بھارتی سرپرستی میں پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہیں اور یہ بلوچستان میں زیادہ ہیں۔ بھارتی دہشت گردی کا ماسٹر مائنڈ اجیت دوول ہے۔ اور یہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے۔ امریکہ اور کینیڈا سمیت کء ممالک بھارتی ریاستی دہشت گردی کا اعتراف بھی کر چکے ہیں۔ ایک ایٹمی طاقت سے فوجی ٹکرا کی حماقت ایک بے وقوفی اور ناقابل تصور غلطی ہو گی۔ اسرائیل اور بھارت کی طرف سے پاکستان کے جوہری اثاثوں پہ حملے کی بابت سوال پہ انہوں نے یہ بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل طور پہ محفوظ اور ناقابل تسخیر ہے۔ اور کسی میں اتنی جرات نہیں کہ وہ پاکستان کے خلاف ایسی مہم جوء کی حرکت کر سکے۔ اب ان تمام معاملات سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی بھارت کی حرکات کی وجہ سے موجود ہے۔ اگر بھارت پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوششوں سے باز نہیں آیا تو بھارت کو سخت اور خوفناک جواب دیا جائے گا۔ عالمی برادری کو اپنا سنجیدہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ اور پاکستان و بھارت کے درمیان تنازعہ کشمیر کو حل کرنے کی ضرورت ہے اگر مسئلہ کشمیر کا حل نہیں نکالا جاتا تب تک کشیدگی میں کمی نہیں آ یئے گی۔ بھارت پاکستان میں اپنی دہشت گردانہ سرگرمیوں اور اپنی پراکسیز کو ختم کرے اگر بھارت امن کی طرف قدم نہیں بڑھاتا اور کشیدگی کو جاری رکھتا ہے تو انتہائی بھیانک نتائج خطے کے امن و امان کو متاثر کر سکتے ہیں۔ بھارت کی دھمکیاں اور الزامات پاکستان کو مرعوب نہیں کر سکتیں۔ پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری و قومی سلامتی پہ کوء کمپرومائز نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو آمین

چھ ستمبر یوم دفاع پاکستان

تحریر #غلام رسول بلوچ

قوموں کی تاریخ میں ایسے دن آتے ہیں جن پہ ملک و قوم نازاں ہوتے ہیں۔ چھ ستمبر 1965 پاکستان کی تاریخ کا وہ دن تھا جب دشمن بھارت کی سرکشی اور طاقت کے غرور کو افواج پاکستان کے دلیر جوانوں اور افسران نے کچل کر رکھ دیا۔ دشمن اتنا پراعتماد تھا کہ اس نے لاہور میں ناشتے کا پلان کر رکھا تھا مگر ملک کی سلامتی اور قوم کے تحفظ کے جزبات سے سرشار پاکستان سے محبت رکھنے والے ایمانی جزبے کے ساتھ جب مدمقابل بھارتی افواج پہ ٹوٹ پڑے تو بھارتی فوج کی ذلالت اور رسوائی کی تاریخ رقم ہوگء۔ آج بھی افواج پاکستان ملک کے تحفظ اور سلامتی کے لیئے اسی طرح پرعزم ہے۔ جس طرح وہ 1965 میں تھی۔ ہر ہر محاذ پہ دشمن کے لیئے ڈرانا خواب بنتی کا رہی ہے چاہے وہ پراکسیز ہوں علیحدگی پسند تنظیموں کی معاونت اور فنڈنگ ہو اور دہشت گردی کا عفریت ہو دشمن کو ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اپنے خون شہادت سے اس چمن کی آبیاری کرنے والے جوانوں اور افسران کے عظم و ہمت اور پیشہ ورانہ مہارت میں کبھی کمی نہیں آء۔ پاکستانی قوم اپنی افواج کی بہادری اور شجاعت کے حوالے سے تاریخ رقم کرنے کے اس دن پہ نازاں ہے۔ دنیا کے ماہرین اور مبصرین نے اس دن افواج پاکستان کی ملی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور چونڈہ کے محاذ پہ جس جنگی حکمت عملی سے تیس ہزار افواج نے ڈیڑھ لاکھ فوج کو شکست دی یہ اپنی مثال آپ ہے جنگ بندی سے چھ گھنٹے قبل جس طرح چھ کلومیٹر کا حصہ بھارتی فوج سے واپس لیا وہ بھی اپنی مثال آپ ہے۔ آسٹریلیا، فرانس و برطانوی ماہرین نے بھارتی جھوٹے دعووں کی قلعی محاذ جنگ کا دورہ کر کے کھول کر رکھ دی جہاں پہ بھارت کی افواج اور ٹینکوں کی تباہی کی داستانیں رقم تھیں۔ افواج پاکستان نے جس جرات اور بہادری سے اپنے ملک اور قوم کی حفاظت کی اس بہادری اور شجاعت کی مثالیں دنیا کی تاریخ میں شاذ و نادر ہی ملتی ہیں۔ افواج پاکستان کے شہدا اور غازی بھارت کو یہ سبق پڑھا گئے کہ اگر پاکستان کی سرزمین کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات کرو گے تو عبرتناک انجام تمھارا منتظر ہو گا۔ چھ ستمبر دفاعی برتری کے لحاظ سے پاکستانی قوم کے لیئے ایک تاریخ ساز دن ہے جس پہ یہ قوم فخر کرتی ہے۔ پاکستانی افواج نے ہر مشکل حالات میں جزبہ حب الوطنی سے اپنی جانوں کے نذرانے دے کر اس ملک کے تحفظ کی جنگ لڑی ہے۔ یقیناً چھ ستمبر 1965 میں جو جنگ ملک کے دفاع کے لیئے لڑی گئی اس جنگ کے تمام شہدا اور تمام غازی اس ملک اور قوم کا فخر ہیں۔ اور قوم آج کے دن اپنے شہدا اور غازیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ پاک افواج آج بھی دشمن کی سازشی پراکسی وار کے خلاف نبرد آزما ہے دشمن کھل کر حملہ کرنے کی جرات نہیں کر سکتا اس لیئے وہ دہشت گردوں کی مالی معاونت اور سپورٹ کر کے پاکستان کو نقصان پہچانا چاہتا ہے لیکن دشمن کو تمام محاذوں پہ شکست اور ہزیمت کا سامنا ہے دشمن کے ہر ایڈونچر سے پاک افواج بخوبی آگاہ اور اس کی بیخ کنی کرنے کے لیئے ہر دم چوکس ہے۔ پاک افواج کے شہدا اس ملک اور اس قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ یہ سرزمین خوش قسمت ہے کہ اس سرزمین کے جوان اپنے خون سے اس گلشن کی آبیاری کر رہے ہیں۔ حالات کیسے بھی ہوں قوم اور افواج یک جان اور دو قالب کی طرح مضبوط ہیں۔ دشمن کی بھرپور کوشش ہے کہ وہ پاکستانی قوم میں انتشار پھیلا کر بدگمانیاں پیدا کر کے اپنے ملک کی افواج کے خلاف کھڑا کر سکے لیکن دشمن اس مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو گا کیوں کہ ملک کے خلاف ہر سازش اور ایجنڈے کے مقابلے میں افواج پاکستان ایک چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ مسئلہ کشمیر جو برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے اب وقت آ گیا ہے کہ کشمیر کو بھارتی جبر اور تسلط سے نجات دلانے کے لیئے حتمی کردار ادا کیا جائے۔ مسئلہ کشمیر کے حل تک بھارت کے ساتھ معاملات درست نہیں ہو سکتے۔ بھارت کو اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل کو یقینی بنانا ہوگا اور عالمی برادری کو بھی اس سلگتے ہوئے مسئلے کو حل کرنے کے لیئے مؤثر طریقے سے کردار ادا کرنا ہوگا نہیں تو یہ سلگتا ہوا مسئلہ پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔ قوم اور افواج مل کر پاکستان کی مضبوطی کے لیئے کردار ادا کریں۔ چھ ستمبر پاکستان کی اور ہمارے اسلاف کی تاریخ کا ایک ایسا دن ہے جس نے اس ملک اور قوم کو سرخرو کیا۔ ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں کی قدر اور اپنے شہدا کی تکریم کرنی ہوگی جنہوں نے اس ملک کے تحفظ کے لیئے اپنی جانیں نچھاور کر دیں۔ آج بھی دہشت گردی کے ناسور کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج کا ساتھ دیں اور ان کے شانہ بشانہ رہیں۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 300 نئی ایمبولینسز خریدنے کی منظوری دی ہے، خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز کی بین الاقوامی یوم فائر فائٹرز کی مرکزی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر محکمہ صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے بین الاقوامی یوم فائر فائٹرز کی مرکزی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا مقصد جانوں کا تحفظ کرنے والے فائر فائٹرز کو خراجِ تحسین پیش کرنا تھا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور قومی ترانہ سے کیا گیا۔ ریسکیو کے شہداء کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور دعا مغفرت بھی مانگی گئی۔ 2024 کے بیسٹ فائر فائٹرز کو دو اضافی تنخواہیں اور یادگاری شیلڈز تقسیم کی گئیں۔ سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر نے بھی اس موقع پر اظہار خیال کیا۔ صوبائی وزیر محکمہ صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ریسکیوئرز عوام کی جان و مال کے تحفظ کی خاطر لازوال خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ عوام کی جان و مال کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ریسکیوئرز کی لازوال قربانیوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پنجاب کے ریسکیوئرز پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کررہے ہیں۔ کئی ریسکیو آپریشنز کا حصہ رہ کر ریسکیوئرز کی خدمات کو موقع پر سراہا ہے۔ 2010 کے سیلاب میں ریسکیوئرز نے مشکل میں پھنسے ہزاروں افراد کی مدد کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ایئر ایمبولینس سروس وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن تھا۔ موٹروے پر ایمرجنسی سروسز کامیابی سے جاری ہیں۔

واہگہ بارڈر پر پرچم کشائی، پاکستان زندہ باد کے نعرے گونجتے رہے

پاکستان رینجرز کی ولولہ انگیز پریڈ دیکھ کر حاضرین کا جذبہ حب الوطنی مزید بڑھ گیا

لاہور (این این آئی) واہگہ بارڈر پر پرچم اتارنے کی ولولہ انگیز تقریب میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا جبکہ شرکاء ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے۔ پنجاب رینجرز کی پریڈ، بالخصوص خواتین اہلکاروں کی شرکت نے شرکا کے جذبے کو دوچند کر دیا۔ فضاء پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونجتی رہی۔ واہگہ بارڈر پر پرچم اتارنے کی روایتی تقریب میں وطن سے محبت اور افواجِ پاکستان سے یکجہتی کا فقیدالمثال مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ ہزاروں افراد پر مشتمل عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے دشمن کو واضح پیغام دیا کہ قوم متحد ہے اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا جس کے ساتھ ہی فضا میں ملی نغمے گونجنے لگے۔ شرکا نے ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے نعرِ تکبیر، پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگا کر ماحول کو وطن پرستی سے بھر دیا۔ پنجاب رینجرز کے ولولہ انگیز مارچ پاسٹ نے شرکا کا لہو گرما دیا،

آئی جی پنجاب نے سوشل میڈیا کے حوالے سے نئی پالیسی جاری کردی

ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر باوردی تصاویر لگانے پر پابندی، خلاف ورزی پر مقدمے کا اندراج ہوگا

لاہور (این این آئی) ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر باوردی تصاویر لگانے پر پابندی عائد کر دی، خلاف ورزی کرنے پر مقدمات کا اندراج کرایا جائے گا۔ آئی جی پنجاب نے سوشل میڈیا کے حوالے سے نئی پالیسی جاری کردی۔ پولیس حکام کے مطابق ایسا مواد جو محکمہ کے متعلق ہو اور پرائیویٹ اکاؤنٹ پر شیئر کیا گیا تو افسران واہلکاروں کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت کارروائی ہوگی۔ نئی پالیسی کے مطابق پولیس افسر واہلکار کوئی بھی محکمانہ پیپر ذاتی اکاؤنٹس پر شیئر نہیں کریں گے۔ افسران و اہلکار سرکاری سوشل میڈیا پر آگاہی وعوامی سروس کے متعلقہ پوسٹس اپ لوڈ کرسکیں گے۔ کوئی بھی افسر واہلکار اپنے پرائیویٹ اکاؤنٹ پر پولیس یونیفارم میں تصاویر اپ لوڈ نہیں کرے گا۔ پولیس ملازمین کسی بھی حساس ادارے، مذہبی اور سیاسی حوالے سے تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کریں گے۔ کوئی بھی پوسٹ آئی جی یا اعلی رینک کے افسر کی اجازت کے بغیر اپ لوڈ نہیں ہوگی۔ کسی بھی ملزم یا حساس کیسز کے مدعیوں کے انٹرویوز بھی نہیں کروائے جائیں گے۔ اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت زیادتی و بدفعلی کا شکار خواتین وبچوں کی شناخت میڈیا پر نشر نہیں کی جائے گی۔

مودی دہشتگرد ہے واشنگٹن میں بھارتی سفارتخانے کے باہر احتجاجی مظاہرہ

بھارت سکھوں اور کشمیریوں کے حقوق دبا رہا ہے اور مقبوضہ وادی میں بے گناہ لوگوں کو قتل کررہا ہے، مقررین کا خطاب

واشنگٹن (این این آئی) فرینڈز آف کشمیر کی کال پر واشنگٹن میں بھارتی سفارتخانے کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں پاکستانی، کشمیری اور سکھ کمیونٹی نے شرکت کی۔ احتجاج میں مظاہرین نے مودی سرکار کے خلاف نعرے بازی کی اور مودی کو دہشت گرد قرار دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا میں مقیم پاکستانی، کشمیری اور سکھ کمیونٹی نے واشنگٹن کے بھارتی سفارتخانیکے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاجی مظاہرے کی کال فرینڈز آف کشمیر کی چیئر پرسن غزالہ حبیب نے دی تھی، جس میں اوورسیز پاکستانی، کشمیری تنظیمیں اور خالصتان تحریک کے رہنماں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے مودی دہشت گرد ہے، مودی کا پہلگام ڈراما، کشمیر کی آزادی تک تحریک جاری رہے گی، بن کے رہیگا خالصتان کے نعرے لگائے گئے۔ مظاہرین نے پلے کارڈز اور بینرز بھی اٹھا رکھے تھے جن پر مودی سرکار کیخلاف نعرے درج تھے۔ اس موقع پر فرینڈز آف کشمیر کی چیئرپرسن غزالہ حبیب، سکھ فار جسٹس کے مرکزی رہنما بلوندر سنگھ چٹھا، کشمیری کمیونٹی رہنما محمد زبیر خان، ڈاکٹر عاشر حسین مظہر چغتائی، زاہدہ خان اور دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعہ دراصل بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا فالس فلیگ آپریشن تھا، جو وقت کے ساتھ ثابت ہورہا ہے۔ ہم بھارتی حکومت اور بھارتی انٹیلیجنس ایجنسی کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں۔ دنیا جان گئی ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے سے کس کو فائدہ ہوا۔ احتجاج میں شامل مقررین کا مزید کہنا تھا کہ مارچ 2000 میں صدر کلنٹن کے دورے کے دوران بھی بھارتی ایجنسیوں نے قاتلانہ ڈراما رچایا تھا۔ چٹی سنگھ پورہ میں 35 سکھوں کا قتل عام کرکے پاکستان کیخلاف پروپیگنڈہ کیا گیا۔

کوئٹہ، تندور ایسوسی ایشن کے زیراہتمام منعقدہ سیمینار سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، محمد نعیم خلجی ودیگر خطاب کررہے ہیں

سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس اختتامی مرحلے میں داخل

ملزمان منہاج قاضی اور محبوب غفران کے بیان ریکارڈ کر لئے گئے، وکلا کو پیر کے روز حتمی دلائل دینے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس اختتامی مرحلے میں داخل ہوگیا، شاہد حامد کو 1997 میں قتل کیا گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی کی عدالت میں سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس کی سماعت ہوئی، ہائی پروفائل کیس اختتامی مرحلے میں داخل ہوگیا۔ پراسیکیوشن نے بتایا کہ ملزمان منہاج قاضی اور محبوب غفران کے بیان ریکارڈ کرلئے گئے ہیں، سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد کو 1997 میں قتل کیا گیا تھا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلا طرفین سے حتمی دلائل طلب کرلئے اور وکلا کو پیر کے روز حتمی دلائل دینے کی ہدایت کردی۔ یاد رہے سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس کے چوتھے ملزم محبوب نے دوران تفتیش ہوشربا انکشافات کیے تھے۔ گرفتار ملزم محبوب عرف غفران عرف اطہر نے ابتدائی تفتیش میں اپنے اقبالی بیان میں دیگر تین ساتھیوں کے مل کر جولائی 1997 میں ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد کو قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ ملزم محبوب نے اپنے اقبالی بیان میں انکشاف کیا تھا کہ قتل کے احکامات بانی ایم کیو ایم نے جاری کیے تھے جس پر عمل کرتے ہوئے ایم کیو ایم لندن کے کنوینر ندیم نصرت نے شاہد حامد کے قتل کا ٹاسک صولت مرزا کو دیا اور ملزم نے صولت مرزا، منہاج قاضی کے ہمراہ فائرنگ کر کے ایم ڈی کے ای ایس سی کو ہلاک کردیا تھا۔ خیال رہے شاہد حامد قتل کیس کے مرکزی ملزم صولت مرزا کو 2015 میں پھانسی دی جا چکی ہے

صحافت جمہوریت کا ستون اور عوام کی آواز ہے، سید اویس قادر شاہ

کراچی (این این آئی) اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صحافت جمہوریت کا ستون اور عوام کی آواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار اور صحافت کی آزادی بنیادی جمہوری اصول ہیں جن کے بغیر کوئی معاشرہ شفاف نہیں ہوسکتا

سوات میں مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ کو دوبارہ شہر کے اندر منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال

سوات (این این آئی) سوات میں مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ کو دوبارہ شہر کے اندر منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف قمبر بائی پاس کے تاجروں، ہوٹل مالکان اور دیگر کاروباری افراد نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کرتے ہوئے شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین نے حکومت کے خلاف نعرے بازی کی اور فوری طور پر فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے احتجاجی مظاہرے کے دوران ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر اپنے مطالبات کے حق میں نعرے درج تھے۔ اس موقع پر تمام کاروباری مراکز بند رہے جس سے علاقے میں کاروباری سرگرمیاں مفلوج ہو کر رہ گئیں۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر بابوزئی طارق خان نے مظاہرین سے مذاکرات کیے جس کے بعد مظاہرین نے پیر کے روز تک کی مہلت دے دی۔ بعدازاں قمبر بائی پاس پر ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملاکنڈ ڈویژن ٹریڈرز فیڈریشن کے صدر عبدالرحیم، قمبر بائی پاس ٹریڈرز یونین کے صدر بخت زیب خان، تاجر رہنما حاجی مدثر، بلدیاتی نمائندوں چیئرمین اینگرو ڈھیرئی شعیب خان، چیئرمین قمبر ریاض خان، چیئرمین رحیم آباد بخت منیر اور دیگر نے کہا کہ حکومت نے چند سال قبل ہی بس اڈے کو شہر سے بائی پاس پر منتقل کیا تھا، جس پر تاجروں نے اربوں روپے کی سرمایہ کاری کی

چالان کی رقم 5 ہزار سے 1 لاکھ روپے تک مقرر کرنے کی تجویز ہے، پیر محمد شاہ

بھاری گاڑیوں میں 4 کیمرے نصب کریں گے، 7 ہزار گاڑیوں میں ٹریکر نصب کرچکے، ڈی آئی جی ٹریفک

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے کہا کہ کراچی میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کو صرف جرمانوں سے نہیں، بلکہ عوامی شعور، قانون پر عملدرآمد، اور باہمی تعاون سے ہی حل کیا جاسکتا ہے۔ جون سے جرمانے بڑھا کر موٹر سائیکل کیلئے 5 ہزار، گاڑیوں کیلئے 10 ہزار، بسوں کیلئے 20 ہزار، اور ہیوی گاڑیوں کیلئے 25 ہزار روپے تک کرنے کی تجویز ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر جنید نقی، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر اعجاز شیخ، نائب صدر سید طارق حسین، سابق صدر و چیئرمین فرخ مظہر، طارق ملک، ایس ایس پی ٹریفک کورنگی علی رضا سمیت دیگر صنعتکار وممبران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ نے مزید کہا کہ حادثات پہلے بھی ہوتے تھے لیکن اب میڈیا کی نشاندہی اور کوریج کی بدولت یہ زیادہ نمایاں ہورہے ہیں، جبکہ ٹریفک حادثات کی ایک بڑی وجہ اوورلوڈنگ ہے۔ ڈمپر کی صلاحیت 27 ٹن ہے، مگر وہ 80 ٹن اٹھاتے ہیں، ٹریلر 57 ٹن کی جگہ 120 ٹن مال لے جارہے ہیں، جو بریک فیل ہونے کے باعث حادثات کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہیوی گاڑیوں میں کیمرے اور ٹریکرز لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور 7 ہزار سے زائد گاڑیوں میں یہ سسٹم نصب بھی کیا جا چکا ہے، جبکہ ڈرائیوروں کے ڈوپ ٹیسٹ کیلئے جدید لیب قائم کی جارہی ہیں جس میں 6 مختلف اقسام کے ٹیسٹ کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس کی یومیہ چالان کی حد 4 ہزار ہے، جبکہ لاہور میں یہ تعداد 17 ہزار تک ہے۔ سندھ میں جرمانے کم ہیں، جس کی وجہ سے قوانین پر عملدرآمد کمزور ہے۔ پیر محمد شاہ نے کہا کہ ون وے ڈرائیونگ اقدام قتل کے مترادف ہے، رانگ سائڈ گاڑی چلانے والے خودکشی کے زمرے میں آئیں گے اور ان پر جون سے اس پر ایک لاکھ روپے تک جرمانے کی تجویز دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ''فیس لیس ٹکٹنگ سسٹم'' آئندہ ماہ سے متعارف کرایا جارہا ہے، جس کا آغاز شاہراہِ فیصل، صدر اور آئی آئی چندریگر روڈ جیسے اہم کوریڈورز سے ہوگا۔ ہیوی گاڑیوں میں 4 کیمرے نصب کرنے کی تجویز ہے، جس میں ڈرائیور کی حرکات وسکنات پر لائیو فیڈ کے ذریعے نظر رکھی جائے گی۔ کیمرے نہ لگانے والوں پر جرمانے کئے جائیں گے۔

پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے نام پر پارکوں پر قبضے وتجارتی استعمال نہیں ہونے دیں گے، منعم ظفر خان

کلفٹن کے مختلف پارکوں کو قابض مافیا سے بچانے کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے، ادارہ نورحق میں کلفٹن کے مکینوں کے وفد سے گفتگو

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کی سرپرستی میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے نام پر کھیل کے میدانوں اور پارکوں پر قبضے وتجارتی استعمال ہرگز نہیں ہونے دیں گے۔ کلفٹن کے مختلف بلاکس میں موجود پارکوں کو قابض مافیا سے بچانے کے لیے ہر ممکن آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد کریں گے، عدالتی فیصلے کے باوجود پارکوں کا تجارتی استعمال توہین عدالت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلفٹن بلاک 2 عمر شریف پارک پر قبضے وتجارتی استعمال کے حوالے سے ادارہ نورحق میں آنے والے علاقہ مکینوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں احمد فہیم مغل، رضیہ سیال، امین فہیم فضل الرحمٰن، عبید الرحمٰن، عالمگیر، انس خان، محمد سلمان و دیگر شامل تھے۔ ملاقات میں نائب امیر کراچی واپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈوکیٹ، امیر ضلع جنوبی سفیان دلاور، ڈپٹی سیکریٹریز ابن الحسن ہاشمی، یونس بارائی بھی موجود تھے

نوشہرہ میں پولیس قبضہ مافیا کی پرائیویٹ سکیورٹی ایجنسی بن گئی

قبضہ مافیا دولت کی زور پر کسی بھی شہری کی ملکیتی اراضی پر پولیس کے زور پر قبضہ کرنے لگی

نوشہرہ (این این آئی) نوشہرہ میں پولیس قبضہ مافیا کی پرائیویٹ سکیورٹی ایجنسی بن گئی، قبضہ مافیا دولت کی زور پر کسی بھی شہری کی ملکیتی اراضی پر پولیس کے زور پر قبضہ کرلیتی ہے، پیرسباق میں ملکیتی اراضی پر قبضہ مافیا اور پولیس کی ملی بھگت سے قبضہ کیلئے قانون کی دھجیاں اڑادی گئیں، عمائدین علاقہ نے مقتدر قوتوں اور انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخوا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا، اس سلسلے میں نوشہرہ کلاں کے رہائشی نوجوان انجینئر فہد حسین ولد ممتاز حسین نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ نوشہرہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوشہرہ کے علاقہ موضع پیرسباق میں میری پدری ملکیتی 42 کنال اراضی ہے جس کی دیکھ بھال کے لئے گذشتہ روز گیا تو چند لینڈ قبضہ مافیا جن میں سرفہرست زاہد خان نامی شخص ہے نے مجھے اور میرے ساتھیوں کو اسلحہ کی نوک پر زدوکوب کرکے ہمیں گالی گلوچ دیئے اور ہماری ہی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں البتہ میں نے 23 اپریل کو اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ کو نشاندہی کے لیے درخواست گزاری ہے انہوں نے مزید کہا کہ جب واقعہ کی اطلاع پیرسباق پولیس چوکی کو ملی تو انہوں نے ہمیں تحفظ فراہم کرنے کی بجائے ہمارے دوساتھیوں کو حراست میں لے کر ان کو حوالات میں بند کر دیا جبکہ ہم سے ہمارا لائسنس یافتہ اسلحہ لے لیا ہے

کوئٹہ، سنی علماء کونسل ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام بھارت کے خلاف انڈین جھنڈے کو نظر آتش کیا جارہا ہے

حریت رہنماؤں کی نہتے کشمیریوں پر بڑھتی بھارتی ریاستی دہشت گردی کی مذمت

2500 گرفتار کشمیریوں میں سے 75 افراد پر کالا قانون ''پی ایس اے'' لاگو

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں 22 اپریل کے فالس فلیگ آپریشن کے بعد سے اب تک گرفتار کیے جانے والے 25 سو سے زائد کشمیریوں میں سے کم از کم 75 پر کالا قانون ''پبلک سیفٹی ایکٹ'' (پی ایس اے) لاگو کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس کشمیر زون وی کے بردی نے 75 کشمیریوں کے خلاف 'پی ایس اے' کے تحت مقدمات دائر کرنے کی تصدیق کی ہے۔ کالے قانون ''پبلک سیفٹی ایکٹ'' کے تحت کسی بھی شخص کو بغیر مقدمہ چلائے کم از کم 2 برس تک قید میں رکھا جاسکتا ہے۔ بھارتی فوجیوں نے گزشتہ ڈیڑھ ہفتے کے دوران کم از کم 40 مکانات بھی بارودی مواد سے اڑا دیے ہیں۔ بھارتی فورسز کی طرف سے بانڈی پورہ، کپواڑہ، بارہمولہ، گاندربل، بڈگام، شوپیاں، کولگام، اسلام آباد، پلوامہ، کشتواڑ، ڈوڈہ، راجوری اور پونچھ اضلاع میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ دریں اثناء کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں پہلگام واقعے کے بعد بڑھتی ہوئی بھارتی ریاستی دہشت گردی کی شدید مذمت کی ہے۔

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کا پروفیسر ساجد میر کے انتقال پر اظہارِ افسوس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے مرکزی جمعیت اہلِ حدیث پاکستان کے صدر پروفیسر سینیٹر ساجد میر کے انتقال پر اظہار تعزیت اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پروفیسر سینیٹر ساجد میر اتحادِ اُمت کے داعی تھے اور کشمیر، فلسطین سمیت عالمِ اسلام کے مسائل کے حل میں ہمیشہ سرگرم رہے۔ وہ ایک بہترین پارلیمنٹرین، سنجیدہ سیاسی وقومی رہنما تھے۔

صحت وتعلیم کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی میری اولین ترجیح ہے، جہانگیر ترین

ترین انسٹیٹیوٹ آف کمپیوٹر ایجوکیشن اینڈ ریسورسز کی زیر تعمیر بلڈنگ، لودھراں میں فری آئی کیمپ کا دورہ

لودھراں (این این آئی) جہانگیر خان ترین نے ترین انسٹیٹیوٹ آف کمپیوٹر ایجوکیشن اینڈ ریسورسز کی زیر تعمیر بلڈنگ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سی ای او اکبر خان نے جہانگیر خان ترین کو منصوبے بارے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ آئی ٹی یونیورسٹی کی تعمیر پر 2 ارب سے زائد کی لاگت آئے گی اور آئی ٹی یونیورسٹی کی تعمیر اگست تک مکمل کرلی جائے گی۔ جہانگیر ترین نے ٹائسر میں تعمیر کی جانے والی مسجد کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ بعدازاں جہانگیر خان ترین نے لودھراں پائلٹ پراجیکٹ کی جانب سے لگائے جانے والے فری آئی کیمپ کا دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ مریضوں نے فری آئی کیمپ میں فراہم کی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا اور جہانگیر خان ترین کا شکریہ ادا کیا۔

کراچی نادرن بائی پاس مویشی دوست منڈی کا 15 واں روز، قربانی کے جانوروں کی بھرمار

کراچی (این این آئی) کراچی نادرن بائی پاس مویشی دوست منڈی کا 15 واں روز۔ ایشیا کی سب سے بڑی مویشی منڈی میں قربانی کے جانوروں کی بھرمار، ملک کے مختلف صوبوں اور چھوٹے بڑے شہروں اور کراچی کے فارم ہاوسز سیٹرکوں اور ٹرالرز میں لدے خوبصورت گائے، بیل بکرے، بچھڑے، بچھیا اور اونٹ مویشی منڈی پہنچ گئے

دبئی، قونصل جنرل جہازی سائز کا اماراتی پرچم بنانے میں شرکت پر گنیز بک کا سرٹیفکیٹ وصول کررہے ہیں

عوام کا تحفظ کرنے والے خود عوام کی جان، مال اور عزت کے دشمن بن گئے ہیں، امیر جماعت اسلامی سندھ

قانون کے طالب علم شہباز خاصخیلی کو تشدد کا نشانہ بنانے والے اہلکاروں کو گرفتار کرکے سخت سزا دی جائے، کاشف سعید شیخ

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ نے ڈیفنس کراچی پولیس کی جانب سے شہداد پور سے تعلق رکھنے والے قانون کے طالب علم شہباز خاصخیلی پر وحشیانہ تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف انکوائری کر کے ملوث ایس ایچ او سمیت پولیس اہلکاروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے اور سخت سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایڈوکیٹ اصغر خاصخیلی کے بیٹے شہباز پر ایس ایچ او ڈیفنس اسرار برڑو کی جانب سے وحشیانہ تشدد اور قاتلانہ حملہ کرکے جناح اسپتال کراچی میں شدید زخمی حالت میں پھینکنے کے واقعے نے پولیس میں موجود کالی بھیڑوں کے کالے کرتوتوں کو عیاں کردیا ہے،

دو ریاستی حل ڈھونگ ہے، کمزور اقدام اسرائیل کے ناجائز وجود کو استحکام دیگا، لیاقت بلوچ

حکومتِ پاکستان جموں وکشمیر اور فلسطین پر قائداعظم کی اعلان کردہ دائمی پالیسی کے مطابق مضبوط موقف اختیار کرے

لاہور (اے ایف پی) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سیکرٹری جنرل مِلی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ دو ریاستی حل ڈھونگ ہے، کمزور اقدام اسرائیل کے ناجائز وجود کو استحکام دے گا۔ منصورہ میں مرکزی مشاورتی نشست، الخدمت کے مرکز میں ڈاکٹر مشتاق مانگٹ کی کتاب کی تقریب رونمائی اور سید مودودی میموریل آڈیٹوریم میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان، ایران اور افغانستان کے سفارتی، اقتصادی اور دفاعی سطح پر مضبوط تعلقات خطہ میں پائیدار امن کی ضمانت بن سکتے ہیں۔ افغانستان، پاکستان اور ایران نے امریکہ، نیٹو فورسز، انڈیا اور اسرائیل کے مقابلہ میں عظیم کامیابی حاصل کی ہیں، اب یہ خطہ کے عوام کا حق ہے کہ تینوں ممالک استحکام اور اقتصادی ترقی کے لیے مضبوط لائحہ عمل بنائیں۔ غزہ میں فلسطینیوں کے قتلِ عام، نسل کشی کا جنگی مجرم اسرائیل اور نیتن یاہو ہے، امریکہ اسرائیل کی ناجائز سرپرستی کرکے رسوا ہوگیا ہے۔ لاکھوں انسانوں کی قربانیوں کے بعد عالمِ اسلام کا اسرائیل کو تسلیم کرنے کا سرنڈر مِلتِ اسلامیہ کیلئے تاریک مستقبل ہوگا۔ حکومتِ پاکستان جموں وکشمیر اور فلسطین پر قائداعظم کی اعلان کردہ دائمی پالیسی کے مطابق مضبوط موقف اختیار کرے

چنیوٹ، وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی پی او عبداللہ احمد، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ کے ہمراہ امن امان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پنجاب میں بے گھر خاندانوں کیلئے ''اپنی زمین، اپنا گھر'' منصوبے کے ای پورٹل کا افتتاح

لاہور: پنجاب میں بے گھر افراد کے لیے ''اپنی زمین، اپنا گھر'' منصوبے کے ای پورٹل کا افتتاح کردیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بے گھر افراد کے لیے فلاحی اقدامات کی ایک اور مثال قائم کرتے ہوئے اپنی زمین، اپنا گھر منصوبے کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں وزیراعلیٰ نے بٹن دبا کر منصوبے کے ای پورٹل azag.punjab.gov.pk کا افتتاح کیا، جس کے ذریعے شہری مفت پلاٹ کے لیے آن لائن درخواست دے سکیں گے۔ یہ منصوبہ وزیراعلیٰ کے مثالی فلاحی پروگرام 'اپنی چھت، اپنا گھر' کی توسیع ہے، جس کے تحت اب تک 34 ہزار گھروں کی تعمیر کا عمل شروع ہو چکا ہے جب کہ 2 ہزار گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ 'اپنی زمین، اپنا گھر' منصوبے کے پہلے مرحلے میں پنجاب کے 19 اضلاع میں 23 ہاؤسنگ اسکیموں کے تحت 3 مرلے کے 2 ہزار پلاٹس مفت فراہم کیے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں پلاٹوں کی تقسیم جہلم، پتوکی، ماموں کانجن، لودھراں اور رینالہ خورد میں ہوگی اور قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب ہونے والے افراد کو گھر کی تعمیر کے لیے آسان شرائط پر قرضے بھی دیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر کہا کہ یہ منصوبہ محض تعمیرات نہیں بلکہ ہزاروں خاندانوں کی دعائیں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ قرض کی واپسی کے لیے آسان اقساط اور 3 ماہ کا گریس پیریڈ رکھا گیا ہے

صوبائی وزیر خوراک ظاہر شاہ طورو کا گورنمنٹ ہائی سکول طورو مردان کا دورہ

پشاور (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک ظاہر شاہ طورو نے گورنمنٹ ہائی سکول طورو مردان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اساتذہ اور طلباء سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر خوراک نے سکول کی عمارت، کلاس رومز اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ سکول کے پرنسپل نے صوبائی وزیر کو طلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور تعلیمی معیار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ظاہر شاہ طورو نے تعلیمی ماحول کو سراہتے ہوئے اساتذہ کی محنت اور طلباء کی دلچسپی کو خوش آئند قرار دیا۔

حکومت بلند بانگ دعوں سے اپنی ناکام کارکردگی کو نہیں چھپا سکتی ہے، عبدالقادر لونی

ملک وقوم کو امن وروزگار دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں، قائمقام امیر

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناءاللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیزاحمد شاہ امروٹی مرکزی سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الھدی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مولانا قاری مہراللہ سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مفتی فدالرحمٰن ودیگر نے کہا کہ حکومت بلند بانگ دعوں سے اپنی ناکام کارکردگی کو نہیں چھپا سکتی ہے زمینی حقائق ان کی دعوں کی تصدیق نہیں کررہے ہیں۔ ملک وقوم کو امن وروزگار دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں آئے روز ملک میں دہشت گردی، اندوہناک اور وحشتناک واقعات کے تسلسل سے عوام اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہیں اور اگر واقعی معیشت میں بہتری آئی ہے تو حکومت پٹرولیم مصنوعات اور بجلی سمیت تمام اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی کیوں نہیں لاتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئی ایم ایف کی غلامی میں فرمانبرداری کا حق ادا کیا آئی ایم ایف کی مسلط پالیسیوں سے ڈالر کی اڑان، انڈسٹری تباہ، مہنگائی، بے روزگاری حد سے بڑھ گئی

8 ستمبر انٹرنیشنل لیٹریسی ڈے

تحریر: شیر محمد انگاریہ

ڈسٹرکٹ لیٹریسی آفیسر لسبیلہ اوتھل ہر سال 8 ستمبر کو عالمی یوم خواندگی منایا جاتا ہے یہ دن ہمیں اس بنیادی حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ پڑھنا لکھنا اور سمجھنا صرف تعلیمی ضرورت نہیں بلکہ ایک خودمختیار اور باوقار زندگی گزارنے کیلئے بنیادی حق ہے خواندگی انسان کو نہ صرف الفاظ پڑھنے اور لکھنے کے قابل بناتی ہے بلکہ اپنے حقوق فرائض سمجھنے اور بہتر فیصلے کرنے معاشرے میں موثر کردار ادا کرنے اور اپنے مستقبل کو بہتر بنانے کا راستہ بھی دکھاتی ہے خواندگی کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے جس معاشرے میں تعلیم اور خواندگی کی شرح بلند ہوتی ہے وہاں غربت میں کمی صحت کے معیار روزگار کے زیادہ مواقع سماجی شعور خواتین کی خودمختیاری اور جمہوری اقدار کے فروغ کے امکانات بھی زیادہ ہوتے ہیں اس کے برعکس ناخواندگی صرف ایک فرد کا مسلہ نہیں رہتی بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کی راہ میں رکاوٹ بن جاتی ہے عام طور پر خواندگی کو صرف پڑھنا لکھنا کی حد تک دیکھا جاتا ہے لیکن موجودہ دور میں خواندگی کا تصور بہت وسیع ہوچکا ہے آج ایک خواندہ فرد وہ ہے جو بنیادی معلومات کو سمجھ سکے روزمرہ زندگی کے مسائل میں درست فیصلہ کرسکے اعداد وشمار کو سمجھ سکے اپنے حقوق سے آگاہ ہو معلومات کے ذرائع کو پرکھ سکے اور بدلتے ہوئے دور کے تقاضوں کے مطابق خود کو ڈھال سکے موجودہ ڈیجیٹل دور میں ڈیجیٹل خواندگی بھی انتہائی اہمیت اختیار کرگئی ہے موبائل فون انٹرنیٹ اور جدید ٹیکنالوجی نے زندگی کے انداز بدل دیئے ہیں ایسے میں بنیادی تعلیم سے محروم افراد معاشی سماجی اور معلوماتی مواقع سے پیچھے رہ جاتے ہیں اس لیئے آج خواندگی کی مہم کو روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی مہارتوں سے بھی جوڑنا ضروری ہے پاکستان ایک نوجوان آبادی والا ملک لیکن لاکھوں بچے اب بھی سکول سے باہر ہیں جبکہ بالغ آبادی کا ایک بڑا حصہ بنیادی خواندگی کی سہولت سے محروم ہے دیہی اور پسماندہ علاقوں میں یہ مسلہ سنگین صورت اختیار کرلیتا ہے سکول کی کمی طویل فاصلے اساتذہ کی عدم دستیابی کمزور معاشی حالات اور والدین تعلیم کے حوالے سے محدود شعور ایسے عوامل ہیں جو بچوں کو سکول سے دور رکھتے ہیں اس صورتحال میں صرف نئے سکول بنانا کافی نہیں ہمیں آٹ اوف سکول بچوں کے مسلے پر خصوصی توجہ دینا ہوگا اور ان بچوں کیلئے ایسے متبادل تعلیمی مواقع پیدا کرنے ہوں گے جہاں وہ اپنی عمر حالات اور ضرورت کے مطابق تعلیم حاصل کرسکیں بلوچستان میں خواندگی کی اہمیت بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں آبادی دور دراز علاقوں میں پھیلی ہوتی ہے ایسے علاقوں میں نان فارمل ایجوکیشن ایک موثر متبادل کے طور پر سامنے آتی ہے نان فارمل ایجوکیشن کے مراکز ان بچوں نوجوانوں اور بالغ افراد تک تعلیم پہنچانے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں جو کسی وجہ سے رسمی اسکولوں میں داخل نہیں ہوسکے بلوچستان میں نان فارمل ایجوکیشن اور بالغ خواندگی کے مراکز کو مزید مضبوط فعال اور نتیجہ خیز بنانے کی ضرورت ہے عالمی یوم خواندگی ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ترقی کا سفر تعلیم کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتا ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہمارا کوئی بچہ صرف اس لیئے تعلیم سے محروم نہ ہو کہ اس کا گھر سکول سے دور ہے اس کا خاندان غریب ہے یا اس کے علاقے میں تعلیمی سہولت نہیں اسی طرح کوئی بالغ فرد صرف اس لیئے ناخواندہ نہ رہے کہ اسے زندگی کے کسی مرحلے پر تعلیم کا موقع نہیں مل سکا 8 ستمبر یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم خواندگی کو محض ایک سرکاری پروگرام نہیں بلکہ قومی تحریک بنائیں گے

پروفیسر ساجد میر کی پوری زندگی اسلامی مشن کو پورا کرنے میں گذری، حافظ عبدالرحمٰن سلفی

مرحوم کی دینی خدمات اہلحدیث کے حلقوں میں ہمیشہ زندہ جاوید رہیں گی، مرکزی امیر جماعت غرباء اہلحدیث

کراچی (این این آئی) جماعت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی امیر حافظ عبدالرحمٰن سلفی نے مرکزی دارالامارت محمدی مسجد برنس روڈ کراچی میں پروفیسر ساجد میر کے انتقال کے موقع پر ان کے دفتر میں آئے ہوئے پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر ساجد میر مرکزی امیر اہلحدیث کی زندگی کا آخری ناشتہ ان کی رحلت کا سبب بنا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم میری عیادت اور صحت یابی کی دعا کیلئے میرے دفتر آئے، انہوں نے جس محبت، پیار کا اظہار کیا میں اسے تادم زیست بھلا نہیں سکوں گا۔ مرحوم نے ملاقات کے دوران کہا کہ میں پاکستان اور سعودی عرب کے مابین محبتوں اور رفاقتوں کا سفر جاری کرنے لگا ہوں جو اس سے پہلے ناپید تھا۔ مولانا سلفی نے کہا کہ ہمارے اسلاف مولانا عبدالوہاب محدث دہلوی، مولانا عبدالستار محدث دہلوی اور مرکزی جمعیت اہلحدیث بھارت کے اکابرین نے جو دینی کارہائے نمایاں سرانجام دیئے وہ جماعت اہلحدیث کی تاریخ کا حصہ بن گئے ہیں۔ پروفیسر ساجد میر نے پوری زندگی اسلامی مشن کو پورا کرنے میں گذاری، اور اپنے آخری ایام تک اپنی جماعت سے وابستہ رہے، اور رحلت سے کچھ دن قبل وہ ساتویں بار مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی امیر منتخب ہوئے۔

بھارتی ریاستوں پر قبضے کے بیان پر بنگلہ دیش حکومت نے وضاحت جاری کردی

بیان بھارت کی اندرونی بے چینی اور علاقائی حکمت عملی پر یہ بیان گہرا اثر ڈال چکا ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف کسی ممکنہ فوجی کارروائی کی دھمکیوں کے بعد بنگلہ دیش کے سابق آرمی افسر اور موجودہ عبوری حکومت کے قریبی ساتھی میجر جنرل (ر) اے ایل ایم فضل الرحمٰن نے ایک چونکا دینے والا بیان جاری کیا ہے جس میں انہوں نے تجویز دی ہے کہ اگر بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو بنگلہ دیش کو چین کے ساتھ مل کر بھارت کے شمال مشرقی علاقوں پر قبضے کی حکمت عملی اپنانی چاہیے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق یہ بیان فیس بک پر بنگلہ زبان میں منگل کو پوسٹ کیا گیا جس میں جنرل فضل الرحمٰن نے لکھا، اگر بھارت پاکستان پر حملہ کرتا ہے تو بنگلہ دیش کو سات شمال مشرقی بھارتی ریاستوں پر قبضہ کرلینا چاہیے۔ میرے خیال میں ہمیں چین کے ساتھ مل کر ایک مشترکہ فوجی انتظام کی بات چیت شروع کرنی چاہیے۔ جنرل فضل الرحمٰن کو دسمبر 2024 میں محمد یونس کی سربراہی میں قائم عبوری حکومت نے نیشنل انڈیپنڈنٹ کمیشن کا چیئرمین مقرر کیا تھا، جس کا مقصد 2009 میں بنگلہ دیش رائفلز (BDR) میں بغاوت اور اس کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں کی تحقیقات کرنا تھا۔ گو کہ بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ نے سرکاری طور پر اس بیان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے، مگر بھارت کی اندرونی بے چینی اور علاقائی حکمت عملی پر یہ بیان گہرا اثر ڈال چکا ہے۔

تربت، ضلعی انتظامیہ کیچ نے گداگری کیخلاف کریک ڈاؤن کرکے بھکاریوں کو ان کے علاقے بھیجا جارہے ہیں

مقامی کاٹن مارکیٹ میں گزشتہ ہفتے کے دوران روئی کے بھاؤ میں مجموعی طور پر تیزی رہی

کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کی اسپاٹ ریٹ کمیٹی نے اسپاٹ ریٹ فی من 16700 روپے کے بھاؤ پر مستحکم رکھا

کراچی (این این آئی) مقامی کاٹن مارکیٹ میں گزشتہ ہفتے کے دوران روئی کے بھاؤ میں مجموعی طور پر تیزی رہی ضرورت مند ملز نے کوالٹی اور پیمنٹ کنڈیشن کے حساب سے فی من 15500 تا 17500 روپے کے بھاؤ پر طے پائے۔ کاروباری حجم نسبتا بہتر رہا۔ نیویارک کاٹن کے بھاؤ میں ملا جلا رجحان تیزی کا عنصر غالب رہا۔ صوبہ سندھ و پنجاب میں کوالٹی اور اور پیمنٹ کنڈیشن کے حساب سے روئی کا فی من بھاؤ 15500 تا 17500 روپے چل رہا ہے۔ کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کی اسپاٹ ریٹ کمیٹی نے اسپاٹ ریٹ فی من 16700 روپے کے بھاؤ پر مستحکم رکھا۔ کراچی کاٹن بروکرز فورم کے چیئرمین نسیم عثمان نے بتایا کہ بین الاقوامی کاٹن کے بھاؤ میں ملا جلا رجحان رہا نیویارک کاٹن کے وعدے کا بھاؤ میں اتار چڑھا کے بعد تیزی کا رجحان رہا بھاؤ فی پانڈ 68.41 تا 69.91 امریکن سینٹ کے درمیان چل رہا ہے

انفراسٹرکچر کی بہتری سے نصیر آباد ترقی کی جانب گامزن ہوگا، ایگزیکٹو انجینئر عبدالرحمٰن کاکڑ

چھتر (این این آئی) انفراسٹرکچر کی بہتری سے ضلع نصیر آباد ترقی کی جانب گامزن ہوگا ضلع کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے یہ پسماندہ علاقے ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہونگے اور ان کا رابطہ شہروں سے ہوگا محکمہ مواصلات وتعمیرات نصیر آباد کے تمام آفیسران ضلع بھر کے ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مقررہ وقت سے بھی پہلے مکمل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے رہے ہیں تاکہ ضلع نصیر آباد کے دورافتادہ علاقوں کے عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہوسکیں

لاہور، خطرناک ڈکیت گینگ کا سرغنہ پولیس مقابلے میں ہلاک، دیگر ساتھی فرار

ملزم سیف علی نے 2017 میں دوران پولیس مقابلہ کانسٹیبل کو فائر مار کر شہید کردیا تھا، ترجمان سی سی ڈی

لاہور (این این آئی) خطرناک ڈکیت گینگ کا سرغنہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا جبکہ دیگر ساتھی فرار ہوگئے۔ ترجمان سی سی ڈی کے مطابق کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ ماڈل ٹاؤن کی جانب سے خطرناک اشتہاری اور ڈکیت گینگ کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ پولیس مقابلے کے دوران خطرناک اشتہاری سیف علی ہلاک ہوگیا۔ ملزم پولیس کو قتل، اقدام قتل، ڈکیتی سمیت بہت سے سنگین جرائم میں مطلوب تھا اور علاقے میں خوف کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ سی سی ڈی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر تھانہ نشتر کالونی کی حدود میں اشتہاری کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا۔ پولیس پارٹی کے پہنچنے پر ملزم سیف علی اور اس کے ساتھیوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی۔ پولیس مقابلے کے دوران ملزم سیف علی موقع پر ہلاک ہوگیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم نے 2017 میں دوران پولیس مقابلہ کانسٹیبل کو فائر مار کر شہید کردیا تھا۔ ملزم نے علاقہ تھانہ اسلام پورہ میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر دوکاندار کو بھی فائر مار کر زخمی کردیا تھا۔ ہلاک ہونے والا ملزم سیف علی لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں سنگین جرائم کی متعدد وارداتوں میں اشتہاری اور ریکارڈ یافتہ تھا۔

نارووال لڑکی کو ملنے کیلئے آنے والا نوجوان مبینہ طور پر قتل

نارووال (این این آئی) پنجاب کے شہر نارووال کے علاقے منڈی خیل میں لڑکی کو ملنے کے لیے آنے والا نوجوان مبینہ طور پر قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی لڑکی سے فون پر دوستی ہوئی تھی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مقتول کو زہر دیا گیا تھا جو دوران علاج دم توڑ گیا۔

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم میں محرم الحرام کے حفاظتی انتظامات بارے بریفنگ لے رہے ہیں

معیشت نازک موڑ پر، تیز رفتار ترقی کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے، میاں زاہد حسین

عوام اور کاروباری برادری کو ریلیف دینے کے لئے شرح سود میں کمی ناگزیر ہے، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (این این آئی) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم وآل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ ملکی معیشت اس وقت ایک نازک موڑ پر کھڑی ہے۔ تیز رفتار ترقی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے اس لئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان شرح سود میں خاطر خواہ کمی کرے۔ شرح سود میں کمی سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، شرح نمو بڑھے گی، عوام کو روزگار اور حکومت کو محاصل ملیں گے جبکہ حکومتی قرضوں کے بوجھ میں کمی آئے گی۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلند شرح سود سے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یہ نہ صرف کاروباری برادری کے لیے قرضوں تک رسائی مشکل بناتی ہے بلکہ سرمایہ کاری کے مواقع بھی محدود ہوجاتے ہیں۔ شرح سود زیادہ ہو تو اس سے صنعتی شعبہ متاثر ہوتا ہے اور عوام کی قوت خرید بھی کم ہوتی ہے۔ پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ گزشتہ چند سالوں میں توقعات سے کم رہی ہے جس کی بڑی وجہ بلند شرح سود ہے

رائے ونڈ لائرز فورم کا امیدوار برائے نائب صدر لاہور بار شیخ کاشف نارگ کی حمایت کا اعلان

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ لائرز فورم نے امیدوار برائے نائب صدر لاہور بار ایسوسی ایشن شیخ کاشف نارگ کی حمایت کا اعلان کردیا، سینکڑوں وکلائے نے شیخ کاشف نارگ کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انکی کامیابی کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کا عزم کیا۔ مقامی میرج ہال میں منعقدہ عشائیے میں رائے ونڈ لائرز فورم کے سینکڑوں وکلاء نے امیدوار برائے نائب صدر لاہور بار ایسوسی ایشن شیخ کاشف نارگ کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
Mobile: 0336-6113760

شہید محمد امین فٹبال ٹورنامنٹ کل سے شروع

ٹورنامنٹ میں سوات کی مختلف ساٹھ ٹیمیں حصہ لیں گی اور یہ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جائے گا، چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی امجد خان

سوات (این این آئی) انتظار فٹ بال کلب، سوات کے زیر اہتمام شہید محمد امین خان لالہ فٹ بال ٹورنامنٹ 8 ستمبر سے بلوگرام گراؤنڈ، سوات سے شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ ینگ ایس ایس الیون اور عوامی ڈھیری کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز ٹورنامنٹ چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی امجد خان نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ٹورنامنٹ میں سوات کی مختلف 60 ٹیمیں حصہ لیں گی اور ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان گزشتہ روز کیا جاچکا ہے۔ واضح رہے کہ شہید محمد امین خان لالہ چند برس قبل 18 اکتوبر 2023 کو سوات میں دو فریقین کے درمیان جھگڑے پر صلح کرواتے ہوئے ایک فریقین کی فائرنگ سے شہید ہوگئے تھے۔

شاداب خان کاری ہیب جاری، فزیکل ٹریننگ شروع کردی گئی

پاکستان کے آل راؤنڈر نے 5 جولائی کو انگلینڈ میں دائیں کندھے کی سرجری کرائی تھی،

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان کا کندھے کی انجری سے صحتیابی کے بعد ری ہیب جاری ہے، انہوں نے فزیکل ٹریننگ شروع کردی۔ شاداب نے 5 جولائی کو انگلینڈ میں دائیں کندھے کی سرجری کرائی تھی، یہ آپریشن پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے میڈیکل پینل سے مشاورت کے بعد کیا گیا تھا۔ انجری کے باعث شاداب خان ایشیا کپ میں قومی ٹیم کا حصہ نہ بن سکے، تاہم اب وہ بحالی کے پروگرام کے تحت فزیکل ٹریننگ اور فٹنس ایکسرسائز کررہے ہیں۔ انسٹاگرام پر شاداب خان کی ایک نئی ریل بھی سامنے آئی ہے جس میں انہیں ریکوری ٹریننگ اور فٹنس ایکسرسائز کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا، 'ری ہیب جاری ہے، آپ سب کے ساتھ اور دعاؤں کا شکریہ۔ ایسا ظاہر ہورہا ہے کہ آل راؤنڈر میدان میں واپسی کی بھرپور تیاری کررہے ہیں۔

افغانستان کے خلاف شکست پر بابر اور رضوان کی یاد آئی؟

فیلڈ پر اپنے گھر والوں کی یاد نہیں آتی، ساتھی کھلاڑی کی کیسے آئیگی، فہیم اشرف

شارجہ (این این آئی) افغانستان نے شارجہ میں جاری ٹرائی نیشن ٹی ٹوئنٹی سیریز کے چوتھے میچ میں پاکستان کو 18 رنز سے شکست دی۔ شارجہ میں کھیلے گئے میچ میں پاکستانی ٹیم 170 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 9 وکٹ پر 151 رنز بنا سکی، پاکستان کی طرف سے حارث رؤف نے 16 گیندوں پر 34 رنز ناٹ آؤٹ بنائے، فخر زمان 25، سلمان آغا نے 20 صاحبزادہ فرحان نے 18 رنز بنا سکے۔ اس سے قبل افغانستان کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ پر 169 رنز بنائے، کپتان راشد خان کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان کو 170 رنز کا ہدف دیا تھا مگر پاکستانی ٹیم نو وکٹوں کے نقصان پر محض 151 رنز بنا سکی۔ میچ کے بعد قومی ٹیم پر خوب تنقید کی گئی، پریس کانفرنس میں صحافی نے فہیم اشرف سے سوال کیا کہ افغانستان کے خلاف شکست پر کیا بابر اور رضوان کی یاد آئی۔ صحافی کے سوال پر پہلے تو فہیم اشرف ہنس پڑے پھر بعد میں کہا کہ فیلڈ پر اپنے گھر والوں کی یاد نہیں آتی، ساتھی کھلاڑی کی کیسے آئیگی۔

جرمنی، لیورکوسن اور کولون کے مابین دوستانہ میچ جاری ہے

نویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی مختلف کھیلوں کی منیجرز میٹنگ آج، گیمز کے ڈراز کا اعلان کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) نویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی مختلف کھیلوں کی منیجرز میٹنگ آج 5 ستمبر کو شام 5 بجے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد کراچی ہوگی جس کی صدارت پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں کریں گے۔ اجلاس میں گیمز کے ڈراز کا اعلان کیا جائے گا۔ گیمز 11 سے 26 ستمبر تک جاری رہے گی۔ گیمز میں 24 کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں آرچری، ایتھلیٹکس، فٹ سال، جمناسٹک، فلائینگ ڈیسکس، پیڈل، پکل بال، روپ سکپنگ، سکیٹنگ، تھرو بال، رسہ کشی، تائیکوانڈو، فٹنس، کرکٹ، سائیکلنگ، باسکٹ بال، بیڈمنٹن، کیچ بال، ڈوج بال، نیٹ بال، ہینڈ بال، ٹیبل ٹینس، والی بال اور ہاکی شامل ہیں۔

قومی سپورٹس فیڈریشنز کو دو ہفتوں کے اندر کلبوں اور ایسوسی ایشنز کی مکمل تفصیلات جمع کروانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے ملک میں کھیلوں کے نظام میں شفافیت لانے کے لیے تمام قومی سپورٹس فیڈریشنز کو ہدایت کی ہے کہ وہ آئندہ دو ہفتوں کے اندر اپنے کلبوں اور ایسوسی ایشنز کی مکمل تفصیلات گاؤں اور قصبے کی سطح تک جمع کرائیں۔ یہ اقدام ڈی جی پی ایس بی یاسر پیرزادہ کی جانب سے شروع کی گئی وسیع تر اصلاحات کا حصہ ہے جن کا مقصد گورننس کو سخت کرنا، کاغذی فیڈریشنز کا خاتمہ کرنا، کھیلوں میں دستاویزی اور جواب دہ کلچر کو فروغ دینا ہے۔ فیڈریشنز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کلبوں، تحصیل، ضلع، ڈویژن اور صوبائی ایسوسی ایشنز کی فہرستیں، صدور اور سیکرٹریز کے نام و رابطہ نمبرز اور اپنی آخری انتخابات کی تاریخیں فراہم کریں۔ جو فیڈریشنز مقررہ 15 دن میں معلومات فراہم نہیں کریں گی انہیں بنیادی سطح پر غیر فعال تصور کیا جائے گا۔

سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی مختلف کھیلوں کی منیجرز میٹنگ آج ہوگی

صدارت پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) نویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کی مختلف کھیلوں کی منیجرز میٹنگ (کل) 5 ستمبر کو شام 5 بجے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد کراچی ہوگی جس کی صدارت پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں کریں گے۔ اجلاس میں گیمز کے ڈراز کا اعلان کیا جائے گا۔ گیمز 11 سے 26 ستمبر تک جاری رہے گی۔ گیمز میں 24 کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں آرچری، ایتھلیٹکس، فٹ سال، جمناسٹک، فلائینگ ڈیسکس، پیڈل، پکل بال، روپ سکپنگ، سکیٹنگ، تھرو بال، رسہ کشی، تائیکوانڈو، فٹنس، کرکٹ، سائیکلنگ، باسکٹ بال، بیڈمنٹن، کیچ بال، ڈوج بال، نیٹ بال، ہینڈ بال، ٹیبل ٹینس، والی بال اور ہاکی شامل ہیں۔



انگلینڈ، باتھ ریسنگ ریک پر گھڑسوار اختتامی پوائنٹ کی جانب بڑھ رہے ہیں

زمبابوے کے سکندر رضا نے تاریخ رقم کردی

آل راؤنڈر سکندر رضا نے آئی سی سی رینکنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیموں اور کھلاڑیوں کی نئی رینکنگ جاری کردی ہے، جس میں سکندر رضا نے اپنے ملک زمبابوے کے لیے تاریخ رقم کرلی ہے۔ زمبابوے کو سری لنکا کے خلاف حالیہ ایک روزہ سیریز میں 0-2 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تاہم سیریز میں ٹیم نے بہتر مقابلہ کیا جبکہ تجربہ کار آل راؤنڈر سکندر رضا نے آئی سی سی رینکنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ آئی سی سی کی رینکنگ کے مطابق سکندر رضا نے افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی سے ون ڈے رینکنگ میں پہلی پوزیشن چھین لی ہے۔ زمبابوے کے 39 سالہ آل راؤنڈر سکندر رضا ایک روزہ کرکٹ میں آئی سی سی رینکنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے اپنے ملک کے لیے پہلے آل راؤنڈر بن گئے ہیں۔ سکندر رضا نے رواں برس بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور 302 ریٹنگ پوائنٹس حاصل کرکے یہ اعزاز اپنے نام کیا ہے۔ سکندر رضا نے سری لنکا کے خلاف پہلے ون ڈے میں 87 گیندوں پر 8 چوکوں کی مدد سے 92 رنز بنائے تھے جبکہ باؤلنگ میں 10 اوورز کے کوٹے میں 48 رنز دے کر ایک وکٹ حاصل کی تھی۔

مایہ ناز بلے باز اے بی ڈیویلیئرز کے ٹاپ 5 کرکٹرز کی فہرست میں پاکستانی کھلاڑی شامل

پیٹرز برگ (این این آئی) جنوبی افریقہ کے سابق کپتان اے بی ڈیویلیئرز نے اپنے ٹاپ 5 کرکٹرز کی فہرست میں سابق پاکستانی فاسٹ بولر کو شامل کرلیا۔ جنوبی افریقہ کے سابق کپتان اے بی ڈیویلیئرز نے اپنے ٹاپ کرکٹرز کی فہرست جاری کی ہے جن کے خلاف وہ کھیلے ہیں ان میں پاکستان کے فاسٹ بولر محمد آصف کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے قریبی دوست اور سابق رائل چیلنجرز بنگلور کے ساتھی ویرات کوہلی کو فہرست میں شامل نہیں کیا۔ ڈی ویلیئرز نے کوہلی کے بجائے سچن ٹنڈولکر فہرست میں منتخب کیا ہے۔ ان کے ٹاپ فائیو کرکٹرز میں جیک کیلس، اینڈریو فلنٹوف، محمد آصف، شین وارن اور سچن ٹنڈولکر شامل ہیں، اے بی نے کہا کہ کیلس بہترین آل راؤنڈر ہے یا شاید اب تک کا بہترین کرکٹر ہے۔ محمد آصف وہ بہترین سیمر تھا جس کا میں نے کبھی سامنا کیا ہے۔ مجھے وارن کے خلاف کھیلنا پسند تھا، لیکن مجھے کبھی مشکل نہیں لگی۔ مجھے ان کی مجموعی شخصیت پسند تھی، فلاپی ہیٹ، زنک کریم، سنہرے بال ہوتے تھے۔ اینڈریو فلنٹوف، جو ایک بڑے میچ پرفارمر تھے۔ ایجبسٹن میں کیلس کے لیے وہ یارکر جو میں نے کبھی دیکھا ہے سب سے بہترین ہے۔ واضح رہے کہ ڈی ویلیئرز خود جدید کرکٹ کی سب سے مشہور شخصیات میں سے ایک ہیں۔ 14 سالہ بین الاقوامی کیریئر کے دوران انہوں نے جنوبی افریقہ کے لیے 114 ٹیسٹ میں 50 اعشاریہ 66 اور 228 ون ڈے میچوں میں 53 اعشاریہ 50 کی اوسط سے اسکور کیا۔ ابھی حال ہی میں انہوں نے ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) 2025 میں جنوبی افریقہ چیمپئنز کی کپتانی کی، 220 کے حیران کن اسٹرائیک ریٹ پر چھ اننگز میں 429 رنز کے ساتھ ٹورنامنٹ کے سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی رہے۔ محمد آصف نے 23 ٹیسٹ میں پاکستان کی نمائندگی کی جہاں انہوں نے 2 اعشاریہ 99 کے اکانومی ریٹ سے 106 وکٹیں حاصل کیں۔

لارڈز، جنوبی افریقہ کے بلے باز ایڈن مارکرم کے خلاف انگلینڈ کے کھلاڑی ون ڈے میچ میں ایل بی ڈبلیو کی اپیل کررہے ہیں

ڈبلیو ڈبلیو ای کی بکی لینچ نے ریسلر سی ایم پنک کو تھپڑ جڑ دیا

بکی لینچ کے تھپڑ مارنے کے بعد سی ایم پنک اور سیٹھ رولنز کی دشمنی نئی سطح پر پہنچ گئی

واشنگٹن (این این آئی) ڈبلیو ڈبلیو ای کی ویمنز انٹرکانٹینینٹل چیمپئن بکی لینچ نے ریسلر سی ایم پنک کو تھپڑ جڑ دیا۔ ڈبلیو ڈبلیو ای 'را' میں سابق ہیوی ویٹ چیمپئن سی ایم پنک کو خواتین کی انٹرکانٹینینٹل چیمپئن بکی لنچ نے تھپڑ مار دیے جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ بکی لنچ کے تھپڑ مارنے کے بعد سی ایم پنک اور سیٹھ رولنز کی دشمنی نئی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ یہ سیگمنٹ ورلڈ ہیوی ویٹ چیمپئن شپ میچ کے متنازعہ اختتام کا براہ راست نتیجہ تھا جہاں لنچ کی نے مداخلت کی تھی۔ سیگمنٹ کا آغاز پنک نے رولنز کو کال کرنے سے کیا۔ چیمپئن کے بجائے یہ اس کی بیوی تھی، لنچ رولنز کے داخلے کے تھیم پر نمودار ہوئی۔ لنچ نے اعلان کیا کہ وہ، وہ شخص ہے جس سے پنک کو نمٹنا پڑے گا یہ کہتے ہوئے کہ اس مسئلے کا اس کے خاندان سے تعلق ہے۔ پنک نے کوئی وقت ضائع نہیں کیا اور اشارہ کیا کہ اسے یقین ہے کہ اس کا شوہر بزدل ہے۔ لنچ نے جاری رکھتے ہوئے کہا کہ رولنز نے کاروبار کے لیے اس سے زیادہ قربانیاں دی ہیں جتنا کہ پنک سمجھ سکتا تھا۔ اس موقع پر سیٹھ رولنز داخلی اسٹیج پر نمودار ہوئے اور پنک کو طعنہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ میرے چہرے پر جو کہنا ہے آکر کہہ دیں۔ جیسے ہی پنک نے اس کا سامنا کرنے کے لیے رنگ چھوڑنے کی کوشش کی، لنچ نے اس کا راستہ روک دیا۔ جب پنک مڑا تو لنچ نے اس کے چہرے پر تھپڑ مارا۔ وہ اسے تھپڑ مارتی رہیں اور یہ پوچھتی رہی کہ وہ اس کے بارے میں کیا کرنے جارہا ہے، جب بھیڑ نے اے جے لی'' کا نعرہ شروع کیا۔ لنچ نے یہ کہتے ہوئے گانا بند کردیا کہ وہ ڈبلیو ڈبلیو ای میں کام نہیں کرتی۔

برطانیہ، پاکستانی کرکٹر حیدر علی کیخلاف مبینہ ریپ کا مقدمہ خارج

برطانوی پولیس نے ریپ کے الزامات کو ناکافی شواہد کی بنیاد پر خارج کردیا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) برطانوی پولیس نے پاکستانی قومی کرکٹ ٹیم کے بلے باز حیدر علی کے خلاف ریپ کے الزامات کو ناکافی شواہد کی بنیاد پر خارج کردیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق تحقیقات میں کرکٹر کے خلاف کوئی قابل قبول ثبوت نہیں ملا۔ حیدر علی کو جلد ہی ان کا پاسپورٹ واپس کردیا جائے گا، جس کے بعد وہ آزادانہ طور پر برطانیہ آسکتے ہیں اور جاسکتے ہیں۔

ٹیکساس، نیویارک یانکیز اور ہیوسٹن ایسٹروس کے مابین باسکٹ بال میچ کا منظر

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
Mobile: 0336-6113760

جو مرد شادی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے، وہ روزے رکھیں، ببرک شاہ

کبھی فلرٹ نہیں کیا، بلکہ اگر کوئی لڑکی پسند آئی تو ہمیشہ اسے شادی کا پیغام دیا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) ماضی کے مشہور اداکار ببرک شاہ نے شادی کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ شادی ایک بڑی ذمے داری ہے اور جو مرد ایک شادی کا بوجھ بھی نہیں اٹھا سکتے انہیں چاہیے کہ وہ روزے رکھیں۔ ببرک شاہ نے حال ہی میں شیخ دا پوڈ کاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی، شادیوں اور فلمی دنیا کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی۔ شادی کے بارے میں بات کرتے ہوئے ببرک شاہ نے بتایا کہ وہ اپنی زندگی میں اب تک چار شادیاں کرچکے ہیں، اس وقت ان کے ساتھ صرف ایک بیوی ہیں جب کہ باقی بیویاں ان سے علیحدگی کے بعد اپنی زندگی خوشی سے گزار رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر انہیں دوبارہ شادی کرنے کا موقع ملا اور کوئی اچھی شریکِ حیات ملی تو وہ آئندہ بھی شادی کرسکتے ہیں۔ اداکار نے واضح کیا کہ انہوں نے کبھی فلرٹ نہیں کیا، بلکہ اگر کوئی لڑکی پسند آئی تو ہمیشہ اسے شادی کا پیغام دیا۔ ان کے مطابق یہ طاقت ہر مرد کو نہیں دی جاتی، اسی لیے جو مرد یہ ذمہ داری اٹھا سکتے ہیں انہیں ایک سے زیادہ شادیاں ضرور کرنی چاہئیں۔ ببرک شاہ نے کہا کہ دنیا میں مردوں کی تعداد عورتوں کے مقابلے میں کم ہے، اس لیے معاشرتی توازن کے لیے ضروری ہے کہ کم از کم دس سے پندرہ فیصد مرد ایک سے زیادہ شادیاں کریں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اگر کوئی شخص ایک شادی کا بوجھ بھی نہیں اٹھا سکتا تو اسے روزے رکھنے چاہئیں۔ انہوں نے زندگی گزارنے کے اصول بتاتے ہوئے کہا کہ مرد ایک شادی کرے یا ایک سے زیادہ، اسے ہمیشہ دو باتوں کو یاد رکھنا چاہیے صبر اور شکر۔ ببرک شاہ کے مطابق اگر انسان میں یہ دونوں چیزیں ہوں تو وہ کسی بھی رشتے کو کامیابی سے نبھا سکتا ہے،

سنجے لیلا بھنسالی کے خلاف فراڈ اور بدسلوکی کا مقدمہ درج

شکایت پراتیک راج ماتھور نامی شخص نے بھارتی ریاست راجستھان میں درج کرائی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف فلمساز و پروڈیوسر سنجے لیلا بھنسالی اور دیگر دو افراد کے خلاف دھوکا دہی، نامناسب رویے اور بدسلوکی کا مقدمہ درج کرایا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا نے پولیس ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ یہ شکایت پراتیک راج ماتھور نامی شخص نے بھارتی ریاست راجستھان کے شہر بیکانیر میں درج کراتے ہوئے دعویٰ کیا کہ سنجے لیلا بھنسالی نے انہیں رنبیر کپور، عالیہ بھٹ اور وکی کوشل کی آئندہ آنیوالی فلم لو اینڈ وار کے لیے بطور لائن پروڈیوسر کنٹریکٹ دیا تھا لیکن بعد میں اسے منسوخ کردیا۔ ماتھور نے کہا کہ وہ فلم کی شوٹ کیلیے ضروری انتظامات کررہا تھا اور اس دوران وہ فلم کی ٹیم سے ملنے ہوٹل گیا تو بھنسالی اور انکے ساتھیوں نے اسکے ساتھ بدسلوکی کی۔ بیکانیر صدر کے سرکل آفیسر وشال جنگیت نے میڈیا کو بتایا کہ پراتیک ماتھور نے پیر کو بھنسالی اور انکی ٹیم کے دو دیگر افراد اروند گل اور اوتکرش بالی پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے انہیں بغیر کسی ادائیگی کے پروجیکٹ سے ہٹا دیا۔

پون کلیان کی فلم ''او جی'' کا پہلا ٹکٹ نیلامی میں بھاری قیمت پر فروخت

ممبئی (این این آئی) تیلگو فلموں کے سپر اسٹار اور آندھرا پردیش کے صوبائی وزیر پون کلیان کی فلم او جی کا پہلا ٹکٹ نیلامی میں بھاری قیمت پر فروخت ہوا ہے، اس ٹکٹ کی آمدنی ان کی پارٹی کو عطیہ کی جائے گی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پون کلیان کی سالگرہ سے قبل ان کے مداحوں نے سجیت کے ساتھ ان کی آنے والی فلم او جی کا پہلا ٹکٹ فروخت کرنے کے لیے ایک آن لائن نیلامی کا انعقاد کیا۔ اداکار و سیاستدان پون کلیان 2 ستمبر کو 54 سال کے ہوگئے اور ان کے مداحوں نے ان کی آنے والی فلم او جی کا پہلا ٹکٹ سب سے زیادہ بولی لگانے والے کو فروخت کرنے کے لیے ایک آن لائن نیلامی کا انعقاد کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز ایکس اور انسٹاگرام پر گردش کرنے والی نیلامی کی ایک ریکارڈنگ میں اداکار کے فین کلب ٹیم پون کلیان نارتھ امریکا نے فلم کا پہلا ٹکٹ 5 لاکھ روپے کی بھاری قیمت پر خریدا ہے، اس نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم پون کی جنا سینا پارٹی کو عطیہ کی جائے گی۔ فلم او جی جسے دے کال ہم او جی بھی کہا جاتا ہے، ایک گینگسٹر سے متعلق فلم ہے جس کی ہدایت کار سجیت ہیں جبکہ اسے ڈی وی وی انٹرٹینمنٹ کے بینر تلے ڈی وی وی دانیا نے پروڈیوس کیا ہے۔ عمران ہاشمی اس فلم میں ولن اومی بھاؤ کے کردار سے اپنا تیلگو فلم ڈیبیو کررہے ہیں جبکہ پون کلیان او جاس گمبھیرا کا مرکزی کردار ادا کررہے ہیں۔ یہ فلم 2023 میں بننا شروع ہوئی تھی، جس میں پریانکا موہن، ارجن داس، پرکاش راج، سریا ریڈی، ہریش اتمان اور دیگر اداکاری کے جوہر دکھا رہے ہیں۔ تھمن ایس نے فلم او جی کی موسیقی ترتیب دی ہے اور یہ رواں ماہ کی 25 تاریخ کو بھارتی سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ او جی پون کلیان کی ان 3 فلموں میں سے ایک ہے جن کے لیے پون نے سیاست میں آنے اور آندھرا پردیش کا نائب وزیر اعلیٰ بننے سے پہلے ہامی بھری تھی۔ اداکار کی پارٹی جے ایس پی نے ٹی ڈی پی اور بی جے پی کے ساتھ اتحاد میں 2024 کے آندھرا پردیش انتخابات میں کامیابی حاصل کی۔

سلمان خان نے فلم میں کترینہ کیف کی تصویر خود بنائی تھی، فلم ڈائریکٹر

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم ڈائریکٹر علی عباس ظفر نے بتایا ہے کہ سلمان خان نے فلم میں کترینہ کیف کا پورٹریٹ خود بنایا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم ڈائریکٹر علی عباس ظفر نے اس واقعے کی تصدیق کی ہے کہ ماضی کے مشہور فلمی گانے دل دیاں گلاں میں اداکارہ کترینہ کیف کا خوبصورت پورٹریٹ بالی ووڈ اسٹار سلمان خان نے ہی بنایا تھا۔ سلمان خان نے یہ پورٹریٹ یورپی ملک آسٹریا کی ایک منجمد شدہ جھیل کو بطور کینوس استعمال کرتے ہوئے خصوصی طور پر فلم کی شوٹنگ کے لیے بنایا تھا جو فلمی مناظر میں دکھایا بھی گیا ہے۔ یہ پورٹریٹ سلمان خان کی پوشیدہ صلاحیتوں کا نہ صرف اظہار تھا، بلکہ فلم میں دو اداکاروں کی باہمی کیمسٹری کو بھی واضح کرتا ہوا دکھائی دیا۔

سہانا خان کو زرعی اراضی خریدنا مہنگا پڑ گیا، قانونی مشکل کا سامنا

اداکارہ پلاٹ کی خریداری کے وقت 77 عشاریہ 46 لاکھ روپے بطور اسٹیمپ ڈیوٹی ادا کی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کی بیٹی سہانا خان کو ممبئی کے علاقے علی باغ میں واقع ایک زرعی اراضی کی خریداری کے حوالے سے قانونی مشکل کا سامنا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ خریداری دستاویزات میں سہانا کو کسان ظاہر کیا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ سہانا خان نے علی باغ میں 12 کروڑ 91 لاکھ روپے میں تین بہنوں انجلی، ریکھا اور پریا سے زرعی اراضی خریدی جو کہ ان بہنوں نے اپنے والدین سے وراثت میں حاصل کی تھی۔ دستاویزات کے مطابق سہانا نے دو پلاٹ جنکی مجموعی مالیت 22 کروڑ تھی 2023 اور 2024 میں خریدے۔ یہ پلاٹ دیجا وو فارم پرائیویٹ لمیٹڈ کے نام پر رجسٹرڈ کیے گئے، اس کمپنی کی مالک گوری خان کی والدہ اور بھابھی بتائی جاتی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق علی باغ کا ایک پلاٹ تھال ولیج میں ہے، مزید بتایا گیا کہ حکومت نے دراصل یہ زمین فارمنگ کے لیے الاٹ کی تھی۔ سہانا خان نے اس پلاٹ کی خریداری کے وقت 46.77 لاکھ روپے بطور اسٹیمپ ڈیوٹی ادا کی، خریداری کے وقت رجسٹری دستاویزات میں سہانا کو مبینہ طور پر فارمر (کسان) ظاہر کیا گیا۔ اب حکام اس معاملے کی جانچ کررہے ہیں اور اس کی تحقیقات ریذیڈنٹ ڈپٹی کلکٹر سندیش شرکے کررہے ہیں جنھیں ہدایت کی گئی ہے وہ علی باغ کے تحصیلدار سے ایک غیر جانبدرانہ رپورٹ طلب کریں۔

شادی میں صرف سلمان میرے ساتھ کھڑے رہے، بھاگیہ شری

اداکارہ رتیش دیش مکھ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم راجہ شیواجی میں نظر آئیں گی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ بھاگیہ شری نے انکشاف کیا ہے کہ فلم میں نے پیار کیا کے سیٹ پر سلمان خان ہمیشہ میرا بہت خیال رکھتے تھے اور ہمالیہ ڈاسانی سے شادی کے دوران میرے گھر والوں کے بجائے صرف سلمان خان میرے ساتھ کھڑے رہے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ اداکارہ بھاگیہ شری نے سلمان خان کے ساتھ فلم 1989 کی فلم میں نے پیار کیا سے شاندار ڈیبیو کیا تھا، اسکرین پر ان کی کیمسٹری نے فلم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا اور انہیں راتوں رات اسٹار بنا دیا، تاہم انہوں نے جلد ہی شادی کرنے کے لیے شوبز کو چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں بھاگیہ شری نے سلمان خان کے ساتھ اپنے تعلق پر کھل کر بات کی اور انکشاف کیا کہ جب میری شادی ہوئی تو سلمان خان کے علاوہ میرے خاندان کی طرف سے کوئی بھی موجود نہیں تھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ میرے لیے سلمان ایک ایسے شخص تھے جنہوں نے ہمیشہ میرا ساتھ دیا، وہ بہت خیال رکھنے والے تھے، سلمان میں کام کے حوالے سے جس قسم کا جنون دیکھا ہے، میرا خیال ہے شاید ہی آج کے نوجوان ستارے اس قسم کے جنون کا تجربہ کرپائیں گے، جو میرے خیال میں راجیش کھنہ کے دور جیسا تھا۔ بھاگیہ شری کے والدین نے ہمالیہ ڈاسانی سے ان کی شادی پر اعتراض کیا تھا، اس لیے جوڑے نے بھاگ کر شادی کی تھی اور یہ شادی ایک نجی تقریب بن گئی تھی، پھر بھی سلمان خان اس موقع پر مضبوطی سے ان کے ساتھ کھڑے رہے تھے۔ بھاگیہ شری نے یاد کرتے ہوئے بتایا کہ جب میں نے شادی کا فیصلہ کیا تو میری طرف سے کوئی نہیں تھا اور سلمان شروع سے آخر تک وہاں موجود تھے اور وہ اس تقریب سے جانے والے آخری شخص تھے، مجھے ان سے اس کی امید نہیں تھی، وہ ایک بہت شرارتی لڑکے تھے، لیکن بہت پیارے بھی تھے۔ بھاگیہ شری اور ہمالیہ 1989 میں ان کے بالی ووڈ ڈیبیو کی بلاک بسٹر کامیابی کے فوراً بعد شادی کے بندھن میں بندھ گئے تھے، اب اس جوڑے کے 2 بچے ابھیمنیو ڈاسانی اور اونتیکا ڈاسانی ہیں اور دونوں ہی اداکاری کی دنیا میں آچکے ہیں۔ بھاگیہ شری اب رتیش دیش مکھ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم راجہ شیواجی میں نظر آئیں گی، فلم میں سنجے دت، ابھیشیک بچن، جنیلیا دیش مکھ، مہیش منجریکر اور فردین خان بھی شامل ہیں، جس کے یکم مئی 2026 کو ریلیز ہونے کا امکان ہے۔ دوسری جانب سلمان خان اس وقت بگ باس 19 کی میزبانی کررہے ہیں اور اگلی بار اپوروا لاکھیا کی فلم بیٹل آف گلوان میں نظر آئیں گے، جو 2020 میں بھارت اور چین کے درمیان گلوان وادی کے تنازع پر مبنی اور زیرِ تکمیل ہے۔

عاطف اسلم کی مداح کا اسٹیج پر بیہودہ ڈانس، ویڈیو پر شدید تنقید

کراچی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ گلوکار عاطف اسلم پاکستان اور بیرون ملک اپنے بیک ٹو بیک کنسرٹس کی وجہ سے سرخیوں میں رہتے ہیں ایسے ہی ایک کنسرٹ کی نئی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس پر شدید تنقید کی جارہی ہے۔ کینیڈا کے شہر وینکوور میں عاطف اسلم کے کنسرٹ کی ایک ویڈیو وائرل ہورہی ہے جس میں ان کی ایک مداح اسٹیج پر چڑھ کر گلوکار کے بالکل سامنے بیہودہ انداز میں ڈانس کررہی ہے۔ خاتون مداح کے ڈانس پر انہیں سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک صارف نے لکھا، موسیقی نے لوگوں کو دیوانہ، غیر معمولی اور مفلوج بنادیا ہے۔ ایسے لوگوں کو دیکھنا مزاحیہ ہے۔ ایک اور نے لکھا، یہ بیہودگی کی انتہا ہے، اور لوگ سوچتے ہیں کہ اس طرح کے اقدامات انہیں جدید اور منفرد بناتے ہیں۔ ایک مداح نے تبصرہ کیا، یہ لڑکی اس مچھر کی طرح ہے جو جب میں واش روم میں جاتا ہوں تو کان کے پاس ڈانس کرتا ہے۔'' ایک اور مداح نے لکھا، ''یہ نامناسب ہے۔ کچھ لوگوں نے عاطف اسلم کے اپنے والد کے ساتھ تعلقات پر بھی سوال اٹھایا، ایک مداح نے کہا، ان کے والد کا ابھی انتقال ہوا ہے اور وہ کنسرٹس میں مصروف ہیں، مجھے نہیں معلوم کہ انہوں نے اپنے والد کے ساتھ ایسا کون سا رشتہ بنایا جو انہیں روک نہیں پایا۔

شادی میں کوئی دلچسپی نہیں، کبھی محبت نہیں ہوئی، اسد ملک

لاہور (این این آئی) ماضی کے معروف اداکار اسد ملک کا کہنا ہے کہ انہیں شادی میں کوئی دلچسپی نہیں ہے، کبھی محبت نہیں ہوئی، والدہ کے انتقال کے وقت ان کے ساتھ نہ ہونے کا غم ساری زندگی رہے گا۔ ماضی کے معروف اداکار نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ انہیں کبھی محبت نہیں ہوئی، ان کو شادی میں کوئی دلچسپی نہیں، اس کے بغیر زندگی گزاری جاسکتی ہے۔ اسد ملک نے اپنی ذاتی زندگی کے ان تمام چیلنجز کا ذکر کیا جن کا انہوں نے 20 سال کی عمر میں اپنی والدہ کے انتقال کے بعد ان کا سامنا کیا۔ والد کے ساتھ اپنے مضبوط رشتے سے متعلق انہوں نے کہا کہ والد نے والدہ کے گزر جانے کے بعد میرا بہت خیال رکھا، وہ ایک آفس میں کام کرتے تھے، لیکن دوپہر میں وقت نکال کے وہ میرے لیے کھانا بنانے آتے تھے۔ اسد ملک کا کہنا تھا کہ کچھ سالوں بعد والد کو اکیلا دیکھتے ہوئے میں نے خود ان کی دوسری شادی کروائی، میرے والد مجھے انکار نہیں کرسکتے تھے۔ ایک سوال پر انہوں نے تسلیم کیا کہ وہ محبت میں گرفتار نہیں ہوئے، اس لیے وہ اس پر اپنی رائے کا خاص اظہار بھی نہیں کرسکتے، ساتھ ہی کہنا تھا کہ جب محبت کروں گا تو اس پر بات کرنے کے قابل بھی ہوں گا۔ اسد ملک کا کہنا تھا کہ ان کو بچے پسند ہیں لیکن وہ شادی کی ذمہ داریوں سے اجتناب کرتے ہیں، شادی کا مطلب ہے کسی کی بیٹی لا، اسے اپنا وقت دو، اس کا خیال رکھو، اس نقطہ نظر سے میں خود کو نہیں سمجھتا کہ میں یہ ذمہ داریاں اٹھا سکوں،

فیمنزم کا مطلب مردوں سے نفرت کرنا ہرگز نہیں، ژالے سرحدی

ماریہ بی پسند نہیں، متنازع ویڈیوز بنا کر مقبول ہونے کی کوشش کرتی ہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ ژالے سرحدی نے ماریہ بی کے رویے پر کھل کر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ماریہ بی کو پسند نہیں کرتیں اور وہ متنازع ویڈیوز بنا کر مقبول ہونے کی کوشش کرتی ہیں۔ ژالے سرحدی نے حال ہی میں ایف ایچ ایم پوڈ کاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے فیمنزم، خواتین کی صلاحیتوں اور سوشل میڈیا پر موجود مختلف شخصیات پر کھل کر گفتگو کی۔ اداکارہ نے فیمنزم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ فیمنزم کا مطلب مردوں سے نفرت کرنا ہرگز نہیں ہے۔ ان کے مطابق فیمنزم محض خواتین کی صلاحیتوں اور محنت کی بنیاد پر انہیں مساوی حقوق دینا ہے، نہ کہ جنس کی بنیاد پر تنخواہ یا مقام کا تعین کرنا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کو گھر پر رہنا یا کیریئر اختیار کرنا دونوں ہی ان کے انتخاب کا حصہ ہیں اور یہ بھی فیمنزم کی سوچ سے منسلک ہے۔ ژالے سرحدی نے مشی خان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ سوشل میڈیا پر اچھی اور درست ویڈیوز بناتی ہیں، تاہم ہر موضوع پر بات کرنا ضروری نہیں ہوتا۔ اداکارہ نے ماریہ بی کے رویے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ زیادہ تر منفی ویڈیوز بناتی ہیں جو پاکستان کا عالمی سطح پر منفی تاثر پیش کرتی ہیں، اس لیے وہ ماریہ بی کو پسند نہیں کرتیں۔ ان کے مطابق ماریہ بی جان بوجھ کر متنازع موضوعات پر بات کرتی ہیں جن سے انہیں لگتا ہے کہ وہ مقبول ہوجائیں گی۔ واضح رہے کہ فیشن ڈیزائنر ماریہ بی اکثر ہم جنس پرستی اور ٹرانس جینڈر کے موضوعات پر بات کرتی رہتی ہیں، اور ان دنوں وہ لاہور میں منعقد ہونے والی مبینہ نامناسب پارٹی کے دعوے پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی آئی اے) کی جانب سے کارروائی کا سامنا کررہی ہیں۔

ہانیہ عامر بننے کی کوشش، دنانیر کی نئی ویڈیوز زیر بحث آگئی

دنانیر اب اداکارہ ہیں اس لیے ایسی ویڈیوز انہیں نہیں بنانی چاہیے، صارفین

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف انسٹاگرامر اور پاوری گرل دنانیر مبین کی نئی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ حال ہی میں انسٹاگرامر اور ابھرتی ہوئی اداکارہ نے اپنی نئی ٹرانسفارمیشن ویڈیو شیئر کی۔ مذکورہ ویڈیو میں پہلے بغیر میک اپ اور پھر مکمل گلیمرس انداز میں، عالمی شہرت یافتہ پاپ آئیکون، گلوکارہ ریحانہ کے مشہور گانے بریکنگ ڈش پر لپ سنکنگ کرتی دکھائی دے رہی ہیں۔ پاوری گرل نے حسِ مزاح کا استعمال کرتے ہوئے ریحانہ کے بریکنگ ڈش کا اپنے پٹھان ہونے سے منسلک کیا اور ٹرانسفارمیشن ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ بریکنگ ڈش ہوں یا ہڈیاں اس کا ذمہ دار پٹھان خون ہے۔ مذکورہ ویڈیو سوشل میڈیا صارفین کی توجہ کا مرکز بنی تو زیر بحث آگئی۔ صارفین کے مطابق دنانیر اب اداکارہ ہیں اس لیے ایسی ویڈیوز انہیں نہیں بنانی چاہیے۔ ایک صارف کا کہنا ہے کہ دنانیر اداکارہ ہانیہ عامر کو کاپی کرنے کی کوشش کررہی ہیں ایک اور صارف نے لکھا کہ یہ بھارتی فلم انڈسٹری میں جگہ بنانے کی کوشش ہے۔

بقیہ نمبر 1

رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے کے امور بھی زیرِ غور آئے وزیرِاعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں میجر جنرل فیصل نصیر کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ ادھر وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر پاک فوج کے بہادر جوانوں اور 1965 کی جنگ کے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدا کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ 1965 کے شہدا نے وطن کے دفاع کے لیے عظیم مثال قائم کی۔ پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کے لیے قوم اور افواجِ پاکستان متحد ہیں اور ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیرِاعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ شہدا کے خاندان پوری قوم کے لیے قابلِ احترام ہیں، جبکہ شہدا کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی ملکی دفاع کے لیے ہمیشہ پرعزم رہے ہیں اور آئندہ بھی وطن کے دفاع میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قومی اتحاد پاکستان کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ قوم اور افواجِ پاکستان کے درمیان مضبوط یکجہتی ملک کے دفاع کو مزید مستحکم بناتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا اور وطن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 2

یادداشت پر عمل درآمد دوبارہ شروع کرنے اور تنازع پھیلنے سے روکنے کے لیے سفارتی کوششیں تیز کرنے پر زور دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس کے علاوہ دونوں کے درمیان خطے میں کشیدگی میں کمی، امن و استحکام کی بحالی سے متعلق کوششوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق وزرائے خارجہ نے علاقائی سلامتی کے معاملات پر رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا جبکہ مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے اسحاق ڈار کو جلد مصر کے دورے کی دعوت بھی دی۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے بھی ٹیلیفونک گفتگو کی اور علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ دونوں وزرائے خارجہ نے کثیرجہتی فورمز پر باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی جبکہ مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر بھی بات چیت کی۔ اس کے علاوہ ٹیلیفونک گفتگو میں استنبول اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا گیا جبکہ پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ نے قریبی روابط برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 3

میں ایڈجوٹنٹ جنرل پاکستان آرمی نے یادگارِ شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے۔ یوم دفاع و شہدا پر جی ایچ کیو راولپنڈی میں تقریب ہوئی، جس میں پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے یادگارِ شہدا پر سلامی پیش کی۔ ایڈجوٹنٹ جنرل نے یادگارِ شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے، ساتھ ہی شہدا کے اہلخانہ سے خصوصی ملاقات کر کے اظہارِ یکجہتی کیا۔

بقیہ نمبر 4

نئے صوبوں کے قیام سے متعلق ہونے والی گفتگو فی الحال صرف سیمینارز، ٹی وی فورمز اور میڈیا کی بحث تک محدود ہے جبکہ اس معاملے کا اصل اور آئینی فورم پارلیمنٹ ہے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ پارلیمنٹ میں ابھی تک نئے صوبوں کے حوالے سے نہ کوئی قرارداد سامنے آئی ہے نہ کوئی بل پیش ہوا ہے اور نہ ہی اس معاملے پر کوئی باقاعدہ بحث جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلیوں اور کابینہ کی سطح پر بھی اس حوالے سے کوئی باضابطہ رائے سامنے نہیں آئی لہٰذا جب تک متعلقہ آئینی فورم پر معاملہ نہیں آتا یہ تمام باتیں محض بحث برائے بحث ہی رہیں گی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اوپن ڈسکشن کے بعد اتفاق رائے پیدا کیا جائے گا اور پھر آئین و قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کی جانب سے سندھ اسمبلی میں صوبوں کے معاملے پر کی جانے والی تقاریر کو قبل از وقت قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب تک کوئی ٹھوس اور باقاعدہ تجویز سامنے نہیں آتی ایسی تقاریر کی ضرورت نہیں، سوائے اس کے کہ میڈیا میں بحث کو ہوا دی جائے۔ وفاقی مشیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نئے صوبوں کے معاملے پر اس وقت اپنا حتمی موقف دے گی جب کوئی تجویز پروپوزل فارم میں سامنے آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ احسن اقبال کا صوبوں کے حوالے سے بیان ان کی ذاتی رائے ہے مسلم لیگ (ن) نے بطور جماعت ابھی تک اس معاملے پر کوئی باضابطہ فیصلہ یا موقف اختیار نہیں کیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے سرائیکی صوبے کی بات کرنا اب تقریباً چھوڑ دیا ہے اور اس وقت ان کی توجہ سندھ کی تقسیم نہ ہونے کے معاملے پر مرکوز ہے، ان کے بقول سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کی تقاریر سیاسی مقاصد، عوامی اضطراب کم کرنے اور جذباتی وابستگی حاصل کرنے کے لیے کی گئیں۔ انہوں نے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے کہا کہ مسلم لیگ (ن) بلدیاتی انتخابات کروانے جا رہی ہے جس کا باضابطہ عمل اکتوبر میں شروع ہوگا اور جنوری تک انتخابی مرحلہ مکمل کر لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5

نہ تاریخ کے دوران شاندار کارکردگی پر دلی خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فضائیہ نے بلاشبہ گزشتہ کئی دہائیوں سے فضائی معرکوں میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، مہارت اور برتری کا لوہا منوایا ہے۔ یہ ممتاز ادارہ قربانی، شجاعت اور پیشہ ورانہ مہارت کی قابلِ فخر تاریخ رکھتا ہے جس نے ہمیشہ قوم کی پکار پر بے مثال جرات و بہادری کے ساتھ لبیک کہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر 1965 میں پاکستان کی فضائی حدود کے دفاع کے لیے پاک فضائیہ کے شاہینوں نے جوش و ولولہ اور عزم سے دشمن کی فضاؤں کی وسعتوں میں کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کیا۔ انہوں نے مادرِ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ بلاشبہ ان عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنا ہمارے لیے قومی اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی جذبے کے تسلسل میں گزشتہ سال مئی 2025 میں، جب جارح نے ایک بار پھر امن ملک کو چیلنج کیا تو پاک فضائیہ نے پاک افواج کی دیگر سروسز کے ساتھ مثالی ہم آہنگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے معرکہ حق کے دوران جرات مندانہ قیادت، غیر معمولی جنگی مہارت، بہترین منصوبہ بندی اور حالیہ برسوں کی جامع حکمت عملی کے تحت جدیدیت اور خود انحصاری کے ذریعے حاصل کی گئی کثیر الجہتی جنگی صلاحیتوں کے منظم اور مؤثر استعمال سے دشمن کو شکست دی۔ قوم کو فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے ایک بار پھر تعداد میں کم ہوتے ہوئے بھی دشمن کا مقابلہ کرنے کی اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھا، جو ہمیشہ سے اس کی نمایاں شناخت رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس خصوصی دن کے موقع پر میں پاک فضائیہ کے لیے پیشہ ورانہ کامیابی اور ترقی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر ممکن چیلنج کا سامنا کرتے ہوئے ملک کی خودمختاری اور فضائی سرحدوں کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار رہے گی۔

بقیہ نمبر 6

پاک فضائیہ کے تمام اہلکاروں کی شاندار کارکردگی کو سراہتا ہوں اور اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ پاک فضائیہ کے بانیان نے قائدِاعظم کے اس وژن کے مطابق اس ممتاز ادارے کی بنیاد رکھی کہ ہماری فضائیہ دنیا کی بہترین فضائی افواج میں شمار ہو اور اسی مقصد کے تحت اسے تمام شعبوں میں اعلیٰ معیار اور پیشہ ورانہ مہارت کے حصول کے لیے ترقی دی گئی، ہمیں فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران فضائی معرکوں میں اپنی صلاحیت، پیشہ ورانہ برتری اور غلبے کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ عرصے میں پاک فضائیہ نے برادر افواج کے ساتھ ہم آہنگی اور اشتراکِ عمل کے ذریعے معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا اور دشمن پر ایسا کاری وار کیا جس نے پوری دنیا کو حیرت زدہ کر دیا، بلاشبہ پاک فضائیہ کی یہ شاندار کارکردگی جرات مندانہ قیادت، جنگی عملے کی حربی مہارت، بہترین منصوبہ بندی اور کثیر الجہتی جنگی صلاحیتوں کے مربوط اور مؤثر استعمال کا نتیجہ تھی جو جدت اور مقامی دفاعی صلاحیتوں کے فروغ کی حکمت عملی کے تحت حاصل کی گئی، مجھے فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے ایک بار پھر تعداد میں کم ہونے کے باوجود مقابلہ کرنے کی شاندار روایت کو برقرار رکھا جو ہمیشہ سے اس کا طرہ امتیاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ہمارے شاہینوں نے اپنی بے مثال بہادری سے ثابت کر دیا کہ دشمن خواہ کتنا ہی طاقتور اور وسائل سے مالا مال کیوں نہ ہو، وہ ہمارے عزم و ارادے کو کبھی متزلزل نہیں کر سکتا، آج کی پاک فضائیہ ان بہادروں کو خراجِ تحسین ہے جنہوں نے اپنے خون سے پاک فضائیہ کی تاریخ رقم کی۔ اس خصوصی دن پر، مجھے یقین ہے کہ پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے اور پاکستان کی خودمختاری اور فضائی حدود کے دفاع کے لیے ہر لمحہ مستعد و سربکف ہے

بقیہ نمبر 7

احترام اور مل جل کر رہنے کی سیاست کی طرف واپس آنا ہوگا، کیونکہ یہی کسی بھی جمہوریت کی بنیاد ہیں۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے بھی چیئرمین پیپلز پارٹی سے اظہار تشکر کیا اور کہا کہ شکریہ بلاول صاحب، جمہوریت کی بھی حسن ہے کہ سیاست اور اظہار رائے کی آزادی ہو، عدلیہ آزاد ہو، میڈیا کو تسلیم کیا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پارلیمنٹ خودمختار ہو، صحافت آزاد ہو، عوامی مینڈیٹ کے برعکس چور دروازوں کا استعمال بند کرنا ہوگا، انشاءاللہ اب میرپور خاص اور عمرکوٹ میں پورے پاکستان کو بانی پی ٹی آئی کے دیوانے نظر آئیں گے، کل حیدرآباد اور کراچی میں بھی عوامی سمندر ہوگا۔

بقیہ نمبر 8

فواج نے پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کو ذلت آمیز شکست دی۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ 1965 کی جنگ میں پاکستانی قوم نے مثالی اتحاد، عزم اور ثابت قدمی کا ثبوت دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ بنیانِ المرصوص کی شاندار کامیابی نے ہماری عسکری تاریخ میں ایک اور سنہری باب رقم کیا اور مسلح افواج نے پھر ثابت کیا کہ 6 ستمبر کا جذبہ اور ولولہ آج بھی پوری قوت کے ساتھ زندہ ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ بہادر سپوتوں کی شجاعت اور جرات کی عظیم مثال رقم کی جو رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی اور شہدا اور غازیوں کے ورثے سے ملنے والی طاقت، جذبہ اور عزم ہی ہماری اصل قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے خاندانوں سے پوری قوم بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور قوم اپنے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاکستان نیوی پر فخر کرتی ہے

بقیہ نمبر 9

کے دوران موجود نہیں تھا۔ موجودہ بلوچستان کا علاقہ تاریخی طور پر متعدد الگ سیاسی اور انتظامی اکائیوں پر مشتمل تھا، جن میں خانیت قلات، لسبیلہ، خاران اور مکران کی نوابی ریاستیں، جبکہ براہِ راست برطانوی انتظام کے تحت آنے والے علاقے شامل تھے، جنہیں برطانوی بلوچستان کہا جاتا تھا۔ لسبیلہ اور قلات کے تاریخی تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے جام کمال خان نے کہا کہ مختلف ادوار میں جام لسبیلہ اور خانِ قلات کے درمیان سیاسی اور علاقائی تعلقات تبدیل ہوتے رہے۔ تاہم لسبیلہ نے قلات کے ایک عام ضلع کے بجائے ایک علیحدہ نوابی ریاست کے طور پر ترقی کی اور اپنا انتظامی تشخص برقرار رکھا۔ انہوں نے کہا کہ برطانوی دور میں قلات، لسبیلہ، مکران اور خاران کو برطانوی تحفظ میں الگ الگ نوابی ریاستوں کی حیثیت حاصل تھی، جبکہ خطے کے دیگر علاقے براہِ راست برطانوی انتظام میں تھے۔ تاریخی تقسیم پر گفتگو کے دوران اس امتیاز کو سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق برطانیہ نے پورے موجودہ بلوچستان پر ایک ہی وقت میں قبضہ نہیں کیا تھا، بلکہ مختلف معاہدوں، لیز، فوجی انتظامات اور انتظامی فیصلوں کے ذریعے اس خطے میں اپنا کنٹرول بتدریج قائم کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 1879ء کے معاہدہ گندمک کے بعد کوئٹہ، پشین اور سبی سمیت متعدد علاقے برطانوی کنٹرول میں آئے، جبکہ بولان پاس، نوشکی اور نصیر آباد جیسے علاقوں کے حوالے سے الگ الگ معاہدوں اور انتظامات کے تحت پیش رفت ہوئی۔ جام کمال خان نے کہا کہ برطانیہ نے اس پورے خطے کو ایک یکساں انتظامی اکائی کے طور پر چلانے کے بجائے مختلف زمروں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ بیسویں صدی کے آغاز میں یہ خطہ مجموعی طور پر قلات اور لسبیلہ کی مقامی ریاستوں، برطانوی بلوچستان اور ایجنسی علاقوں پر مشتمل تھا۔ بعض ایجنسی علاقے قلات سے لیز پر حاصل کیے گئے تھے، جبکہ دیگر علاقوں کا انتظام قبائلی حکام کے ساتھ الگ بندوبست کے تحت چلایا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے صوبائی نقشے کو دیکھ کر یہ فرض کر لینا تاریخی طور پر درست نہیں کہ ایک یا دو سو سال قبل بھی یہی انتظامی حدود موجود تھیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد ہونے والی انتظامی تبدیلیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ سابق نوابی ریاستیں فوری طور پر موجودہ طرز کے صوبائی اضلاع میں تبدیل نہیں ہوئی تھیں۔ لسبیلہ نے پاکستان سے الحاق کیا اور کچھ عرصے تک اپنی علیحدہ شناخت برقرار رکھی۔ انہوں نے بتایا کہ 1952ء سے 1955ء تک لسبیلہ دیگر سابق نوابی ریاستوں کے ساتھ بلوچستان اسٹیٹس یونین کا حصہ رہا، جبکہ اس دوران اس کے داخلی انتظامی تشخص کے بعض عناصر برقرار رہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ 1955ء میں ون یونٹ اسکیم کے تحت مغربی پاکستان کے صوبوں اور سابق انتظامی ڈھانچوں کی تنظیمِ نو کی گئی، جس کے بعد لسبیلہ کو قلات ڈویژن کا حصہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دسمبر 1960ء میں لسبیلہ کو قلات ڈویژن سے الگ کر کے کراچی کے ساتھ ملا کر کراچی، بیلہ ڈویژن تشکیل دیا گیا، یہ ایک اہم تاریخی حقیقت ہے، جس سے واضح ہوتا ہے کہ لسبیلہ اور کراچی کے درمیان انتظامی تعلق کوئی خیالی تصور نہیں بلکہ 1960ء کی دہائی میں باضابطہ طور پر موجود تھا۔ بعد ازاں 1972ء میں لسبیلہ کو دوبارہ قلات ڈویژن میں منتقل کر دیا گیا۔ اور ماڑہ کا حوالہ دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ اس علاقے کی تاریخی حیثیت بھی پیچیدہ رہی ہے، قدیم لسبیلہ گزٹیئر میں مختلف تاریخی روایات درج ہیں جن میں مختلف ادوار کے دوران اور ماڑہ کے قلات، مکران یا لسبیلہ سے تعلق، محصولات اور سیاسی دعوؤں میں ہونے والی تبدیلیوں کا ذکر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید تاریخی حوالوں میں بھی اور ماڑہ کی لسبیلہ کے ساتھ سابقہ وابستگی کا ذکر ملتا ہے، جسے بعد کی انتظامی تبدیلیوں کے نتیجے میں مکران کے انتظامی ڈھانچے میں شامل کیا گیا، اس لیے بعد میں قائم ہونے والی ضلعی حدود کو گزشتہ صدیوں کی سیاسی جغرافیے پر لاگو نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خطے کی وسیع تر تاریخ کو سمجھنے کے لیے خانیت قلات، نوابی ریاست لسبیلہ، نوابی ریاست مکران، نوابی ریاست خاران اور برطانوی بلوچستان یا برطانوی انتظام کے تحت علاقوں کو الگ الگ سیاسی اکائیوں کے طور پر دیکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام علاقے ایک ہی سیاسی وحدت نہیں تھے اور نہ ہی برطانیہ یا ایک دوسرے کے ساتھ ان کے آئینی اور سیاسی تعلقات یکساں نوعیت کے تھے۔ برطانوی ریکارڈ میں بھی قلات، سبی اور برطانوی بلوچستان سے متعلق علاقائی، ریلوے، سرحدی اور انتظامی معاملات کے الگ الگ معاہدے اور دستاویزات موجود ہیں۔ جام کمال خان نے کہا کہ موجودہ صوبہ بلوچستان تاریخی طور پر مختلف ریاستوں، علاقوں اور انتظامی بندوبست کے انضمام سے وجود میں آیا، بالخصوص ون یونٹ کے خاتمے اور 1970 میں صوبائی نظام کی بحالی نے اس کی موجودہ تشکیل میں اہم کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ اگر بحث تاریخ اور کسی خطے کی حقیقی تاریخی اہمیت کے متعلق ہو تو اسے صرف موجودہ سرحدوں اور انتظامی حدود کی بنیاد پر نہیں بلکہ مستند تاریخی شواہد، سرکاری ریکارڈ اور حقائق کے مطابق آگے بڑھایا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 10

والے اچانک سیلاب نے غذر کے مختلف علاقوں میں گھروں اور فصلوں کو نقصان پہنچایا، نوبہار گاؤں میں سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچاتے ہوئے کئی گھر، جماعت خانہ کو بھی نقصان پہنچایا جبکہ فصلیں، پھل دار درخت اور زرعی اراضی بھی تباہ ہوگئی۔ مختلف علاقوں میں سیلاب کے باعث امیٹ سے برجنگل جانے والی سڑک بند ہوگئی، راستے میں بجلی کی ترسیلی لائنوں کو بھی نقصان پہنچا۔ سڑک کی بندش کے باعث مقامی آبادی کا دیگر علاقوں سے رابطہ منقطع ہوگیا۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ہنگامی بنیادوں پر متاثرہ سڑک کو ٹریفک کے لیے بحال کیا جائے اور سیلاب متاثرین کو فوری امداد فراہم کرتے ہوئے ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ گلگت بلتستان پولیس کے ترجمان کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ کے باعث سوست سے خنجراب ٹاپ تک شاہراہ قراقرم مکمل طور پر بند ہوگئی۔ آخری اطلاعات تک متعلقہ ادارے شاہراہ کی بحالی کے لیے کام کر رہے تھے۔ حکام نے موجودہ صورتحال کے پیش نظر سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ دوسری جانب ٹورازم پولیس کے مطابق ہنزہ میں مرتضیٰ آباد اور حسن آباد گاؤں کے درمیان شاہراہ قراقرم کا وہ حصہ جو لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بند ہو گیا تھا، ٹریفک کیلئے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ مقامی افراد نے بتایا کہ انہوں نے اس قدر شدید بارش پہلے کبھی نہیں دیکھی۔ گلگت کے رہائشی وسیم بیگ نے بتایا کہ شدید بارش اور گرج چمک کے باعث مقامی آبادی میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں اس نوعیت کی شدید بارش اور گرج چمک کا مشاہدہ نہیں کیا تاہم ان کے علاقے میں بارش سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔ مسلسل بارش کے باعث گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں درجہ حرارت بھی گر گیا ہے۔ گلگت بلتستان ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق رواں سال جون سے اگست کے دوران خطے میں بادل پھٹنے اور گلیشیئرز پگھلنے کے نتیجے میں 120 سیلابی واقعات پیش آئے۔ ان سیلابوں کے باعث درجنوں مکانات، زرعی اراضی، باغات، درخت، آب پاشی کی نہریں اور سڑکیں تباہ ہوئیں بجلی کے نظام کو بھی نقصان پہنچا۔ کئی علاقوں کے مکین کئی روز تک دیگر علاقوں سے منقطع رہے۔ ماہرین کے مطابق گلگت بلتستان میں موسمی حالات تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں جس کے نتیجے میں بار بار سیلاب، بادل پھٹنے کے واقعات، گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے، گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت جیسے خطرات بڑھ رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلی خطے کے پہلے ہی نازک ماحولیاتی نظام کے لیے بڑھتا ہوا خطرہ بن چکی ہے، 8 ہزار سے زائد گلیشیئرز، تقریباً 300 گلیشیائی جھیلوں اور بلند و بالا پہاڑوں پر مشتمل اس خطے میں رہنے والی آبادی کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید قدرتی آفات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 11

کیا اور دکانداروں و شہریوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو شہریوں اور تاجروں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اور ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر شہریوں نے وفاقی وزیر کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جبکہ انہوں نے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ قیصر احمد شیخ نے کچھ عرصہ قبل چنیوٹ شہر کے بازار میں پان شاپ پر اچانک آگ لگنے کے واقعے سے متاثرہ دکان کا دورہ کیا، دکاندار سے ملاقات کر کے اس کی خیریت دریافت کی اور مالی معاونت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کی گھڑی میں متاثرہ افراد کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے ضلع چنیوٹ کے مختلف دیہی علاقوں کا بھی دورہ کیا اور حال ہی میں وسیم اہیر کے والدین مرحومین کے ختم شریف میں شرکت کی اور ان کے بلند درجات کے لیے دعا کی۔ انہوں نے بھوانہ میں بھی فاتحہ خوانی کی۔ دوران سفر وفاقی وزیر ایک کرکٹ گراؤنڈ میں پہنچ گئے جہاں انہوں نے نوجوان کرکٹرز سے ملاقات کی، ان کے کھیلوں اور گراؤنڈ کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور گراؤنڈ سے متعلق مسائل کے حل کے لیے جلد اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 12

ین جی لمیٹڈ نے عالمی کمپنیوں سے بولیاں طلب کر لی ہیں۔ ایل این جی کارگو کے لیے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 8 ستمبر ہے، موصول ہونے والی بولیاں 8 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی۔ یاد رہے اس سے قبل حکومت ستمبر میں 2 مرتبہ ایل این جی کارگو کی بولیاں منسوخ کر چکی ہے، دونوں مرتبہ مہنگی بولیاں آنے پر مسترد کی گئیں۔

بقیہ نمبر 13

1965 میں افواج پاکستان نے بھارتی فوج کو شکست سے دوچار کیا جب کہ 2024 میں بھی پاکستانی افواج نے اپنے سے دوگنا بڑی فوج کو عبرتناک شکست دی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی افواج نے لاہور میں ناشتے کا منصوبہ بنایا تھا، تاہم افواج پاکستان نے دشمن کو ناکوں چنے چبوائے، 1985 میں بھی انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے قیام کی بات کی تھی، نئے صوبے اور انتظامی یونٹس بننے سے عوام کو ریلیف ملے گا اور گڈ گورننس بہتر ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چھوٹے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے عوام کا اپنے حکمرانوں سے رابطہ بہتر ہوگا، نئے انتظامی یونٹس کے قیام پر بات ہونا مثبت پیش رفت ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ آئین میں کہیں نہیں لکھا کہ نئے صوبے بیک وقت بنائے جائیں، صوبوں اور اسمبلیوں نے بھی نئے انتظامی یونٹس کے حوالے سے قراردادیں منظور کی ہیں، انہوں نے تجویز دی کہ نئے صوبوں کے قیام پر کام جاری رکھنے کے لیے کمیشن یا کمیٹی تشکیل دی جائے۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ پلان کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایکسپورٹ فنڈ سے چاول کے برآمد کنندگان کو ایک ارب ڈالر کی سبسڈی دی گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ پٹرولیم مصنوعات میں نمایاں کمی کی جائے، تاہم بین الاقوامی معاملات اور آئی ایم ایف پروگرام کے باعث رکاوٹیں موجود ہیں۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ جنگ کے دنوں میں پٹرولیم مصنوعات پر 125 ارب روپے کی سبسڈی دی گئی۔ دوسری جانب جماعت اسلامی کی ہڑتال کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پہلے بھی کال دے کر ہڑتال کر چکی ہے جسے سب نے دیکھا ہے۔

بقیہ نمبر 14

لوں کی حالت بھی ابتر ہو چکی ہے اور روز بروز لوگوں کی تکلیف میں اضافہ ہو رہا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ایک بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ اگر صوبے موجودہ حالت میں عوام کو ڈیلیور کر رہے ہوتے تو عوام کی یہ حالت کیوں ہوتی، کیا عوامی نمائندے ان سوالات کا جواب دے سکتے ہیں، کب تک نعروں سے ٹرخانے کا سلسلہ جاری رہے گا؟ عبدالعلیم خان نے کہا کہ تعصب کی عینک اتار کر عوام کی حالت دیکھنے کی ضرورت ہے، لوگ تنگ ہیں اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، وقت آ گیا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں۔

بقیہ نمبر 15

سائیکل شدہ سم نمبر صارف کے سوشل میڈیا اور مالی اکاؤنٹس تک غیر مجاز رسائی کا باعث بن سکتا ہے۔ پی ٹی اے نے صارفین کو ہدایت کی ہے کہ اپنے موبائل نمبر سے منسلک اکاؤنٹس کی معلومات باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھیں اور ایسے پرانے لنکس ختم کر دیں جو اب استعمال میں نہیں ہیں۔ اتھارٹی کے مطابق صارفین اپنی شناخت اور مالی معلومات کے تحفظ کیلئے مضبوط سیکیورٹی خصوصیات فعال رکھیں اور ڈیجیٹل اکاؤنٹس سے منسلک موبائل نمبرز کے حوالے سے خصوصی احتیاط برتیں۔ پی ٹی اے نے صارفین پر زور دیا ہے کہ غیر ضروری یا استعمال میں نہ رہنے والے نمبرز اور اکاؤنٹس کا بروقت جائزہ لے کر انہیں محفوظ بنائیں تاکہ سائبر جرائم اور غیر مجاز رسائی سے بچا جا سکے

بقیہ نمبر 16

قومی یکجہتی بھی قومی سلامتی کے بنیادی ستون ہیں۔ پاکستان کو اپنی عسکری قوت کے ساتھ ساتھ اپنی جامع قومی طاقت کو مضبوط بنانا ہوگا تاکہ ملکی خودمختاری، سلامتی اور ترقی کو پائیدار بنیاد فراہم کی جا سکے۔ یومِ دفاعِ پاکستان کی تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے شہداء اور غازیوں کو شاندار خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء نے اپنا آج قوم کے کل کے لیے قربان کیا اور ان کے اہلِ خانہ کی قربانیاں بھی پوری قوم پر قرض ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید صرف اپنی جان قربان نہیں کرتا، اس کا پورا خاندان وطن کے نام ایک قربانی لکھتا ہے

بقیہ نمبر 17

تسلط جموں و کشمیر کی آزادی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ واضح رہے کہ 1965 میں آج کے دن بھارتی فوج نے رات کی تاریکی میں بین الاقوامی سرحد عبور کر کے پاکستان پر حملہ کیا تاہم ملک کی بہادر مسلح افواج اور قوم نے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، یوم دفاع و شہدا کے موقع پر وطن کے محافظوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے خصوصی پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں جبکہ اخبارات میں خصوصی ضمیمے بھی شائع کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

ٹی اور بہتر گورننس کے لیے نظام میں تبدیلیوں کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کی حمایت کر دی۔ پاکستان بزنس فورم کے اعلامیے کے مطابق نئے صوبوں کے قیام سے ملک کے گورننس ماڈل میں بہتری آئے گی، تاہم اس حوالے سے فیصلہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور اتفاق رائے سے ہونا چاہیے۔ فورم نے کہا کہ آبادی اور گورننس ماڈل کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک میں مزید 10 نئے صوبے قائم کیے جانے کی گنجائش موجود ہے۔ پاکستان بزنس فورم نے مطالبہ کیا کہ آئین میں نئے صوبوں کے قیام کے ساتھ صوبائی فنانس کمیشن پر عمل درآمد کو بھی یقینی بنایا جائے۔ چیف آرگنائزر پاکستان بزنس فورم احمد جواد نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے ثمرات ضلعی سطح پر نظر نہیں آئے، اس لیے نئے صوبوں کے قیام کے ساتھ بلدیاتی نظام کو بھی مضبوط بنانا ہوگا۔ احمد جواد نے کہا کہ بلدیاتی نظام میں مؤثر احتساب کا نظام بھی یقینی بنایا جائے تاکہ میئر براہِ راست عوام کو جواب دہ ہو۔

بقیہ نمبر 19

کے لیے ای ٹینڈر جاری کر دیا۔ ٹی سی پی کے مطابق چینی کی برآمد کے لیے ای پی اے ڈی ایس کے ذریعے بولیاں طلب کی گئی ہیں، بولیاں 28 ستمبر 2026 کو صبح 11 بجے تک جمع کرائی جا سکیں گی۔ چینی کی موصول ہونے والی بولیاں بھی 28 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی، جبکہ بولیوں کی آن لائن اوپننگ صبح ساڑھے 11 بجے ہوگی۔ ٹی سی پی کے مطابق ایک لاکھ 7 ہزار 739 میٹرک ٹن سفید ریفائنڈ چینی کراچی کے بیپری گودام سے موجودہ حالت میں برآمد کی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے چینی کی برآمد کا فیصلہ ملک میں چینی کے ذخائر اور مارکیٹ کی صورتحال کے تناظر میں کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 20

تیز کر دیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کا نیا نقشہ وزیراعظم کے سامنے رکھ دیا گیا، مجوزہ ڈرافٹ اعلیٰ سطح کی خصوصی کمیٹی نے وزیراعظم کو پیش کیا۔ مجوزہ ڈرافٹ میں اسلام آباد کی 27 رکنی اسمبلی قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے، اسلام آباد کی اپنی اسمبلی، چیف ایگزیکٹو اور 27 انتظامی محکمے ہوں گے۔ اسمبلی کے 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز ہے، قومی اسمبلی کی ہر حلقے سے اسلام آباد اسمبلی کی 7 نشستیں رکھنے کی تجویز ہے۔ خواتین کے لیے 5 اور اقلیتوں کے لیے ایک نشست مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اسلام آباد کے چیف ایگزیکٹو کیلئے وزیرِاعلیٰ یا میئر کا عہدہ رکھنے کی تجویز ہے، شہر کے 27 انتظامی محکمے اسلام آباد حکومت کے ماتحت رکھنے کی تجویز ہے۔ صحت، تعلیم، ماحولیات اور شہری سہولیات مقامی حکومت کی ذمہ داری ہوگی، قانون، امن اور ماسٹر پلاننگ کے شعبے وفاق کے پاس ہی رکھنے کی تجویز ہے۔ سی ڈی اے سمیت مختلف اداروں کے اختیارات کے بھی دوبارہ تعین کی تیاریاں جاری ہیں۔ مجوزہ ڈرافٹ کے مطابق اسلام آباد اسمبلی کے انتخابات کرانے کی ذمہ داری الیکشن کمیشن کی ہوگی، امن و امان اور ماسٹر پلاننگ کے معاملات وفاقی وزارت یا گورنر کے ذریعے چلائے جائیں گے، اسلام آباد اسمبلی کو صوبائی طرز کے انتظامی اور مالی خودمختاری ہوگی۔ سی ڈی اے کے تمام اختیارات اور فرائض اسلام آباد مقامی حکومت کو منتقل کرنے کی سفارش کی گئی ہے، لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت کام کرنے والے دیگر ادارے بھی مقامی حکومت منتقل کرنے کی تجویز ہے۔ اسلام آباد مقامی حکومت اپنے امور چلانے کے لیے قواعد کار خود مرتب کرے گی۔ اسلام آباد کے انتظامی امور چلانے کے لیے چیف سیکرٹری اور 4 سیکرٹریز تعینات کرنے کی سفارش کی گئی ہے، چاروں سیکرٹریز کو مختلف انتظامی گروپس اور محکموں کی ذمہ داری دینے کی تجویز ہے۔ پورے پاکستان کے لیے قائم وفاقی ادارے اسلام آباد میں بھی بدستور کام جاری رکھیں گے۔ اعلیٰ سطح کی خصوصی کمیٹی میں وفاقی وزراء احسن اقبال اور محسن نقوی شامل تھے، رانا ثنا اللہ اور وفاقی وزیر مصدق ملک نے بھی ماڈل کی تیاری میں کردار ادا کیا۔

بقیہ نمبر 21

می کے بجائے کلیدی معاشی شعبے کے طور پر ترقی دینے کے لیے ریکارڈ سرمایہ کاری، ادارہ جاتی اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی منصوبوں کا آغاز کر دیا۔ محکمہ سیاحت، آثارِ قدیمہ و عجائب گھر کی 2024-26 کی رپورٹ کے مطابق اس وقت 91 ترقیاتی منصوبے زیرِ تکمیل ہیں جن کے مجموعی پورٹ فولیو کی لاگت 53 ارب روپے ہے۔ صوبے میں 172 سیاحتی و ثقافتی مقامات کی ڈیجیٹل نقشہ بندی کی جبکہ 8 مربوط سیاحتی سرکٹس قائم کیے گئے ہیں تاکہ ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو مربوط سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ رپورٹ کے مطابق سیاحتی انفراسٹرکچر میں توسیع کے تحت 3.19 ارب روپے کی لاگت سے کوٹلی ستیاں چیئر لفٹ کی منظوری اور ٹینڈرنگ، گلیمپنگ پوڈ ویلج، ایڈونچر ٹریک، ہیرا گلائیڈنگ اور واٹر اسپورٹس کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ ٹی ڈی سی پی کے 17 ریزورٹس کو جدید بنانے کے ساتھ دھرابی ڈیم، کلر کہار، کھبیکی جھیل، چھانگا مانگا، جلو اور مری سمیت مختلف سیاحتی مقامات پر سہولیات بہتر بنائی جا رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ثقافتی ورثے کے تحفظ کے تحت ٹیکسلا، بھیرہ اور ہڑپہ کو ثقافتی شہروں کے طور پر ترقی دینے کے اقدامات جبکہ ٹیکسلا اور روہتاس قلعہ میں عالمی ورثے کے تحفظ کے منصوبے جاری ہیں۔ لاہور میوزیم کے ماسٹر پلان پر عملدرآمد جاری ہے جبکہ حافظ آباد اور سیالکوٹ کے عجائب گھر مکمل اور مہاراجہ رنجیت سنگھ میوزیم تکمیل کے قریب پہنچ چکا ہے۔ ڈیجیٹل سیاحت کے فروغ کے لیے ٹورازم پنجاب ایپ متعارف کرائی گئی ہے جس کے ذریعے جی آئی ایس میپنگ، اے آر/وی آر تجربات، آن لائن بکنگ اور لائسنسنگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ سیاحت کے فروغ اور نجی سرمایہ کاری کے لیے پی پی پی فریم ورک کو فعال بنایا گیا جبکہ پنجاب ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی، ٹورازم فورس اور مخصوص پروگرام مینجمنٹ یونٹس کے قیام سے ادارہ جاتی ڈھانچہ مضبوط کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر مینجمنٹ پنجاب ٹورازم انٹرن شپ پروگرام کے پہلے مرحلے میں 1,000 نوجوانوں کو تربیت دی گئی جن میں سے تقریباً 300 کو روزگار حاصل ہوا جبکہ دوسرے مرحلے میں 4,000 انٹرنز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ محکمہ کے مطابق 28 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام سے تقریباً 154 ارب روپے کی معاشی سرگرمی پیدا ہونے، سالانہ 12 لاکھ اضافی سیاحوں کی آمد اور تقریباً 1 لاکھ 87 ہزار براہ راست روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ محکمہ کے مطابق آئندہ مرحلے میں کوٹلی ستیاں چیئر لفٹ، لاہور میوزیم کے نئے بلاک، ٹی ڈی سی پی ریزورٹس، میکنیفیسنٹ پنجاب ایپ اور ٹورازم فورس کو فعال کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی، جس سے پنجاب کو ملک کی نمایاں سیاحتی منزل اور سیاحت کو پائیدار معاشی شعبے میں تبدیل کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 22

مطابق گزشتہ روز جنوبی وزیرستان وانا میں ڈیوٹی کے دوران ڈرون حملے میں رضوان اللہ شہید ہوئے تھے۔ اتوار کے روز ان کی نماز جنازہ آبائی علاقے سرائے نورنگ میں مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی، ڈیرہ اسماعیل خان کی نواحی تحصیل درابن میں پولیس پر 37 گھنٹوں میں ہونے والے تین بڑے حملے ناکام بنا دیے گئے۔ ذرائع کے مطابق چار ستمبر کو نامعلوم مسلح دہشتگردوں نے درابن پولیس کی ایک اہم چیک پوسٹ پر حملے کی کوشش کی، پانچ ستمبر کو اسی علاقے میں سرچ آپریشن سے واپسی پر ڈی پولیس پر حملہ بھی ہوا، جس میں گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ پانچ ستمبر کو رات کے اندھیرے میں نامعلوم مسلح دہشتگردوں نے درابن تھانے کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، تاہم پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ تینوں بڑے حملوں کو ناکام بنا دیا۔ پولیس جوانوں کی بھرپور جوابی کارروائی کے نتیجے میں مسلح دہشتگرد فرار ہوگئے۔

بقیہ نمبر 23

کے لیے حوصلے کی علامت ہیں۔ شہداء کے اہلِ خانہ کی قربانیاں بھی پوری قوم کے لیے باعثِ احترام ہیں اور قوم ان کے احسانات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے قومی اتحاد، نظم و ضبط اور اجتماعی شعور کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ مضبوط دفاع کے ساتھ معاشی استحکام، تعلیم، ترقی، سیاسی برداشت اور قومی یکجہتی پاکستان کی حقیقی طاقت ہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار اور امن پسند ملک ہے جو خطے میں پائیدار امن اور باہمی احترام کا خواہاں ہے، تاہم ملک کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ موجودہ دور کے پیچیدہ سیکیورٹی چیلنجز بھی قومی اتحاد اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کے ذریعے ہی مؤثر انداز میں مقابلہ کیے جا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ یومِ دفاع ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم شہداء کی قربانیوں کو صرف یاد ہی نہیں کریں گے بلکہ ایک مضبوط، پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر میں اپنا کردار بھی ادا کریں گے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے تمام شہداء، غازیوں اور ان کے اہلِ خانہ کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، ان کے اہلِ خانہ کو صبر و استقامت عطا کرے اور پاکستان کو ہمیشہ امن، سلامتی، استحکام اور خوشحالی سے نوازے۔

بقیہ نمبر 24

قربانیاں قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کی لازوال جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے ہر مشکل گھڑی میں ملک کے دفاع اور سلامتی کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائی ہیں، جبکہ شہداء کے اہلِ خانہ کی قربانیاں بھی قوم کے لیے قابلِ احترام ہیں۔ پوری قوم اپنے بہادر شہداء، غازیوں اور افواجِ پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور خطے میں امن، استحکام اور باہمی احترام کا خواہاں ہے، تاہم ملکی سلامتی، خودمختاری اور جغرافیائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ آج ہمیں شہداء کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کو مضبوط، خوشحال، جمہوری اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے عزم کی تجدید بھی کرنی چاہیے۔ قومی اتحاد، سیاسی برداشت، معاشی استحکام، تعلیم اور ترقی ہی ایک مضبوط پاکستان کی بنیاد ہیں میر علی حسن زہری نے کہا کہ شہداء کا خون ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کریں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے، ان کے اہلِ خانہ کو صبر و استقامت عطا کرے اور پاکستان کو ہمیشہ امن، سلامتی اور خوشحالی عطا فرمائے

بقیہ نمبر 25

سے 257 کلومیٹر دور پٹھان کوٹ ایئر بیس پر حملہ ایک بہت بڑا چیلنج تھا، شام ساڑھے پانچ بجے حملے کا آغاز ہموار ہوا اور صرف چند لمحوں میں پاک فضائیہ کے شاہین دشمن کے ایئر بیس پر قہر بن کر ٹوٹ پڑے۔ شام 6 بجے تک پٹھان کوٹ ایئر بیس تباہی کا منظر پیش کر رہا تھا۔ فضائی معرکے میں پاک فضائیہ نے رن وے پر کھڑے سات مگ 21 طیاروں سمیت 13 بھارتی جنگی جہاز تباہ کر ڈالے۔ برق رفتار اور اچانک حملے کے باعث بھارتی جنگی جہازوں کو اڑان بھرنے کا موقع بھی نہ مل سکا۔ پاک فضائیہ نے بغیر کسی نقصان کے پٹھان کوٹ ایئر بیس کو پوری جنگ کے لیے ناکارہ بنا دیا۔ سابق بھارتی ایئر مارشل پی راگھو ندرن کے مطابق حملہ اتنا اچانک اور شدید تھا کہ بھارتی پائلٹ جہاز اڑانے کے بجائے پاک فضائیہ کے حملے سے چھپتے رہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ حملے کی شدت کے باعث جان بچانے کے لیے خندقوں میں چھپنا پڑا، جبکہ پاک فضائیہ کے طیارے شدید اینٹی ایئر کرافٹ فائر کے باوجود بلا خوف و خطر بھارتی فضائی اڈے کو نشانہ بناتے رہے۔

بقیہ نمبر 26

ہیں مقامی سطح پر لیڈرشپ آئے، خواہش ہے بہت سارے صادق خان، بہت سے ممدانی اور بہت سے اردوان آئیں۔

بقیہ نمبر 27

سلامی ورثہ مٹانے کی وسیع تر ہندوتوا مہم کا ایک اور ثبوت ہے، اس متعصب نظریے کی بھیانک علامت 1992 میں بابری مسجد کا انہدام ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مطالبہ کیا کہ عالمی برادری بھارتی مسلمانوں پر ظلم و ستم اور سرکاری سرپرستی میں عبادت گاہوں کی تباہی کا نوٹس لے اور بھارت سے اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کیخلاف ایسی کارروائیوں پر جوابدہ ٹھہرایا جائے۔

بقیہ نمبر 28

رت خانے کے افسران، عملے اور افغانستان میں مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سفیر نظامانی نے پاکستان کی مسلح افواج کے شہداء اور غازیوں کو بے مثال خراجِ تحسین پیش کیا جن کی جرات، غیرت اور حب الوطنی قومی شعور میں رچی بسی ہے، 6 ستمبر 1965 کو مسلح افواج اور پاکستان کے عوام نے جس اتحاد، ایمان اور عزم کا مظاہرہ کیا وہ بنیان المرصوص اور معرکہ حق کی کامیابی کے دوران دوبارہ ظہور پذیر ہوا، پاکستان کی مسلح افواج اور اس کے عوام نے لامتزلزل اتحاد اور یکجہتی کی سنہری مثال قائم کی۔ سفیر نظامانی نے خطے کے نیٹ سیکیورٹی فراہم کنندہ کے طور پر پاکستان کے بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کیا اور اسے روایتی اور غیر روایتی خطرات کے خلاف ہمہ جہت پیش بندی اور مثبت سفارت کاری کے لیے ہماری انتھک کاوشوں کا ثبوت قرار دیا۔ اس موقع پر صدر آصف علی زرداری، وزیرِاعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیرِاعظم اور وزیرِخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کے پیغامات کو بھی پڑھ کر سنایا گیا اور خصوصی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔

بقیہ نمبر 29

اوورسیز پاکستانیز و انسانی وسائل کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق جسٹس (ر) روح الامین خان کی تقرری انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ دو ہزار بارہ کے سیکشن 53 کے تحت وفاقی کابینہ کے پانچ ستمبر کے فیصلے کی روشنی میں عمل میں لائی گئی ہے۔ جسٹس (ر) روح الامین خان کو فوری طور پر تین سالہ کنٹریکٹ پر یہ عہدہ سونپا گیا ہے، جو ان کی ذمہ داری سنبھالنے کی تاریخ سے مؤثر ہوگا۔ تاہم یہ مدت اڑسٹھ سال کی عمر تک محدود ہوگی۔

بقیہ نمبر 30

ئے مشترکہ اعلامیہ پاکستان، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔ آٹھ ممالک کے مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بیدخل کرنے کے منصوبے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں، فلسطینیوں کی جبری بیدخلی کی کسی بھی کوشش یا منصوبے کو مسترد کرتے ہیں۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کی کوششیں خطے کے استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا اٹوٹ حصہ ہے، غزہ، مغربی کنارے سمیت مقبوضہ بیت المقدس پر مشتمل فلسطینی سرزمین کا اتحاد برقرار رکھا جائے۔ آٹھ ممالک کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ منصفانہ اور پائیدار امن کا واحد راستہ دو ریاستی حل ہے، 4 جون 1967 کی سرحدوں پر آزاد فلسطینی ریاست کا قیام ہونا چاہیے، مقبوضہ بیت المقدس کو آزاد فلسطینی ریاست کا دارالحکومت ہونا چاہیے، فلسطینی عوام کی اپنی سرزمین پر ثابت قدمی کی مکمل حمایت کرتے ہیں، فلسطینیوں کے جائز حقوق کو نقصان پہنچانے کی تمام کوششیں مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 31

بنائیں۔ سینیٹر حسنہ بانو زہری نے کہا کہ 1965ء کی جنگ نے ثابت کیا کہ جب قوم ایک مقصد کے لیے متحد ہو جائے تو بڑے سے بڑا چیلنج بھی شکست کھا جاتا ہے۔ اس وقت فوجی جوان سرحدوں پر لڑ رہے تھے اور پوری قوم ان کے حوصلے اور عزم کی طاقت بنی ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے بھی اسی جذبے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی اور نوجوان نسل کو پاکستان کی تاریخ، شہداء کی قربانیوں اور ملک سے محبت کا شعور دینا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی حفاظت صرف سرحدوں پر نہیں ہوتی، بلکہ تعلیم، معیشت، اتحاد، قانون کی پاسداری اور قومی کردار کے ذریعے بھی وطن مضبوط ہوتا ہے۔ ایک مضبوط اور متحد قوم ہی اپنے شہداء کی قربانیوں کا حقیقی حق ادا کر سکتی ہے۔ سینیٹر حسنہ بانو زہری نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے اور دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ باوقار اور پرامن تعلقات چاہتا ہے، تاہم ملکی سلامتی، خودمختاری اور قومی وقار کا تحفظ ہر پاکستانی کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے شہداء، غازیوں اور ان کے اہل خانہ کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے شہداء کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، ان کی قربانیاں پاکستان کی تاریخ کا وہ سرمایہ ہیں جس پر آنے والی نسلیں ہمیشہ فخر کریں گی۔ سینیٹر حسنہ بانو زہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ وطن عزیز کو ہمیشہ امن و استحکام عطا فرمائے، شہداء کے درجات بلند کرے اور پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ملک بنائے۔

بقیہ نمبر 32

سے ایک شخص زخمی ہو گیا جسے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے حب سول اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں زخمی شخص کی شناخت 35 سالہ گل حسن ولد محمد حسن کے نام سے ہوئی

بقیہ نمبر 33

نے بروقت موقع پر پہنچ کر وین کار کی نشاندہی پر کراچی سے تینوں بچوں کو حراست میں لے لیا۔ بعد ازاں تینوں بچوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ تھانہ منتقل کر کے ڈیوٹی افسر کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ نمبر 34

تی بنیادوں پر بنگلہ دیش ایکسپورٹ ہوں گی جس کا آغاز ستمبر سے ہوگا جبکہ باقاعدہ اور بڑے پیمانے پر برآمدات اگلے سال شروع کرنے کا منصوبہ ہے۔ پاکستان میں SAIC موٹر چائنا کے اشتراک سے بننے والی عالمی برانڈ کی گاڑیوں کے دو ماڈلز روان ماہ بنگلہ دیش ایکسپورٹ کیے جائیں گے جو پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان آٹو انڈسٹری میں اشتراک اور تجارت کے فروغ میں اہم سنگ میل ہے۔ گاڑیاں ایکسپورٹ کرنے والی کمپنی کے سی ای او جیان چیانگ شا کے مطابق اس سے پہلے یہ ماڈلز چین سے برآمد کیے جاتے تھے تاہم ہماری بات چیت اور کوششوں کے بعد ہم نے SAIC Motor کے ہیڈکوارٹر کو قائل کیا کہ وہ MG پاکستان کو سپورٹ کرے اور کاروباری ماڈل کو CBU ایکسپورٹ سے تبدیل کر کے پاکستان سے بنگلہ دیش CKD ایکسپورٹ کی طرف لے جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام پاکستان میں پائیدار آٹو موٹیو ایکسپورٹ کے حصول کی جانب ایک اہم اور ممکنہ طور پر پہلی مثال ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ایک Win-Win کاروباری ماڈل ہے بنگلہ دیش کے ڈسٹری بیوٹر کے لیے CKD ایکسپورٹ کا فائدہ یہ ہے کہ اس سے وہ درآمدی ڈیوٹی کم کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب ہمارے لیے یہ برآمدات حاصل کرنے کا ایک موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ MG پاکستان اپنے بنگلہ دیشی پارٹنر کو گاڑیوں کی اسمبلنگ، جنرل اسمبلی (GA) اور کوالٹی کنٹرول کے طریقہ کار کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرے گی۔ ہماری مقامی انجینئرنگ ٹیم بنگلہ دیش جائے گی تاکہ وہاں انہیں رہنمائی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انجینئرنگ سروسز بھی فراہم کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ پاکستان کی آٹو موٹیو ایکسپورٹس میں مزید توسیع ہو سکتی ہے، کیونکہ پاکستان کو لاگت کے حوالے سے مسابقتی فائدہ حاصل ہے اور یہاں باصلاحیت اور مضبوط انسانی وسائل بھی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے ساتھ معاہدے کی تکمیل سے پاکستان میں پائیدار آٹو موٹیو ایکسپورٹ حاصل کرنے والا پہلا برانڈ بن سکتا ہے اور یہ صرف مصنوعات کی برآمد تک محدود نہیں ہوگا، بلکہ اس میں ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ سروسز کی برآمد بھی شامل ہوگی۔

بقیہ نمبر 35

6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ وطن کے دفاع کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا۔ یومِ دفاع ہمیں اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے ملکی سلامتی اور دفاع کے لیے ہمیشہ بے مثال قربانیاں دی ہیں، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے اور ملک کے دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 36

خصوصی اور پرنسپل کیپری ہنسو سکول عابد فرید بزدار مہمان اعزاز تھے ڈاکٹر زاہد نذیر خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر لٹریسی ملتان نے اپنے خطاب میں تمام نان فارمل ٹیچرز کی کارکردگی کو سراہا اور بتایا کہ لٹریسی ڈے منانے کا مقصد تعلیم اور اس کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ ڈاکٹر زاہد نذیر خان نے بتایا کہ لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، اسکول اور ڈراپ آؤٹ بچوں کو نان فارمل سکولز قائم کر کے بنیادی تعلیم دے رہا ہے۔ ضلع ملتان میں 860 نان فارمل سکولز قائم کر کے 30 ہزار بچوں کو بنیادی تعلیم دے رہے ہیں اس کے ساتھ ان پڑھ بالغ افراد کے لیے خواندگی سینٹر قائم کر کے ان کو خواندہ کیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر زاہد نذیر خان نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق ملتان کی چار جیلوں میں ان پڑھ قیدیوں کو بھی ایم ایل پی کے تحت پڑھایا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر زاہد نذیر خان نے مزید بتایا کہ لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ مڈل سکول بنا کر بڑے بچوں کو مڈل تک تعلیم بھی دے رہا ہے۔ ضلع ملتان میں 36 مڈل سکول قائم کیے گئے ہیں اس کے علاوہ ملتان میں ٹرانس جینڈرز کے لیے سکول قائم کیا گیا ہے۔ آخر میں ڈاکٹر نذیر خان نے سول سوسائٹی اور ٹیچرز پر زور دیا کہ وہ ضلع میں لٹریسی ریٹ 100 فیصد کرنے میں لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا ساتھ دیں۔ مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن میڈم طاہرہ عزیز نے اپنے خطاب میں محکمہ لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دور دراز علاقوں میں آؤٹ آف سکول اور ڈراپ آؤٹ بچوں کے لیے تعلیم کے لیے انتظامات پر محکمہ لٹریسی کی کارکردگی کو سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ تعلیم ہی واحد ذریعہ ہے جس کے تحت مملکت خداداد ترقی کی منازل طے کر سکتا ہے۔ آخر میں مختلف کیٹگری میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے بچوں میں شیلڈ تقسیم کی گئی جبکہ مہمان خصوصی سی ای او ایجوکیشن طاہرہ عزیز کو ممبر پنجاب اسمبلی لعل محمد جوئیہ نے یادگاری شیلڈ پیش کی۔ سیمینار کے آخر میں لٹریسی واک کا اہتمام کیا گیا جس میں سکول ٹیچرز اور سول سوسائٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ملتان نمائندہ بولان چوہدری مبشر حسن کمبوہ سے

بقیہ نمبر 37

انہوں نے اتوار کو یوم دفاع کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے شرکا 6 ستمبر 1965 تاریخ کا وہ باب ہے جو پاکستانی قوم کبھی نہیں بھولتی اس دن ہمارے بہادر سپوتوں نے جرات، ہمت اور بہادری کی وہ مثال قائم کی جس سے ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہے، رات کی تاریکی میں جب بھارت نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لاہور پر حملہ کیا تو پاک فوج کے شیر دل جوانوں نے ایسی بے مثال جرات دکھائی کہ آج 25 کروڑ عوام اور بچہ بچہ میجر شہید عزیز

بھٹی بننے اور نشانِ حیدر حاصل کرنے کا عزم رکھتا ہے، اسی طرح جرات کی وہ مثال بھی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی جب ایم ایم عالم نے دشمن کے پانچ طیاروں کو لمحوں میں تباہ کر کے ستارہ جرات اپنے نام کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں شہداء کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ہمیں اپنے شہداء پر فخر ہے اور ان کے اہل خانہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں شہدا کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے وطن کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے جس کا عملی مظاہرہ افواج پاکستان نے معرکہ حق کے دوران پیش کیا اور دشمن کو منہ کی کھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں وطن عزیز کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے یہ دن ہمیں اتحاد، قربانی اور حب الوطنی کا سبق دیتا ہے، ہمیں چاہیے کہ ہم سب مل کر پاکستان کے استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور وطن کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ یکجہتی کے ساتھ کریں۔

بقیہ نمبر 38

کے باعث ڈاکٹر ضیاء الدین یونیورسٹی اسپتال، نارتھ ناظم آباد میں زیر علاج ہیں اور روبہ صحت ہیں۔ اسرار ایوبی اسپتال کے کمرہ نمبر 310 میں زیر علاج ہیں۔ تنظیم احباب رام پور کے سینئر نائب صدر شجاع الرحمن خان، ای او بی آئی پنشنرز فورم کے اراکین اور دیگر احباب نے ان کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی اپیل کی ہے

بقیہ نمبر 39

انور ملاح اور ان کا بیٹا آچار ملاح شدید زخمی ہو گئے ہیں، تشویشناک حالت کے باعث انور ملاح کو حیدرآباد منتقل کیا گیا، جہاں وہ دوران علاج دم توڑ گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں سوگ اور خوف کی فضا چھا گئی، جبکہ واقعے نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ مقامی پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ مقتول کے ورثہ کے انتظار میں ہیں جبکہ وہ مقدمہ کے اندراج کے لیے رابطہ کریں گے تو ایف آئی آر درج کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 40

ستمبر پاکستان کے مضبوط دفاع اور بہادروں کا دن ہے، باوقار اور خوددار اقوام اپنے ہیروز کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 افواج پاکستان اور شہریوں کی بہادری پر لاہور کی فضائیں ہمیشہ گواہ رہیں گی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ بہادری، قربانی اور قوم کی یکجہتی کے بنیاد پر 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ روشن رہے گا، روزِ قیامت تک ایسی داستانیں زبان زدِ عام رہیں گی۔ کمشنر لاہور نعمان یوسف نے کہا کہ یوم دفاع کی مناسبت سے حکومتی و شہری سطح پر مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے، لاہور میں یوم دفاع 6 ستمبر شایانِ شان و بھرپور انداز سے منایا جا رہا ہے۔ یوم دفاع کی نسبت سے بہادر قوم کو ملنے والے ہلال استقلال پرچم تقریب ٹاؤن ہال میں ہو رہی ہے۔ 6 ستمبر کا جذبہ آج بھی قوم میں اسی طرح زندہ و جاوید ہے۔ پاکستان پاک سرزمین ہے

بقیہ نمبر 41

پر افواج پاکستان کے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے، پنجاب پولیس ملک کی اندرونی، بیرونی اور نظریاتی سرحدوں کے دفاع کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ یوم دفاع وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء سے تجدید عہد کا دن ہے۔ پولیس فورس کے افسران اور جوانوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ دشمن ممالک ففتھ جنریشن وار کے ذریعے ہماری نظریاتی سرحدوں پر حملہ آور ہیں، ہمیں ففتھ جنریشن وار میں اپنی سماجی اقدار کا دفاع، نئی نسل کی اخلاقی و ذہنی تربیت کرنا ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ پنجاب پولیس نے ملکی اندرونی سرحدوں، شہریوں کی حفاظت کے لیے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے اور ان شاء اللہ ہمیشہ رہے گا۔

بقیہ نمبر 42

ابات پر سیکٹر B-24 میں نصب ٹیسٹنگ پول کو ابتدائی طور پر بجلی فراہم کر دی گئی ہے، جس کے بعد اسٹریٹ لائٹ نے باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے۔ یہ سیکٹر B-24 میں فعال ہونے والی پہلی اسٹریٹ لائٹ ہے، جو علاقے میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی سرگرمیوں میں عملی پیش رفت کی عکاسی کرتی ہے۔ اسٹریٹ لائٹنگ کی تنصیب اور فعالیت سے سیکٹر میں بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری اور آئندہ ترقیاتی مراحل کے لیے راہ ہموار ہوگی۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر، کراچی عطا الحق وقاص اور ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر وقار حیدر کا کہنا تھا کہ سیکٹر B-24 میں پہلی اسٹریٹ لائٹ کا فعال ہونا ترقیاتی منصوبے میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل ہاسنگ اتھارٹی کی جانب سے سیکٹر میں بنیادی انفراسٹرکچر کی فراہمی کے لیے ترقیاتی کاموں کو مرحلہ وار آگے بڑھایا جا رہا ہے، جبکہ دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈائریکٹر جنرل FGEHA، کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی خصوصی توجہ، رہنمائی اور مسلسل کاوشوں کے باعث کراچی کے مختلف منصوبوں میں ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور تیز کرنے میں مدد ملی ہے۔ ان کی ہدایات کی روشنی میں منصوبوں کی پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ الاٹیز کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ڈائریکٹر جنرل FGEHA کیپٹن (ر) ظفر اقبال کا کہنا تھا کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اتھارٹی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہاسنگ اتھارٹی کے ہر پروجیکٹ میں ترقیاتی کاموں کو مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاسنگ اتھارٹی کراچی دفتر سیکٹر B-24 میں جاری ترقیاتی کاموں کو تیز کرنے اور الاٹیز کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 43

ور خوشحال پاکستان ہی ہمارے شہدا کی قربانیوں کا بہترین صلہ ہے۔ انہوں نے قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ 6 ستمبر تاریخ کا وہ روشن باب ہے جب قوم اور افواج پاکستان نے بے مثال عزم کا مظاہرہ کیا، شہداء وطن نے مادرِ وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن کے دفاع کی تاریخ رقم کی، فوج کی بہادری، جرات اور قربانیوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کے ساتھ آگے بڑھنے کا درس دیتا ہے، آج کے دن عہد کرتے ہیں کہ وطن عزیز کی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 44

یک میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری دھرنے کے بائیسویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر لاہور ضیاالدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے

بقیہ نمبر 45

کہ 6 ستمبر ہمیں ان عظیم شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادرِ وطن کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا آج کا دن قوم کے اس عزم کی تجدید کا دن بھی ہے کہ پاکستان کی حفاظت اور ترقی کے لیے ہم سب متحد ہیں شیخ امتیاز حسین نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد پاکستان کا وقار دنیا بھر میں بلند ہوا ہے پاکستان کی مسلح افواج نے ہمیشہ قوم کے شانہ بشانہ رہتے ہوئے ملک کے دفاع میں بے مثال جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیوں کا مظاہرہ کیا ہے قوم اپنے شہداء، غازیوں اور ان کے اہل خانہ کو ہمیشہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کے لیے قومی اتحاد، باہمی تعاون اور اپنی ذمہ داریوں کا احساس انتہائی ضروری ہے زراعت اور باغبانی سمیت ملک کے تمام شعبوں کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا بھی وطن سے محبت کا عملی اظہار ہے شیخ امتیاز حسین نے کہا کہ ہمیں یوم دفاع کے موقع پر یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور خودمختاری کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں انہوں نے کہا کہ ہم اپنے عظیم شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں اور اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے ہمیشہ متحد رہیں گے۔

بقیہ نمبر 46

نے کہا کہ منصوبے کی نگرانی پر مامور محمد طارق زہری نے جب اس غیر قانونی عمل کو دیکھا اور ثبوت محفوظ کرنے کی کوشش کی، تو مخالف گروہ سے تعلق رکھنے والے شرپسند عناصر نے ان پر حملہ کر دیا، انہیں تشدد کا نشانہ بنایا، شدید زخمی کیا، ان کا موبائل فون چھین لیا اور نقد رقم بھی لے گئے۔ محمد حذیفہ مینگل نے بتایا کہ اس افسوسناک واقعے کے خلاف بیروت تھانے میں مقدمہ درج کیا جا چکا ہے، تاہم تا حال نامزد ملزمان کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی، جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ نامزد ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے، کیونکہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹ ڈالنا، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا، سامان کی چوری کرنا اور سرکاری فرائض انجام دینے والے افراد پر حملہ کرنا ناقابلِ برداشت عمل ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں کو کسی صورت نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ایسے تمام عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے تاکہ مستقبل میں کوئی بھی شخص

وطن کیلئے جان کے نذرانے دینے اہلکار قوم کے ہیروز ہیں، حسنہ بانو زہری

6 ستمبر ہمیں ان عظیم سپوتوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

،اب ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اتحاد، دیانت، محنت اور قومی ذمہ داری کے ذریعے پاکستان کو اندر سے مضبوط بنائیں

اسلام آباد (نمائندہ بولان) سینیٹر حسنہ بانو زہری نے یومِ دفاع و شہداء کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہمیں ان عظیم سپوتوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، لیکن اس دن کا اصل پیغام صرف شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنا نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل کو مضبوط بنانے کا عہد کرنا بھی ہے انہوں نے کہا کہ شہید کی قربانی قوم سے یہ سوال کرتی ہے کہ ہم نے اپنے وطن کے لیے کیا کردار ادا کیا؟ ہمارے بہادر شہداء نے سرحدوں کا دفاع اپنے خون سے کیا، اب ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اتحاد، دیانت، محنت اور قومی ذمہ داری کے ذریعے پاکستان کو اندر سے مضبوط (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پنجاب پولیس وطن عزیز کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے پر افواج پاکستان کو سلام پیش کرتی ہے، آئی جی پنجاب

پنجاب پولیس ملک کی اندرونی، بیرونی اور نظریاتی سرحدوں کے دفاع کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ ہے

یوم دفاع وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا سے تجدید عہد کا دن ہے' عبدالکریم

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں افواج پاکستان کی بے مثال خدمات اور لازوال جذبہ ایثار وقربانی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ پنجاب پولیس وطن عزیز کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے پر افواج پاکستان کو سلام پیش کرتی ہے، ملکی بقا اور سلامتی کے لیے پاک فوج کے لازوال جذبہ ایثار وقربانی کی کہیں مثال نہیں ملتی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

بہاولنگر: تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹا جاں بحق

بہاولنگر (این این آئی) تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹا جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق افسوسناک حادثہ منچن آباد روڈ پر پیش آیا جہاں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل سوار کو بری طرح کچل ڈالا۔ حادثے میں موٹر سائیکل پر سوار باپ اور بیٹا جاں بحق جبکہ دو بیٹیاں زخمی ہوگئیں،

سیکٹر 24-B میں اسٹریٹ لائٹس فعال کردی گئیں

اسٹریٹ لائٹ نے باقاعدہ کام شروع کردیا ہے

کراچی (بولان بیورو) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاسنگ اتھارٹی (FGEHA) کے کراچی افس کی جانب سے سیکٹر 24-B میں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاسنگ اتھارٹی کیپٹن ریٹائر ظفر اقبال کی خصوصی ہد(بقیہ 42 صفحہ 7پر)

شہدا، غازیوں اور قومی ہیروز کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی' کمشنر لاہور

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور نعمان یوسف نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر فاتحین، شہداء، غازیوں اور بہادروں کے نام پیغام جاری کیا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ 6(بقیہ 40 صفحہ 7پر)

6 ستمبر افواج پاکستان نے بے مثال عزم کا مظاہرہ کیا

عبدالعلیم خان

6 ستمبر تاریخ کا روشن باب ہے جب قوم اور افواج پاکستان نے بے مثال عزم کا مظاہرہ کیا

شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں' وفاقی وزیر، صدر استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے یوم دفاع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، پاک فوج اور قوم نے انیس سو پینسٹھ میں دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، اب مضبوط ا(بقیہ 43 صفحہ 7پر)

یوم دفاع مادر وطن کے ساتھ عہد وفا کا متقاضی ہے، چودھری محمد سرور

ہمیں ایک متحد قوم کی طرح پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے اپنا اپنا کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا

قیام پاکستان کی طرح 6 ستمبر دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا دوسرا بڑا دن ہے، سابق گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب اور سرور فاؤنڈیشن کے فاؤنڈر چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ یوم دفاع یقیناً مادر وطن کے ساتھ عہدو فا کا متقاضی ہے، 14 اگست قیام پاکستان کی طرح 6 ستمبر دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا دوسرا بڑا دن ہے، عوام اور افواج پاکستان کے باہمی اعتماد بیرونی جارحیت کے خلاف ناقابل تسخیر سیسہ پلائی دیوار ہے، یہ تاریخی دن ہمیں افواج پاکستان کی پیشہ(بقیہ 47 صفحہ 7پر)

جمعیت العلمائے اسلام پنجاب کا اجلاس، مولانا محمد امجد خاں صوبائی امیر مقرر

ساہیوال (این این آئی) جمعیت العلمائے اسلام پنجاب کی جنرل کونسل کا اجلاس مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن کی صدارت میں یہاں ہوا

پاکستان سنی تحریک ضلع نصیر آباد کیزیر اہتمام مگسی شاخ 40 پر سالانہ عظیم الشان میلاد شریف

میلا دشریف کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا

استامحمد (رپورٹ حنیف بلوچ) پاکستان سنی تحریک ضلع نصیر آباد کیزیر اہتمام مگسی شاخ 40 پر سالانہ عظیم الشان میلادِ شریف منعقد ہوا جس میں علاقے بھر سے بڑی تعداد میں کارکنان، عقیدت مندوں، علمائیکرام، سادات، قبائلی عمائدین اور شہریوں اور عاشقان رسول نے شرکت کی۔ (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

سیدال خان ناصر کی سابق سینیٹر وقار احمد خان کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں شرکت

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے گزشتہ شب سابق سینیٹر وقار احمد خان کے صاحبزادے کی دعوتِ ولیمہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے سینیٹر وقار احمد خان اور ان (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت عمران احمد لاشاری زرعی ادویات کا معائنہ کر رہے ہیں

شیراز نظیر عباسی کی جانب سے اپنے دفتر میں اردلی روم کا انعقاد

اردلی روم میں 98 پولیس افسران وجوانان پیش ہوئے جن میں 25 پولیس جوانان کو نوکریوں پر بحال کردیا گیا

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) ڈی آئی جی پولیس لاڑکانہ ڈویژن رینج شیراز نظیر عباسی کی جانب سے اپنے دفتر میں اردلی روم کا انعقاد، اردلی روم میں 98 پولیس افسران وجوانان پیش ہوئے جن میں 25 پولیس جوانان کو نوکریوں پر بحال کردیا گیا جن میں تین سب انسپکٹر علی بخش جلبانی، علی گوہر جویو اور سب انسپکٹر آصف علی تونیو جبکہ 8 کانسٹیبلز بمین احمد پٹھان، معیم خان گولانو، ادیب باجکانی، آزاد باجکانی، رحمت اللہ کھوسو، راحیل ستار چانڈیو، محمد بچل شاہ اور کانسٹیبل اکبر سولنگی اور قاصد ضمیر چانڈیو سمیت دیگر شامل ہیں جبکہ ڈی آئی جی شیراز نظیر نے دو جوانوں کانسٹیبل مختار رندوانی اور کانسٹیبل نظام الدین ملانو کو بطور سز(بقیہ نمبر 52 صفحہ 7پر)

فنڈز کی عدم فراہمی بلدیاتی اداروں کا 3 ہفتوں سے احتجاج جاری

وندر شہر کچرہ دان بن گیا جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے بلدیاتی اداروں کا احتجاج

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) فنڈز کی عدم فراہمی بلدیاتی اداروں کا 3 ہفتوں سے احتجاج جاری وندر شہر کچرہ دان بن گیا جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے بلدیاتی اداروں کا احتجاج وسیع ہونے سے شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام مکمل تباہ ہو چکا ہے شہر کی گلیاں روڈز سرکاری دفاتر وغیر(بقیہ 53 صفحہ 7پر)

راولپنڈی، 5 افراد زیر حراست، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

مال گاڑی کی 6 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، ایک شخص جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی سے پنجاب جانے والی ٹرین کی 6 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، ٹرین کی زد میں آکر ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔

دہشتگردی کو ختم کرنا ہے تو ہمارے ساتھ بیٹھ کر پالیسی بنائے وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا

وزیر اعلیٰ پنجاب نے 3 صوبوں کو دہشتگردی کی بنیاد قرار دیکر مودی اور بھارت کو کلین چٹ دی، وزیر اعلیٰ کے پی

دوسروں پر بیان بازی سے آپ اپنی کارکردگی کی کمزوریاں نہیں چھپا سکتے، پنجاب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانے پر کام ہو رہا ہے، عظمیٰ بخاری کا جواب

پشاور/لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے تین صوبوں کو دہشت گردی کی بنیاد قرار دیکر مودی اور بھارت کو کلین چٹ دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے بیان پر تنقید کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے عالمی موقف کو نقصان پہنچا، صوبوں کے خلاف متعصبانہ رویہ پاکستان کو تقسیم کرنے کی سوچ کا عکاس ہے۔ سہیل آفریدی کو جواب دیتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ دوسروں پر بیان بازی سے آپ اپنی کارکردگی کی کمزوریاں نہیں چھپا سکتے، پنجاب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانے پر کام ہو رہا ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز لاہور میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس ہب کی لانچنگ تقریب سے خطاب میں وز(بقیہ 59 صفحہ 7پر)

وندر، فنڈز کی عدم فراہمی پر بلدیاتی اداروں کا احتجاج جاری، وندر شہر کی مختلف گلیاں دفاتر کچرہ دان بن گئے

ساکران روڈ پر فائرنگ، ایک شخص زخمی، ہسپتال منتقل

زخمی شخص کی شناخت 35 سالہ گل حسن ولد محمد حسن کے نام سے ہوئی

حب (نمائندہ بولان) ساکران روڈ پر فائرنگ، ایک شخص زخمی، ہسپتال منتقل اس حوالے سے ایدھی ریسکیو کے مطابق ساکران روڈ صدام ہوٹل کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

بغیر بتائے راولپنڈی سے کراچی پہنچنے والے تین بچے زیر حراست

مددگار 15 سہراب گوٹھ پولیس کو 3 بچوں کی بغیر بتائے راولپنڈی سے کراچی روانگی سے متعلق اطلاع موصول ہوئی تھی

کراچی (این این آئی) سہراب گوٹھ پولیس نے بغیر بتائے راولپنڈی سے کراچی پہنچنے والے تینوں بچوں کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق مددگار 15 سہراب گوٹھ پولیس کو 3 بچوں کی بغیر بتائے راولپنڈی سے کراچی روانگی سے متعلق اطلاع موصول ہوئی تھی، مددگار 15 پولیس (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

پاکستان میں تیار گاڑیوں کی بنگلہ دیش کو ایکسپورٹ رواں ماہ شروع ہوگی

رواں سال 100 گاڑیاں آزمائشی بنیاد پر ایکسپورٹ ہونگی

پاکستانی و بنگلہ دیشی گروپ میں 5 ہزار گاڑیوں کا معاہدہ طے ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تیار کردہ گاڑیوں کی بنگلہ دیش کو آزمائشی طور پر ایکسپورٹ رواں ماہ سے شروع ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنی اور بنگلہ دیشی کاروباری گروپ کے درمیان جولائی 2026 میں پانچ ہزار گاڑیاں بنگلہ دیش ایکسپورٹ کرنے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے تھے جس کے تحت رواں سال 100 گاڑیاں آزما(بقیہ 34 صفحہ 7پر)

ملک کی سلامتی خودمختاری اور دفاع کے لئے پوری قوم متحد ہے

ولی نورزئی

یوم دفاع پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے 6 ستمبر 1965 کو مسلح افواج بھارت کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی

جب بھارت نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لاہور پر حملہ کیا تو پاک فوج کے شیر دل جوانوں نے ایسی بے مثال جرات دکھائی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ وم دفاع پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے 6 ستمبر 1965 کو مسلح افواج بھارت کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی، پاکستان کی بہادر فوج نے بھارتی افواج کا غرور خاک میں ملا دیا پوری قوم وطن عزیز کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادروں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، 1965 کی طرح معرکہ حق میں بھی پاکستان کی مسلح افواج نے ایک بار پھر یہ ثابت کردیا کہ وہ نہ صرف مادر وطن کے ایک ایک انچ کا دفاع کرنا جانتی ہیں بلکہ امن قائم رکھنے کا حوصلہ بھی رکھتی ہیں۔ یہ بات (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7پر)

انور ملاح حیدر آباد کے اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق

دو روز قبل ترائی میں خاندانی تنازع پر دو فریقین کے درمیان جھگڑا ہوا تھا،

بدین (نامہ نگار) گولارچی کے شہر ترائی میں دو روز قبل خاندانی تنازع پر بھائیوں اور بھتیجوں کے درمیان ہونے والے خونی جھگڑے میں کلہاڑیوں کے وار سے شدید زخمی ہونے والے انور ملاح حیدر آباد کے اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق دو روز قبل ترائی میں خاندانی تنازع پر دو فریقین کے درمیان جھگڑا ہوا تھا، جس کے دوران کلہاڑیوں کے وار سے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7پر)

اسرار ایوبی ضیاء الدین اسپتال میں زیر علاج، روبہ صحت

کراچی (این این آئی) ای او بی آئی کے سابق افسر تعلقات عامہ اور ڈائریکٹر سوشل سیفٹی نیٹ پاکستان اسرار ایوبی علالت (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

شیرانی، یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں کو کسی صورت نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ محمد حذیفہ مینگل

چیزل آباد گلی نمبر 7 میں ٹف ٹائل کی تنصیب کا کام جاری تھا، جسے بعض شر پسند عناصر نے دانستہ طور پر سبوتاژ کرنے اور روکنے کی کوشش کی

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے سینئر رہنما محمد حذیفہ مینگل نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ محسنِ حب میر علی حسن زہری کی جانب سے جاری ترقیاتی فنڈ کے تحت حب چیزل آباد گلی نمبر 7 میں ٹف ٹائل کی تنصیب کا کام جاری تھا، جسے بعض شر پسند عناصر نے دانستہ طور پر سبوتاژ کرنے اور روکنے کی کوشش کی انہوں نے نہ صرف سرکاری منصوبے میں رکاوٹیں ڈالیں بلکہ رات کی تاریکی میں ٹف ٹائل بھی چوری کرلی، جن کے واضح ثبوت متعلقہ ملزمان کے گھر سے برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

ہم اپنے شہدا اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، عبدالحمید رونجہ

پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) 6 (ستمبر یومِ دفاعِ پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے پاک فوج کے بہادر جوانوں اور پاکستانی قوم نے مل کر وطنِ عزیز کے دفاع کے لیے قربانیاں دے کر لازوال مثال قائم کی عبدالحمید رونجہ۔ ہم اپنے شہدا اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ پاکستان کی سلامتی ،خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یومِ دفاع ہمیں قومی اتحاد ، یکجہتی ، حب (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

دہشتگردی کا مقابلہ کرنے کیلئے ہمیں یک زبان اور متحد ہونا ہوگا عظمیٰ بخاری

جنگ ستمبر کے شہداء و غازی ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، قوم نے افواج کے شانہ بشانہ جنگ لڑی

معرکہ حق میں قوم نے 1965ء والا جذبہ حب الوطنی پھر زندہ کردیا، دشمن شکست آج تک نہیں بھولا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہری اور یادگار دن ہے، اس دن پاک فوج نے جرات و بہادری کی لازوال مثالیں قائم کیں جبکہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے بھی تاریخ رقم کی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پاکستانی قوم کا جذبہ حب الوطنی بھی دیدنی تھا۔ پاکستانی قوم نے اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ جنگ ستمبر لڑی۔ جنگ ستمبر کے شہداء اور غازی ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، قوم آج بھی ان کی قربانیوں اور بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

پی ای سی کا ملک بھر میں 1,400 گریجویٹ انجینئرز کے لیے اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ کا آغاز

نئے گریجویٹ انجینئرز کو عملی تربیت اور پیشہ ورانہ تجربے کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں

اسلام آباد (بولان بیورو) پاکستان انجینئرنگ کونسل) پی ای سی (نے گریجویٹ انجینئر ٹرینی (GET) پلیسمنٹ پروگرام کے دوسرے کوہورٹ) فیز -II: گریجویٹس آف (2025 کے تحت ایک ماہ پر مشتمل اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ کا آغاز کر دیا ہے۔ نوجوان انجینئرز کے لیے ہاس جاب پروگرام کی طرز پر شروع کیے گئے اس پروگرام کے تحت دوسرے مرحلے میں مجموعی طور پر 1,400 ٹرینی انجینئرز کو تربیت دی جائے گی۔ پہلے 700 انجینئرز کی ٹریننگ یکم سے 30 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی(بقیہ 57 صفحہ 7پر)

کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی یوم دفاع کی مناسبت سے یادگار شہداء پر پھول چڑھا رہے ہیں

نہم جماعت کے نتائج میں مبینہ ردوبدل کا انکشاف، تحقیقات کا حکم

معاملے کی تحقیقات کے لیے دورکنی کمیٹی تشکیل دیدی گئی، جو معاملے کا جائزہ لے گی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا تعلیمی بورڈ کے زیر اہتمام نہم جماعت کے نتائج میں مبینہ ردوبدل کا انکشاف ہوا ہے، نتائج میں مبینہ تبدیلی سے متعلق متعدد شکایات بورڈ کو موصول ہوگئیں۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر نذر عباس کے مطابق نہم جماعت کے نتائج میں مبینہ ردوبدل کی شکایات پر تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔ معاملے کی تحقیقات کے لیے دورکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، جو شکا(بقیہ 58 صفحہ 7پر)

سرگودھا میں درخت چوری کرنے پر 5 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے نواحی گاں 127 جنوبی میں درخت چوری کرنے پر 5 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

خیبر پختونخوا، ڈی پی او کے دفتر میں شہری کے بال بنوانے کی ویڈیو وائرل

پشاور/ہری پور (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) ہری پور کے دفتر میں شہری کے بال بنوانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او ہزارہ کو واقعے کی انکوائری کا حکم دے دیا

حیدر آباد، مال گاڑی کی 6 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، 1 شخص جاں بحق، اپ ٹریک بند

حیدر آباد (این این آئی) کراچی سے پنجاب جانے والی ٹرین کی 6 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، ٹرین کی زد میں آکر ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ریلوے پولیس حکام کے مطابق مال گاڑی کی 6 بوگیاں حیدر آباد کے قریب پٹری سے اتریں۔ ریلوے پولیس کے مطابق حادثہ کوٹری ریلوے اسٹیشن یارڈ سے نکلتے ہی پیش آیا، مال گاڑی میں کوئلہ لدا ہوا تھا ادھر ترجمان وڈی سی اور ریلویز کراچی جہاں بابر نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوٹری میں مال بردار گاڑی کی سات بوگیاں پٹری سے اتریں۔

پولیس کی کارروائی، سودی کاروبار کے الزام میں 4 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں شیرا کوٹ پولیس نے سودی کاروبار میں ملوث ہونے کے الزام میں 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا

راولپنڈی، دو منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے دو منشیات سپلائر گرفتار کرکے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔

راولپنڈی، معمولی تلخ کلامی پر خنجر کے وار کر کے شہری کو زخمی کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے معمولی تلخ کلامی پر خنجر (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

سیکورٹی فورسز کی ملک کیلئے قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائینگی

امیر حمزہ زہری

یومِ دفاعِ پاکستان، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے

یومِ دفاع ہمیں اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

حب۔ صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کا حب کے کاروباری شخصیت محمد ہاشم رند کے صاحبزادے اور محمد یونس رند کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں شرکت کے موقع پر دولہوں کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو اس موقع پر سابق چیئرمین حب وڈیرہ رجب رند، محمد ہاشم رند اور ایڈووکیٹ خورشید رند بھی موجود ہیں

لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت ملتان میں سیمینار

اساتذہ، بچوں، سول سوسائٹی اور فیلڈ سٹاف نے بھرپور شرکت کی

ملتان (نمائندہ بولان) ملتان۔ انٹرنیشنل لٹریسی ڈے کے حوالے سے لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت ملتان میں سیمینار منعقد کیا گیا جس میں اساتذہ، بچوں، سول سوسائٹی اور فیلڈ سٹاف نے بھرپور شرکت کی چیف ایگزیکٹو افیسر ایجوکیشن اتھارٹی طاہرہ عزیز مہمان (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

سوراب، ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کررہے ہیں

سندھ اسمبلی میں پی پی کی اچھل کود کی قابل مذمت ہے

حافظ نعیم

شہباز حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں غریب عوام سے چار ہزار ارب وصول کیے، آج سے مذاکرات کا آغاز ہوگا

حکومت یٹین ملک اور صومالیہ میں یرغمال پاکستانیوں کی رہائی کے اقدامات کرے، جماعت اسلامی مقبوضہ کشمیر سے پابندی ختم کی جائے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے موجودہ حکومت نااہل ترین ہے، یہ اپنی نااہلی اور کرپشن چھپانے کے لیے سارا بوجھ عوام پر منتقل کررہی ہے، پیر سے حکومت مذاکرات کا آغاز ہوگا، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو دھرنے حکومت گراؤ تحر(بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)

6 ستمبر ہمیں عظیم شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے شیخ امتیاز حسین

معرکہ حق کے بعد پاکستان کا وقار دنیا بھر میں بلند ہوا ہے

پاکستان کی مسلح افواج نے ہمیشہ قوم کی شانہ بشانہ رہتے ہوئے ملک کے دفاع میں بے مثال جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیوں کا مظاہرہ کیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم (PAHF) کے پریذیڈنٹ شیخ امتیاز حسین نے 6 ستمبر، یوم دفاع کے موقع پر قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ہماری قومی تاریخ میں بہادری، قربانی، اتحاد اور حب الوطنی کی عظیم علامت ہے انہوں نے کہا (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

سوراب فیملی پارک افتتاح کے ساتھ ہی شہریوں کی توجہ کا مرکز بن گیا

ایس ایچ او سوراب محمد یونس محمد شہی، چیف آفیسر عبدالخالق شاہوانی سمیت دیگر افسران اور معززین موجود تھے

سوراب (نامہ نگار) سوراب فیملی پارک کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے کردیا۔ افتتاحی تقریب میں دعا کی گئی، جس میں سرکاری افسران، شہریوں، خواتین، بچوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

لورالائی، اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال ریلی کی قیادت کررہے ہیں

ایس ٹی پی بدین ضلعی کونسل کا اجلاس، 5 نکاتی جدوجہد جاری رکھنے کا فیصلہ

6 اکتوبر کو ڈی سی آفس کے سامنے دھرنے کا اعلان۔

بدین (نامہ نگار) سندھ ترقی پسند پارٹی ضلع بدین کی ضلعی کونسل کا اجلاس ضلعی صدر شاہنواز سیال کی صدارت میں ترقی پسند ہاس بدین میں منعقد ہوا، جس میں ضلعی عہدیداران، تعلقہ صدور، مختلف ذیلی فرنٹوں کے رہنماں اور تعلقہ، ٹاؤن و یونین کونسل سطح کے کارکنوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی نائب صدر علی حیدر پنہور، جنرل سیکریٹری محمد اسلم مھندو، جوائنٹ سیکریٹری پنھل نظامانی، خزانچی سید گل محمد شاہ، انفارمیشن سیکریٹری غلام قادر مرادائی، رابطہ سیکریٹری ابوبکر کھچی، ترقی پسند لائرز فورم کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ ریاض مصطفیٰ آرائیں، اسٹاف کے ضلعی صدر راجا چانڈیو، ترقی پسند مزدور فیڈریشن کے (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

حماد اظہر کی گرفتاری سیاسی انتقام اور فسطائیت کی بدترین مثال ہے، پاکستان تحریک انصاف

حکومت سیاسی مخالفین کو دبانے اور تحریک انصاف کی آواز خاموش کرنے کے لیے ریاستی طاقت کا بے دریغ استعمال کر رہی ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے سابق وفاقی وزیر اور سابق رکن قومی اسمبلی حماد اظہر کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی انتقام، ریاستی جبر اور فسطائی ہتھکنڈوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں پی ٹی آئی نے کہا کہ حماد اظہر کو سیاسی بنیادوں پر مسلسل(بقیہ 55 صفحہ 7پر)

ایک لاکھ ٹن سے زائد درآمدی چینی عالمی منڈی میں فروخت کرنے کا فیصلہ

ٹی سی پی نے 1 لاکھ 7 ہزار 973 میٹرک ٹن چینی کی فروخت کیلئے ٹینڈر جاری کردیا، بولیاں 28 ستمبر کو کھولی جائیں گی

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کی منظوری کے بعد ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) نے بیرون ملک سے درآمد کی گئی چینی کے باقی ماندہ ذخیرے کو عالمی منڈی (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا یادگار دن ہے

مینا مجید بلوچ

بزدل دشمن نے لاہور پر قبضہ کرنے کے لیے رات کی تاریکی میں حملہ کیا اور پوری دنیا نے دیکھا کہ افواج پاکستان کے جری سپوتوں نے بے مثال بہادری سے دشمن کو پسپا کیا

پاک وطن کے جوانوں نے اپنی لازوال قربانیوں سے ثابت کیا کہ قومیں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں بلکہ ایمان اور حوصلے سے جیتتی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا یادگار دن ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ 6 ستمبر کو پاکستانی فوج نے نہ صرف مادر وطن کا دفاع کیا بلکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

حب، سول سوسائٹی حب لسبیلہ کا ماہانہ اجلاس حاجی رمضان شیخ کی زیر صدارت ان کے آفس میں منعقد ہورہا ہے